# MEHDI'S ARMY &
# HARMAGEDON

# لشکرِ مہدی علیہ الرضوان اور آخری جنگِ عظیم

## 2012

امریکہ کی تباہی کا سال ہوگا؟

حافظ طاہر منصور

Marfat.com




Marfat.com




وادی مجیدو، گولان کی پہاڑیاں اور بحر طبریہ کا نقشہ




آخری جنگ عظیم میں یہ علاقہ امام مہدی کا مرکز ہوگا سیٹلائٹ تصویر



Marfat.com



وادی مجیدو کا منظر



بحیرطبریہ



Marfat.com



لُد اسرائیل میں بن گوریان ائیر پورٹ



لُد ائیر پورٹ کا فضائی منظر



Marfat.com

عمران بن حصینؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کا ایک گروہ وہ ہمیشہ حق پر لڑتا رہے گا اپنے دشمن سے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آجائے گا اور عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نازل ہونگے۔ مسند احمد بن حنبل (۵۶۲/۱۹۳۵/۵)




مجمع بن جاریہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام دجال کو باب لُد کے پاس قتل کریں گے۔ سنن الترمذی (۶۷/۱۲۵/۲) یہ حدیث صحیح ہے



Marfat.com



مکہ مکرمہ نور وہدایت کا مرکز




کعبہ شریف کا اندرونی نورانی منظر



Marfat.com




مدینہ منورہ کا سیٹلائٹ سے نورانی نظارہ




مدینہ منورہ کا نقشہ دجال کے آنے پر مدینے کے راستوں پر
فرشتے مقرر رہوں گے جو دجال کو داخل نہ ہونے دینگے۔



Marfat.com

# مواجہہ شریف

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پائنتی کی جانب حضرت عیسیٰؑ کا مرقد مبارک ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ کی قبر ہے ان کا سر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شانے سے شروع ہوتا ہے ان سے متصل حضرت عمرؓ کی قبر ہے اور ان کا سر ابوبکرؓ کے شانے سے شروع ہوتا ہے






Marfat.com






غرقد کا جھاڑی دار درخت جس کے پیچھے یہودی پناہ حاصل کریں گے اسرائیل ہی میں بڑے پیمانے پر اس کی کاشت کی جاتی ہے۔





دجال ہیئر سٹائل دجال کے بال گھنگھریالے ہوں گے عورتوں اور مردوں میں یہ ہیئر سٹائل کرلنگ کے نام سے مشہور ہے




اسرائیل کا وہ طیارہ جس پر K F R لکھا ہے۔



Marfat.com



آخری جنگ عظیم میں تباہی کی ایک مثال تصویر میں نمایاں ہے۔



Marfat.com



مسجد اقصیٰ پر غاصب یہودیوں کا قبضہ ہے۔ جو آج پھر کسی ایوبیؒ کی منتظر ہے۔




امریکی صدر اوبامہ دیوارِ گریہ میں یہودیوں کے ساتھ عبادت کرتے ہوئے۔



Marfat.com

# گریٹر اسرائیل کا نقشہ

## اسرائیل مسلمانوں کے مقامات مقدسہ پر قبضے کا خواہاں ہے






Marfat.com

# لشکرِ مہدی

## اور

# آخری جنگ عظیم


مؤلف

حافظ طاہر منصور



انقلاب پبلشرز اُردو بازار لاہور

0306-4511560



Marfat.com

297-472
110100

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | لشکرِ مہدی اور آخری جنگ عظیم |
| مؤلف | حافظ طاہر منصور |
| ناشر | انقلاب پبلشرز اردو بازار لاہور |
| قیمت | 300 |

## ملنے کے پتے

مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور — مکتبہ ابن مبارک اردو بازار لاہور

مکتبہ نقوش اسلامی اردو بازار لاہور — ممتاز کتب خانہ پشاور

مکتبہ فاروقیہ مینگورہ سوات — مکتبہ عمر فاروق کراچی

مکتبہ شہید اسلام لال مسجد اسلام آباد — کشمیر بکڈپو چکوال

مکتبہ محمودیہ ژوب

اپنے شہر کے ہر بڑے کتب خانے سے طلب فرمائیں

انقلاب پبلشرز اُردو بازار لاہور

0306-4511560

Marfat.com

# پیش لفظ

تاریخ کا جب بھی مطالعہ کیا جائے تو ایک بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ ہر دور میں حق و باطل کا معرکہ جاری رہا۔ دجالی قوتیں اسلام کے خلاف برسرِ پیکار رہیں۔ لیکن پھر وقت نے دیکھا بھی کہ یہ معرکے اپنے اختتام میں ہمیشہ اسلام کی فتح کی نوید سناتے ہیں۔ تاریخ کے اوراق کو پلٹتے جائیں تو آپ کو بدر و حنین' موتہ و تبوک' قادسیہ و یرموک' ایران و روم' افغانستان و ہندوستان' شام و عراق' فلسطین اور بیت المقدس کے حق و باطل کے معرکے ملیں گے اور یہ معرکے آج ہمارے لیے باعث نمونہ ہیں۔

آج کی دنیا میں ہمیں عراق و فلسطین' افغانستان و ہندوستان میں یہ معرکے نظر آتے ہیں۔ کیونکہ ازل سے ابد تک حق و باطل کا یہ معرکہ جاری رہے گا۔ دجالی لشکر آج بھی اپنے لاؤلشکر کے ساتھ حق والوں کا محاصرہ کیے رکھے ہے۔ ہمارے سامنے دو لشکر آپس میں لڑ رہے ہیں ایک رحمٰن کے لیے اور دوسرا شیطان کے لیے۔ ایک مہدی و عیسیٰ علیہ السلام کا لشکر اور دوسرا دجال کا لشکر۔

اب ہمیں بحیثیت مسلمان سوچنا ہے کہ ہم کس لشکر کا حصہ بن رہے ہیں ایک طرف تو اہل حق اور دوسری طرف اہل باطل ہیں۔ ایک طرف دنیا کا کفر دجال کی آمد کی تیاریاں اور اس کی راہیں ہموار کرنے میں مصروف ہے اور دوسری طرف مہدی کے سپاہی' دجالی لشکر کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنے ہوئے ہیں۔ مہدی کے یہ سپاہی افغانستان و عراق میں اپنے جہادی عمل کے ذریعے دنیائے کفر کو للکار رہے ہیں۔

Marfat.com

محترم قارئین! میں نے انتہائی محنت اور جانفشانی سے یہ کتاب مکمل کی ہے اس کتاب کی تیاری میں، میں اپنے تمام دوستوں کا شکر گزار ہوں جو میری کتاب کے بارے میں راہنمائی اور حوصلہ افزائی کرتے رہے۔

میری خواہش ہے کہ یہ کتاب ہر پڑھنے والے کے لیے فائدہ مند ثابت ہو اور جہاد کے لیے نافع بن جائے۔ میری قارئین سے التماس ہے جہاں کتاب میں خامی پائیں مجھے ضرور مطلع کریں۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو حق و باطل کی سمجھ عطا فرمائے۔ حق والوں کی مدد اور اور لشکرِ مہدی میں شامل ہونے کے لیے تیاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

حافظ طاہر منصور

Marfat.com

# فہرست

## باب 1

### صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور افغانستان


قرون اولیٰ اور خراسان 11

صحابہؓ لشکرِ مہدی کے منتظر 13

عرب مجاہدین کا بیٹا 18

طالبان ایک حقیقت 19

کالے جھنڈے اور صلیبی فوج 28

خراسان اور کالے جھنڈے 30

طالبان یا پٹھان 33

ملا عمر اور خرقہ مبارک صلی اللہ علیہ وسلم 35

طالبان اور غزوہ احزاب 37

قندھار میں شہداء کا قبرستان 38

کالے اور سفید پرچموں کی آمد 41


## باب 2

### لشکر امام مہدی کے ہراول دستے کا سالار


شہید اسامہؒ 55

حسن البناءؒ سے شہید اسامہؒ تک 57


Marfat.com

| | |
|---|---|
| اسامہ شہیدؒ کی والدہ کا خواب | 59 |
| کالے جھنڈے اور خراسان | 62 |
| ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی تباہی | 64 |
| حقائق کیا ہیں؟ | 69 |
| معمارِ حرم و مدینہ شیخ اسامہؒ کی شہادت | 73 |
| امریکی صدر اوبامہ یہودی ایجنٹ | 77 |
| دجالی ٹیکنالوجی بمقابلہ مجاہدین ٹیکنالوجی | 81 |
| مجاہدین اور جدید ٹیکنالوجی | 86 |
| افغانستان امریکیوں کے لیے نیا ویت نام | 97 |

## باب3

### حضرت مہدی علیہ الرضوان اور مسیح الہدی

| | |
|---|---|
| حضرت مہدی علیہ الرضوان کون؟ | 100 |
| ظہور مہدی کی علامات | 101 |
| حضرت مہدی کی بیعت | 103 |
| حضرت مہدی کا خطبہ | 106 |
| حضرت مہدی اور جنگ عظیم | 106 |
| حارث و منصور کون؟ | 107 |
| حضرت مہدی کی جد و جہد | 109 |
| حضرت مہدی اور غزوہ ہند | 110 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| حضرت مہدی سے پہلے دنیا کا منظر نامہ | 112 |
| عدل و انصاف کا خاتمہ | 113 |
| فتنوں کی یلغار | 114 |
| فتنوں سے بچنے کے طریقے | 115 |
| حضرت مسیح الہدی کون؟ | 118 |
| حضرت مسیح الہدی کی پہچان | 120 |
| حضرت مسیح الہدی کا مشن | 120 |
| مسیح الہدی کے بعد لیڈر کون؟ | 122 |


## باب 4

### دجال


| | |
|---|---|
| دجال کون؟ | 125 |
| حضرت تمیم داریؓ دجال کے جزیرے میں | 126 |
| تمیم داریؓ سے تین سوال | 129 |
| دجال کا حلیہ | 129 |
| دجال کا جائے مقام | 130 |
| دجال کا فریب | 132 |
| یاجوج ماجوج کا خروج | 134 |
| دابۃ الارض | 137 |
| دجال کا خروج اور موجودہ صورت حال | 138 |
| سبز رنگ کی چادریں | 140 |


Marfat.com

دریائے فرات کا خشک ہو جانا 140
موسمی تبدیلی 141
دجال کا حلیہ اور موجودہ فیشن 141
بارش اور پیداوار کا کم ہونا 142
یہودیوں کی پناہ گاہ 142
دجال اور ایران 143
ایران کا جھنڈا 144
افغانستان وعراق کی حکومت اور ایران 145

## باب5

## دجالی لشکر

حزب اللہ، ایران اور اسرائیل 147
حزب اللہ کا جہاد 148
حزب اللہ اور اسرائیل ایک خفیہ معاہدہ 149
امریکی ڈالر...... انکشافات 151
بلیک واٹر دجال کا لشکر 156

## باب6

## 2012 دنیا کی تباہی نہیں امریکی تباہی کا سال ہوگا

لشکرِ مہدی کے پروانے 161
دجالی تہذیب اور ہم 164
جلد بازی سے پروان چڑھا بچہ 164

Marfat.com

| | |
|---|---|
| بچے کی ذہنی نشوونما کے مختلف مراحل | 165 |
| پیدائش سے سات سال تک | 166 |
| سات سال سے 14 سال کی عمر تک | 167 |
| پندرہ سال سے اکیس سال کی عمر تک | 167 |
| دماغ کے دائیں اور بائیں حصوں کا ارتقاء | 168 |
| بچپن میں رٹا لگانے کی اہمیت | 169 |
| بچوں کو جلد جوان کرنے میں ٹی وی اور کمپیوٹر کا کردار | 171 |
| ماں کے دودھ سے محرومی | 172 |
| بے اولاد دجال کا انسانیت کے لیے مکروہ تحفہ | 172 |
| قرآن میں ماں کے دودھ پلانے کا ذکر | 173 |
| حضورؐ پر اپنی رضاعی ماں حلیمہ سعدیہؓ کی ذہانت کا اثر | 174 |
| ماں کے دودھ کا بچے کی شخصیت بنانے میں دخل | 174 |
| ماں کے دودھ کے دیگر سائنسی فوائد | 175 |
| ماؤں کے لیے فوائد | 175 |
| زود پشیماں انسانیت | 176 |
| پاؤڈر کے دودھ کی محتاجی | 177 |
| بے اولاد دجال...... ماں کی محبت کا دشمن | 178 |
| مخلوط تعلیم کا زہر | 179 |
| اسلام مخلوط تعلیم کے خلاف ہے | 180 |
| مخلوط تعلیم کے نفسیاتی نقصانات | 181 |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| لڑکوں اور لڑکیوں کے دماغ کی ساخت میں فرق | 183 |
| لڑکوں اور لڑکیوں کے علم سیکھنے کے انداز میں فرق | 183 |
| لڑکوں اور لڑکیوں کی قوتِ سماعت میں فرق | 184 |
| مخلوط تعلیم کے دوررس زہریلے نتائج | 185 |
| غیر مخلوط تعلیم کی کامیابی کا عملی ثبوت | 186 |
| شیطانی روشنی بمقابلہ رحمانی روشنی | 188 |
| انسان میں روشنی کی فطری طلب | 190 |
| شیطانی روشنی مستعار ہوتی ہے | 192 |
| تصویر کا اصل رُخ | 192 |
| والٹ ڈزنی کے کارٹونوں کا اصل پیغام | 194 |
| ویلنٹائن ڈے | 196 |
| بت پرست رُومیوں کا تہوار | 196 |
| ویلنٹائن ڈے کی تاریخ | 197 |
| اسلام میں شادی سے پہلے کے تعلقات کی اجازت نہیں | 198 |
| جدید ٹیکنالوجی سے بے حیائی میں اضافہ | 199 |
| مسلمانوں کے دو ہی تہوار ہیں | 200 |
| مغرب کا جنسی انقلاب اور اسلام | 201 |
| کثرت حق کا معیار نہیں ہوتی | 204 |
| ہم لشکر مہدی کے سپاہی کیسے بنے گے؟ | 205 |
| کتابیات | 207 |

Marfat.com

باب 1

# صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور افغانستان

## قرونِ اولیٰ اور خراسان:

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں صحابہ کرامؓ نے یہاں اپنے قدم مبارک رکھے۔ حضرت احنف بن قیس رضی اللہ عنہ نے ایرانی بادشاہ یزدگر کو شکست دے کر افغانستان میں اس کا تعاقب کیا اور خراسان کو فتح کر لیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے کابل کو فتح کیا۔ اسی طرح مختلف وقتوں میں صحابہ کرامؓ آتے رہے اور اسلام کی تبلیغ کرتے رہے آج بھی بالاحصار کے مرکزی دروازے پر ایک قلعہ میں ۲۷ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی قبریں موجود ہیں۔ قبرستان میں ایک کتبہ نصب ہے جس میں مندرجہ ذیل اسماء مکتوب ہیں۔

جانک رضی اللہ عنہ' مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ' عبداللہ بن احنف بن قیس بن عباس رضی اللہ عنہ' قاسم عبداللہ بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' عبداللہ بن عقیل ثقفی رضی اللہ عنہ' عبدالرحمان بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ' زبیر خدری رضی اللہ عنہ' جعفر بن سعید رضی اللہ عنہ' ۔عد بن عمر رضی اللہ عنہ' حارثہ ابن سباع رضی اللہ عنہ' ابوبکر بن موذ رضی اللہ عنہ' انصار بن مالک رضی اللہ عنہ' فضیل' قیس ہنبیرہ' وحید بن عقبہ' خالد بن عبادہ' مسلم بن غزال' ہاشم' سعید' خالد بن خدری' سعد انصاری' زید ابی امین' بلال' اسد سباع' قیس انصار' ضری' اشعث بن عبداللہ' ابراہیم لاری' ابن سینہ' ابوسعید'

Marfat.com

ابن معاذ' عبداللہ' حامی' عبدالرحمٰن بن عقیل' احمد بن حامد' ہاشم بن کرز' مالک انصاری' محمد نبی خدری' عبداللہ بن ضرار' حلم ' عبدالرحمان' عمر انصاری اور عبداللہ بن ہشیم۔

یہ سارے نام اسی ترتیب سے نصب شدہ کتبہ میں مکتوب ہیں۔ اب یہ معلوم کرنا مشکل ہے کہ ان میں صحابہؓ کتنے ہیں اور تابعینؒ کتنے ہیں؟ اور کن کی شہادت (یاوفات) کب ہوئی؟ اس قبرستان میں کچی اینٹوں سے بنی ہوئی ایک کافی لمبی (تقریباً بارہ فٹ) قبر ہے۔ جس کے سرہانہ پر موجود کتبہ پر یوں مکتوب ہے۔

''عبداللہ ابن احنف بن قیس ابن عباس عم رسول ﷺ''

ان صحابیوںؓ نے نہ صرف اسلام کی تبلیغ کی بلکہ کئی عرب خاندانوں کو لا کر یہاں آباد کیا۔

44 ھ میں حضرت امیر معاویہؓ نے زیاد بن ابیہ کو بصرہ' خراسان اور سیستان کا حاکم مقرر کیا اور اسی سال زیاد کے حکم سے عبدالرحمان بن ربیعہؓ نے کابل کو فتح کر کے اہل کابل کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔ بعض مورخین عبدالرحمان بن سمرؓ کو فاتح کابل قرار دیتے ہیں۔ 63 ھ میں یزید بن معاویہؓ نے مسلم بن زیاد کو سیستان اور خراسان کا حاکم متعین کیا۔ مسلم نے اپنے چھوٹے بھائی یزید بن زیاد کو سیستان کی حکومت سپرد کر دی۔

اسی سال یزید بن زیاد کو اطلاع ملی کہ کابل کے بادشاہ نے سرکشی کرتے ہوئے مسلمانوں کے حاکم ابوعبداللہ بن زیاد کو قید کر لیا۔ اطلاع پاتے ہی یزید بن زیاد نے ایک زبردست لشکر کے ساتھ کابل پر فوج کشی کی' لیکن شکست مقدر ٹھہری اور بہت سے مجاہدین شہید ہو گئے۔ جب مسلم بن زیاد کو اس قید بامشقت اور شکست کی خبر ملی تو طلحہ بن عبداللہ بن حنیف (جو طلحہ الطلحات کے نام سے مشہور ہے) کو کابل روانہ کیا' طلحہنے پانچ لاکھ درہم ادا کر کے ابوعبداللہ کو شاہ کابل کی قید سے آزاد کرا لیا۔ اس کے کچھ عرصہ کے بعد طلحہ نے کابل پر لشکر کشی کر کے کابل کو فتح کر لیا اور خالد بن عبداللہ کو کابل کا حاکم مقرر کیا۔

Marfat.com

169ھ بمطابق 785ء میں تمیم بن سعید نے سیستان کا حاکم مقرر ہو کر کابل کے خلاف جنگ لڑی۔ 193ھ بمطابق 808ء میں ہارون الرشید اپنے لشکر کے ہمراہ خراسان آیا اس وقت زد طہاسب کی نسل سے حمزہ بن عبداللہ سیستان پر قابض تھا۔ دین اسلام نے یہاں کے تمام باطل مذاہب کی جڑ کاٹ دی۔ عربی زبان اور رسم الخط پورے ملک میں پھیل گیا تھا۔ یہاں بڑے بڑے شہروں میں اسلامی مرکز اور مکاتب کھل گئے۔

افغانستان کی سرزمین نے بڑے بڑے علماء کرام اور جید عالم' مفسر' مفکر پیدا کئے۔ ان میں محمد بن اکرم رحمتہ اللہ علیہ' ابو اسحاق جوز جانی رحمتہ اللہ علیہ' ابراہیم ادھم رحمتہ اللہ علیہ' شفیق بلخیؒ' ابو سلیمان موسیٰ امام رحمتہ اللہ علیہ وغیرہ شامل ہیں۔ یہ آئمہ حضرات اور اولیاء اللہ سب طالبان ہی تو تھے جو امارت اسلامیہ کی بحالی اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا جوش اور ولولہ رکھتے تھے ان میں تزکیہ باطن اور اصلاح نفس کی فکر' اعمال صالحہ کی پابندی' کثرت ذکر' سادہ زندگی' عیش وعشرت سے کنارہ' حکمرانوں اور امراء کے درباروں سے لاتعلقی' گھڑ سواری' پہلوانی اور دیگر فنون حرب کی مسلسل مشق و ریاضت ان کے نمایاں اوصاف تھے ان کا لباس درویشانہ و سپاہیانہ علامات کا امتزاج ہوا کرتا تھا جس کے باعث وہ دور سے پہچانے جاتے تھے۔ یہ ان لوگوں ہی کی تحریک تھی جس نے جہاد روس کی بدولت انہی صفات کی حامل ایک تازہ دم نوجوان نسل تیار کردی جو طالبان کی شکل میں آج بھی سرگرم عمل ہے اور کفر کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے۔

## صحابہؓ لشکرِ مہدی کے منتظر:

حضرت ابو الطفیل رضی اللہ عنہ محمد بن الحنفیہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں کہ محمد بن الحنفیہ نے کہا کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھے تھے کہ ایک شخص نے ان سے مہدی کے بارے میں پوچھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بر بنائے لطف فرمایا! دور ہو' پھر ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ مہدی کا ظہور آخرِ زمانہ میں ہوگا (اور بے دینی کا اس قدر غلبہ ہوگا کہ) اللہ کے نام لینے والے کو قتل کر دیا جائے گا (ظہور مہدی کے

Marfat.com

وقت) اللہ تعالیٰ ایک جماعت کو ان کے پاس اکٹھا کر دے گا۔ جس طرح بادل کے متفرق ٹکڑوں کو مجتمع کر دیتا ہے اور ان میں یگانگت و الفت پیدا کر دے گا۔ یہ نہ تو کسی سے متوحش ہوں گے اور نہ کسی کو دیکھ کر خوش ہوں گے (مطلب یہ کہ ان کا باہمی ربط و ضبط سب کے ساتھ یکساں ہوگا) خلیفہ مہدی کے پاس اکٹھا ہونے والوں کی تعداد اصحاب بدر کی تعداد کے برابر (یعنی 313) ہوگی۔

اس جماعت کو ایسی (خاص جزوی) فضیلت حاصل ہوگی جو ان سے پہلے والوں کو حاصل ہوئی ہے' نہ بعد والوں کو حاصل ہوگی۔ نیز اس جماعت کی تعداد اصحاب طالوت کی تعداد کے برابر ہوگی۔ جنہوں نے طالوت کے ہمراہ نہر (اردن) کو عبور کیا تھا۔ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ محمد بن الحنفیہ رحمۃ اللہ علیہ نے مجمع سے پوچھا! کیا تم اس جماعت میں شریک ہونے کا ارادہ اور خواہش رکھتے ہو؟ میں نے کہا کہ ہاں!!! تو انہوں نے (کعبہ شریف کے) دو ستونوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ خلیفہ مہدی کا ظہور انہی کے درمیان ہوگا۔ اس پر میں نے کہا کہ بخدا میں ان سے تاحیات جدا نہ ہوں گا۔ (راوی حدیث کہتے ہیں) چنانچہ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ کی وفات مکہ معظّمہ ہی میں ہوئی۔

اس حدیث شریف کو شیخ الاسلام حضرت سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک رسالہ "الخلیفۃ المہدی فی احادیث الصحیحہ" میں نقل فرمایا ہے۔

(ص 37 بحوالہ مستدرک' ج 4' ص 554)

832ء سے عباسیوں کے مقرر کردہ امیر طاہر بن حسین نے اپنی خودمختاری کا اعلان کر دیا۔ 834ء میں خوارج کے ایک رکن یعقوب نے آل طاہر کی حکومت کا خاتمہ کر دیا اور کابل' پشاور' ملتان کے تمام بادشاہوں کو اپنا مطیع بنالیا۔ 888ء میں ماورا لنہر کے امیر نوح بن احمد بن سامان کے بھائی اسماعیل نے ماوراء النہر اور خراسان پر قبضہ کرلیا تھا۔

Marfat.com

976ء میں جب ساسانی حکمرانوں کا دور آیا اور غزنی پر لودھی حکمران کی حکومت قائم ہوگئی۔ محمود غزنوی نے افغانستان کو بھی فتح کر کے غزنی کو اپنا پایہ تخت بنا دیا۔ 1157ء تک موجودہ ملک افغانستان کا پورا علاقہ غزنویوں کی سلطنت میں شامل رہا۔ غزنی دور میں اسلام پوری طرح رائج ہوگیا۔ اس دور میں البیرونی' ابن سینا اور ابوالفضل جیسے فاضلین نے جنم لیا۔ 1220ء میں تاتاریوں نے اپنے دور کا آغاز کیا۔ چنگیز خان نے ہر چیز کو اپنے گھوڑوں کے قدموں تلے روند ڈالا۔ 1385ء میں تاتاری حکمران امیر تیمور نے خاندان کرت کا خاتمہ کیا۔

1545ء ہمایوں نے قندھار کو فتح کر لیا اور چند ماہ کے بعد کابل کو بھی حاصل کر لیا اورنگزیب عالمگیر کے عہد میں افغان حکمرانوں نے اپنی سلطنت کو مضبوط کرلیا۔ 1737ء میں ایران کے بادشاہ نادر شاہ افشار نے افغانستان میں تیموری سلطنت کا خاتمہ کردیا۔ 1747ء میں احمد خان نے قندہار سے آ کر ہرات پر حکومت قائم کر لی۔ یہی احمد خان بعد میں شاہ احمد درانی کے نام سے مشہور ہوا۔ 1832ء میں انگریز فوج نے درہ بولان کے راستے قندھار پر چڑھائی کی۔ 1842ء میں انگریزوں نے کابل پر قبضہ کر لیا۔ 1878ء سے 1880ء تک انگریزوں اور افغانوں کے درمیان شدید جنگ رہی۔

1919 امان اللہ تخت نشین ہوا اور اس نے انگریزوں سے اپنے علاقے واپس لینے کیلئے جنگ شروع کردی۔ 1919ء میں روس نے حکومت افغانستان کو اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ جس کے نتیجے میں 8 اگست 1919ء برطانیہ نے افغانستان کی آزاد حکومت کو تسلیم کر لیا۔ 1929ء میں ایک تاجک سردار حبیب اللہ بچہ سقہ نے کابل پر قبضہ کرلیا۔ 1934ء میں افغانستان جمعیت قوام کا رکن بنا۔ 1973ء میں ظاہر شاہ کی حکومت کا تختہ اس کے برادر نسبتی لفٹیننٹ جنرل سردار داؤد خان نے الٹ دیا۔ 1978ء میں روس کی شہ پر کمیونسٹ "خلق پارٹی" کے لیڈر نور محمد ترکئی نے صدر داؤد

Marfat.com

خان کو قتل کر کے "سرخ کمیونسٹ انقلاب" برپا کر دیا اور افغانستان پر کمیونسٹ حکومت قائم کر دی۔ اسے "انقلاب ثور" کا نام دیا گیا۔ اس کے کرتا دھرتا کمیونسٹ تھے جن کا لیڈر نور محمد ترکئی تھا۔ ترکئی ہی کی پارٹی میں ایک اور شخصیت ابھر کر سامنے آئی۔ اس کا نام حفیظ اللہ امین تھا۔ جس نے 1979 میں ترکئی کو قتل کر کے اقتدار پر قبضہ کر لیا۔

مارچ 1979ء میں ببرک کارمل صدر مملکت مقرر کیا گیا۔ 25 دسمبر 1979ء کو جب مغربی دنیا کرسمس کی تقریبات میں مصروف تھی۔ روسی سرخ فوج کے میکانائزڈ ڈویژن اور اس کی فضائیہ دریائے آمو عبور کر کے افغانستان میں داخل ہو گئی۔ ایک لاکھ سے زیادہ مسلح روسی فوج نے کابل پر قبضہ کر لیا۔ 1980ء کا عشرہ اس اعتبار سے بہت اہم عشرہ تھا اس میں نہ صرف روسی افواج کو واپس جانا پڑا بلکہ افغانستان کی نئی قیادت نے بھی ابھرنا شروع کر دیا۔ 14 فروری 1989ء تک تمام روسی سپاہ افغانستان سے نامراد ہو کر نکل چکی تھی۔ روسی فوج کا سب سے آخری سپاہی 45 سالہ Lt.Gen.Bonis Gromov تھا۔ اس نے بغیر پیچھے دیکھے سیدھا چلتے ہوئے سرحد پار کی۔ روس کے صدر گورباچوف نے اس جنگ کو روس کے "رستا ہوا ناسور" Bleeding Wound کا نام دیا تھا۔

اپریل 1992 میں کابل میں صدارت پر جناب صبغت اللہ مجددی فائز تھے اور وزارت دفاع کمانڈر احمد شاہ مسعود کے پاس تھی' مگر ابھی تک کابل کی تمام اہم تنصیبات پر اور حکومتی اداروں پر رشید دوستم کی "گلم" ملیشیا کا قبضہ تھا۔ 25 اپریل 1992 کو جنوب کی جانب سے حزب اسلامی کے مجاہد کابل شہر میں داخل ہوئے۔ حزب اسلامی نے قصر صدارت' وزارت داخلہ اور صدارتی محل کے قریب واقع دفاتر اور ٹیلی گراف آفس اور دیگر اہم مقامات پر قبضہ کر لیا۔

25 اپریل کی رات دوستم ملیشیا نے ان مجاہدین پر حملہ کر دیا۔ 28 اپریل کو "معاہدہ پشاور" کے بعد جنگ بندی ہوئی۔ 6 مئی تک جنگ بندی بار بار ٹوٹتی رہی۔

Marfat.com

لیکن اس دوران مجاہد تنظیموں کے درمیان اختلافات بھی منظر عام پر آنے لگے تھے۔ جون 1992 میں صبغت اللہ مجددی کے دور میں امریکی اور مغرب نے افغانستان میں مجاہدین کی دو بڑی جماعتوں حزب اسلامی اور جمعیت اسلامی کو باہم لڑانے اور کابل میں اقتدار سے دور کرنے کے لیے ہر ممکن کاوش کی، لیکن حکمت یار اور جمعیت اسلامی کے احمد شاہ مسعود کے درمیان ''معاہدہ ضیاء الحق'' نے صورتحال کو پلٹ دیا۔

مارچ 1993 میں میاں نواز شریف وزیر اعظم پاکستان، قاضی حسین احمد، جنرل حمید گل، اور دوسرے رفقاء کی کوششوں سے ''معاہدہ امن'' کا اعلان ہوا۔ جسے ''معاہدہ اسلام آباد'' بھی کہا جاتا ہے۔ صدر اور وزیر اعظم (حکمت یار) کی دو سالہ مدت 28 جون 1994 کو ختم ہو رہی تھی کہ اچانک قلعہ بالا حصار پر ان ان دونوں فوجی دستوں میں تصادم نے سب کچھ تلپٹ کر دیا۔ حملے کی ابتداء صدر کے دستوں کی طرف سے ہوئی تھی...... جنگ کے تیسرے روز رشید دوستم کے طیارے دور شمال سے مزار شریف کی طرف سے آئے اور جدید شہر (کابل) میں واقع صدر ربانی کے فوجی مراکز اور مورچوں پر بمباری کی۔ دارالحکومت کابل میں مجاہدین کے فاتحانہ داخلہ کو 29 ماہ گزر چکے، مگر ابھی تک افغانستان میں ملک گیر مستحکم حکومت کے آثار نظر نہیں آرہے تھے۔

افغانستان میں متفقہ مرکزی حکومت قائم نہ ہو سکنے کے نتیجے میں مجاہد تنظیمیں کم وبیش مسلح سیاسی جماعتوں کی صورت اختیار کر چکی تھی۔ ان کے درمیان تنازع حل ہونے اور نہ ہونے کی حالت پونے تین برس قائم رہی۔ یہاں تک کہ حضرت احنف بن قیسؓ کی اسلامی تحریک کے تربیت یافتہ نوجوان جو نسل در نسل اپنے ادوار میں اسلامی خلافت کی بحالی، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتے رہے اچانک 1993 میں ''طالبان'' کی صورت میں ظہور ہوئے۔ جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے افغانستان پر کنٹرول حاصل کر لیا اور اسلامی خلافت کی یاد تازہ کر دی۔

Marfat.com

## عرب مجاہدین کا بیٹا:

تیسری صدی ہجری کے وسط میں جنوبی افغانستان میں صالح بن نصر کنانی ایک مرد مجاہد نے خارجیوں اور مرتدوں کے خلاف بے پناہ کامیابی حاصل کی۔ جس وقت صالح بن نصر ان خارجیوں کے خلاف نبرد آزما تھا انہی دنوں میں صوبہ نیمروز کے شہر زرنج میں ایک یعقوب بن لیث صفاری نامی ایک غریب اور گم نام نوجوان تلاش روز گار کے سلسلے میں آیا۔ یہاں معمولی کام کے ذریعے وہ روزانہ آدھا درہم کمانے لگا۔ اسی دوران یعقوب کو مجاہدین اور خارجیوں کے درمیان معرکوں کا علم ہوا۔ دینی حمیت نے اسے چین سے نہ بیٹھنے دیا اور وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر صالح بن نصر کی خدمت میں جا پہنچا۔ صالح بن نصر کی ماتحتی میں اس نے خارجیوں کے خلاف زبردست کارنامے سرانجام دیئے۔

یعقوب کی صلاحیتوں کو دیکھتے ہوئے صالح بن نصر نے اسے پہلے بست کا ناظم اور پھر اپنا جانشین بنا دیا۔ صالح بن نصر کے بعد یعقوب بن لیث نے ان پر جوش کارکنوں کی قیادت سنبھالی جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا زدبرست ولولہ رکھتے تھے۔ 230ھ اور 235 ھ کے دوران یعقوب بن لیث نے ترکستان اور افغانستان کے دیگر علاقوں کو زیر کر کے وہاں اسلام کا بول بالا کیا۔ یعقوب بن لیث کی زندگی قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی حمیت دینی' بادہ نشینان عرب کی جفا کشی اور سرفروشان اسلام کی بلند نگاہی کا مرقع تھی۔ اس کی غذا انتہائی سادہ تھی اور لباس درویشانہ' وہ زمین پر بیٹھنے اور سونے کا عادی تھا شعائر اسلامیہ کے استحکام اور حدود اللہ کے نفاذ کا زبردست جذبہ رکھتا تھا فتوحات کے دوران اس کے کہے ہوئے یہ اشعار اس کے جذبات کی عکاسی کرتے ہیں......

ترجمہ: ''خراسان اور فارس میرے قبضے میں آ چکے ہیں اور میں عراق پر قبضہ کرنے سے بھی مایوس نہیں ہوں۔ اس لیے کہ دینی شعائر اس طرح ضائع اور بے کار ہو گئے ہیں کہ اب وہ بوسیدہ نشانیاں معلوم ہوتی ہیں''۔

Marfat.com

## طالبان ایک حقیقت:

حقیقت تو یہ ہے کہ طالبان کسی حادثے کا نتیجہ نہیں بلکہ اس نظریاتی جماعت کا قیام تو اس وقت عمل میں آ رہا تھا جب آج سے ساٹھ ستر سال قبل برطانوی ہند کے ماتحت ایک اور نظریاتی جماعت مسلم لیگ پاکستان بنانا چاہتی تھی۔ جس وقت متحدہ ہندوستان میں محمد علی جناح اور اس کے ساتھی ایک علیحدہ وطن حاصل کرنا چاہ رہے تھے۔ عین اسی وقت مولانا عبیداللہ سندھی افغانستان میں ایک اور نظریاتی ریاست کی بنیاد رکھ رہے تھے۔ مولانا شیخ الہند محمود حسنؒ اسی زمانہ میں جمعیت انصار کے نام سے شاہ ولی اللہ کی فکر سے متعلق افراد کو اکٹھا کر چکے تھے۔

تحریک فرنگی استبداد سے آزادی حاصل کرنے کے لیے روز بروز برصغیر میں مقبول ہوتی گئی۔ یہ جنگ عظیم اول کا زمانہ تھا اور اس غیر معمولی اہمیت کی حامل تحریک کا آغاز اور کامیابی کی جدو جہد کے لیے مولانا محمود حسنؒ نے موزوں ترین جگہ کابل کو قرار دیا۔ یاغستان میں شیخ الہند کی انقلابی تحریک زوروں پر تھی۔ مولانا سندھی 15 اکتوبر 1915 کو کابل پہنچے اور سات سال کے مختصر عرصے میں کابل کو تحریک آزادی ہند کا اہم مرکز بنادیا۔ بلاشبہ طالبان اسلاف کی مساعی جمیلہ کی برکت اور قافلہ ولی اللہ کے سینکڑوں برس قبل بوئے ہوئے بیج کا ثمر ہیں۔ اگر تحریک آزادی ہند کو اور پھر علماء دیوبند کی کاوشوں کو سامنے رکھا جائے تو افغانستان کی موجودہ نفاذ شریعت کی نوعیت سمجھ میں آسکتی ہے۔

13 جنوری 1925 مراد آباد (ہند) میں علماء کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس کے صدر ابوالمحاسن محمد سجاد نقشبندی نے اپنے خطبہ صدارت میں فرمایا۔

"مسلمانوں کے لیے سب سے بڑھ کر ام المسائل مسئلہ خلافت کا ہے۔ جو ہنوز لاینحل ہے اور آج دنیا اس وقت بلا خلیفہ کے زندگی بسر کر رہی ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اسی طرح 14 مارچ 1926 کے اجلاس میں سید سلیمان ندوی نے خطبہ صدارت میں فرمایا:

Marfat.com

''اسلام کا اصول اس بات کا بھی متقاضی ہے کہ تمام دنیائے اسلام میں مسلمانوں کا ایک مذہبی پیشواء اور امام ہو۔ اس کا اتحاد جو تمام دنیا کے مسلمانوں کے لیے رشتہ اسلامی اور رابطہ وحدت کا کام دے اور مذہبی شعائر کا اجراء کرائے۔ اس کا نام چاہے تم ''حکم'' رکھو' امام رکھو یا امیر المومنین''۔

یہ بیسویں صدی کی ابتداء کی باتیں ہیں اور پھر جب یہ صدی اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی یعنی دو چار سال باقی تھے کہ سرزمین افغانستان سے اسلامی خلافت کے قیام کا مژدہ سنائی دیا اور طالبان کے امیر نے امیر المومنین کا لقب اختیار کر کے ملت اسلامیہ کو ایک مرتبہ پھر ایک مرکز پر جمع ہونے کی دعوت دے دی۔ مولانا عبید اللہ سندھیؒ نے اپنے ایک مضمون ''اسلام کے عالمگیر'' پروگرام کی تاریخ میں لکھا ہے۔

''قرآنی انقلاب کا پہلا مرکز فاران کی چوٹی ہے۔ یہ ابتدائے اسلام اور آغاز وحی کا سنہرا دور ہے۔ اس وقت عرب میں مشرق کی سب سے بڑی طاقت کسریٰ اور مغرب کی سب سے بڑی طاقت قیصر شکست کھا کر ذلت اور رسوائی سے مٹ گئی اور اس کا دوسرا مرکز غزنی ہے۔ جہاں فارسی بولنے والے مسلمانوں نے بغداد سے بین الاقوامی دعوت کا سبق سیکھ کر بخارا کے راستے غزنی کو اپنا نشیمن بنا لیا۔ ہمارا خیال ہے کہ ''و آخرین منھم لما یلحقوا بھم'' کی آیت میں جس قوم کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ وہ یہی ''افغان قوم'' ہے۔

دنیا کے عظیم مورخین میر لڈم' ہیر ڈوٹس اور ابن خلدون نے دنیا کی آخری جنگ کا نقشہ کسی حد تک اسی قسم کا کھینچا ہے۔ مشہور نصرانی پیشین گو ''ناسٹراڈیمس'' نے بھی تیسری جنگ عظیم سے متعلق پیشن گوئی کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ:

''اونچی عمارتیں تباہ ہو جائیں گی۔ کالی اور سفید پگڑیوں والے عظیم طاقتوں کو شکست دیں گے۔ دنیا سے انسانوں کے مٹنے کا وقت قریب آجائے گا۔

طالبان کی تحریک سیاہ جھنڈوں یعنی سیاہ و سفید پگڑیوں' اور ایسے ڈھیلے ڈھالے اور سادہ لباس کے ساتھ شروع ہوئی جس کی ہیئت نے لوگوں کو حیرت زدہ کر

Marfat.com

دیا۔ افغانستان میں سیاہ پگڑیوں اور قابل التفات لباس طالبان کی تحریک کا ظہور اس بات کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ کشت وخون اور جنگ و جدال کا آغاز ہونے والا ہے۔ تحریک طالبان ہی روس کا شکست بنی۔ اسے سنت اور آثار میں چھوٹے سیاہ جھنڈوں کا نام دیا گیا ہے یہ جھنڈے ان بڑے سیاہ جھنڈوں سے الگ ہیں جو بنو عباس (شیعہ ایران) کے تھے اور وہ افغانستان میں طالبان کے سیاہ جھنڈوں سے ایک عرصہ پہلے نکل چکے ہیں طالبان سیاہ جھنڈوں والے سنی ہیں نہ کہ شیعہ۔ آثار نبوی میں یہی جھنڈے مراد ہیں۔

فلفی، صوفی یا دانشور تو رہے ایک طرف، تاریخ کے ایک بہت بڑے سائنس دان ''آئن سٹائن'' سے جب ایک مرتبہ پوچھا گیا۔ ''کہ تیسری جنگ عظیم کے بارے میں بتائیں'' تو انہوں نے جواب دیا۔ ''تیسری جنگ عظیم کے بارے میں تو میں کچھ نہیں بتا سکتا البتہ چوتھی جنگ عظیم نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت انسان کے پاس کھونے کے لیے مزید کچھ نہیں بچے گا۔''

یہ نظریہ اضافت کے دریافت کرنے والے دنیا کے عظیم سائنس دان آئن سٹائن کے الفاظ ہیں۔ آئن سٹائن جانتے تھے کہ ولاسٹی کے مربع کی مقدار کو مادہ کے ساتھ ضرب دی جائے تو مادہ فنا ہو جاتا ہے اور انرجی پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا نسان کی فطرت کو دیکھتے ہوئے انہیں یقین تھا کہ انسان مادہ فنا کر کے رہے گا۔

ان شخصیات کی پیشن گوئیاں اپنی جگہ پر ہمیں تو نبی کریم ﷺ کی بعض حدیثوں میں اور علماء کرام بھی کہہ رہے ہیں کہ ان احادیث میں موجودہ زمانے کی عظیم اسلامی جنگ کے اشارے موجود ہیں۔ مولانا اکرم اعوان (امیر تنظیم الاخوان) اور کئی دوسرے علماء کرام نے تو باقاعدہ موجودہ تمام معرکے کو ''غزوہ ہند'' کا نام دے رکھا ہے۔

آپ ﷺ نے افغانستان اور وسط ایشیا کی ریاستوں کے جغرافیائی رخ کی جانب اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

''مجھے اس طرف سے اسلام کی خوشبو آئی ہے۔ ایک اور حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح اشارہ کر کے فرمایا ''مجھے اس طرف سے ٹھنڈی ہوا آتی ہے۔''

امام زہریؒ کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے۔

''کالے جھنڈے خراسان سے نکلیں گے تو جب وہ خراسان کی گھاٹی سے اتریں گے تو اسلام کی طلب میں اتریں گے کوئی چیز ان کے آڑے نہیں آئے گی سوائے اہل عجم کے جھنڈوں کے جو مغرب سے آئیں گے''۔ (کنزالعمال 11/162)

**عن ابی ھریرہ مرفوعاً اذا اقبلت الرایات السود من قبل المشرق فلا یردھاشی ء حتی تنصب بایلیاء.**

(ترمذی۔ مسند احمد)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب کالے جھنڈے مشرق سے نکلیں گے تو ان کو کوئی چیز نہیں روک سکے گی حتیٰ کہ وہ ایلیا (بیت المقدس) میں نصب کردئے جائیں گے۔

آپ ﷺ کے زمانہ مبارک میں خراسان کی حدود عراق سے ہندوستان تک اور شمال میں دریائے آمو تک پھیلی ہوئیں تھیں۔ اس وقت طالبان کے افغانستان میں وہ لشکر منظم ہو رہا ہے۔ باوجود تمام کوششوں کے دجالی قوتیں اس کو ختم نہیں کر سکی ہیں بلکہ مجاہدین ان پر تابڑ توڑ حملے کر رہے ہیں۔ عرب مجاہدین (القاعدہ) کا پرچم بھی کالے رنگ کا ہے اور انشاء اللہ تمام طوفانوں کا سینہ چیرتا ہوا یہ لشکر بیت المقدس فتح کرے گا۔ (واللہ اعلم)

اس حدیث میں جو یہ ذکر ہے کہ اس لشکر کو کوئی روک نہیں سکے گا تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کے راستے میں رکاوٹیں نہیں آئیں گی' بلکہ رکاوٹیں تو بہت ہوں گی لیکن یہ ساری رکاوٹوں کو عبور کرتے ہوئے بیت المقدس تک پہنچیں گے۔ مبارک باد کے مستحق ہیں وہ نوجوان جوان حدیثوں کو سمجھ کر اس وقت افغانستان کے پہاڑوں کو اپنا مرکز بنا رہے ہیں۔ اس حدیث میں ان مجاہدین کے لئے خوشخبری ہے کہ دجالی

||٥|٥٥

Marfat.com

تو تیں اس خطہ پر آگ برسا کر آگ کے سمندر میں کیوں نہ کر دیں لیکن محمد عربی ﷺ کا رب اس لشکر کو ضرور منظم فرمائے گا۔ جو تاریخ کے دھاروں کو اور دنیا کے نقشے کو تبدیل کر کے رکھ دے گا۔ (انشاء اللہ)

**عن الزهری قال تقبل الرایات السود من المشرق یقود هم رجال کالبخت المجللة اصحاب شعور انسابهم القرای و اسمائهم الکنیٰ یفتحون مدینة دمشق ترفع عنهم الرحمة ثلاث ساعات.**

(کتاب الفتن نعیم بن حماد ج ا ص ۲۰۲)

ترجمہ: امام زہری سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کالے جھنڈے مشرق سے آئیں گے جن کی قیادت ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہوگی جو جھول پہنی خراسانی اونٹنیوں کے مانند ہونگے' بالوں والے ہونگے' انکے نسب دیہاتی ہونگے اور ان کے نام کنیت (سے مشہور) ہونگے' وہ دمشق شہر کو فتح کریں گے۔ تین گھنٹے رحمت ان سے دور رہے گی۔

اس روایت میں مشرق سے آنے والے مجاہدین کی چند نشانیاں بتائی گئی ہیں۔

(۱) ان کے لباس ڈھیلے ڈھالے ہونگے۔

(۲) بالوں والے ہونگے۔

(۳) انکے نسب دیہاتی ہونگے۔

(۴) وہ اپنے اصل ناموں کے بجائے کنیت (Surname) سے مشہور ہونگے۔

اہل علم حضرات کو چاہئے کہ وہ نور نبوت کی روشنی میں ان تمام نشانیوں کے حامل افراد کو تلاش کرتے رہیں۔

**عن هلال بن عمرو قال سمعت علیاً یقول قال النبی ﷺ یخرج رجل من وراء النهر یقال له الحارث حراث علی مقدمته رجل یقال له منصور یوطی او یمکن لال محمد کما مکنت قریش لرسول الله ﷺ و جب علی کل مومن نصره او قال اجابته** (ابوداؤد 3739)

Marfat.com

ترجمہ: ہلال ابن عمرو نے فرمایا میں نے حضرت علیؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا ایک شخص ماوراء النہر سے چلے گا اسے حارث حراث (کسان) کہا جاتا ہوگا۔ اس کے لشکر کے اگلے حصہ (مقدمۃ الجیش) پر مامور شخص کا نام منصور ہو گا۔ جو آل محمد کے لئے (خلافت کے مسئلہ میں) راہ ہموار کرے گا یا مضبوط کریگا جیسا کہ اللہ کے رسول ﷺ کو قریش نے ٹھکانہ دیا تھا' سو ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اس لشکر کی مدد و تائید کرے' یا یہ فرمایا کہ (ہر مسلمان پر واجب ہوگا کہ وہ) اس شخص کی اطاعت کرے۔

ماوراء النہر دریائے آمو کے اس وسط ایشیائی (Centeral Asia) ریاستوں کے علاقوں کو کہا جاتا ہے۔ جن میں ازبکستان' تاجکستان' ترکمانستان' آذربائیجان' قازقستان اور چیچنیا وغیرہ شامل ہیں یا تو یہ لشکر چیچنیا ازبکستان وغیرہ ہی سے حضرت مہدی کی حمایت کے لیے جائے گا یا پھر یہ حارث نامی مجاہد اس لشکر کے ساتھ ہونگے جس کا ذکر گزشتہ خراسان والی حدیث میں آیا ہے۔ (واللہ اعلم)

واضح رہے کہ اس وقت خراسان (افغانستان) میں دجالی قوتوں سے بر سر پیکار مجاہدین میں بڑی تعداد ازبک مجاہدین کی بھی ہے۔ جنہوں نے افغانستان میں اب تک امریکہ کے خلاف ہونے والی کارروائیوں میں ایسی ہمت و شجاعت کا مظاہرہ کیا ہے کہ عرب ساتھی بھی ان کی ہمت و بہادری کی داد دیئے بغیر نہ رہ سکے۔ نیز طالبان کی پسپائی کے وقت تک تمام مہمان مجاہدین کی قیادت بھی امیر المومنین (ملا عمر حفظہ اللہ) نے ازبک مجاہدین ہی کو سونپ رکھی تھی۔ یہ بھی امکان ہے کہ افغانستان ہی سے یہ مجاہدین اس لشکر کی قیادت کریں۔ اللہ نے اس قوم کو بہت نوازا ہے۔ علامہ ابوالحسن علی ندویؒ نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ...... سوویت یونین کی ستر سالہ بد ترین غلامی کے باوجود اپنا ایمان بچانا یہ ترک قوم کا ہی طرہ امتیاز ہے ورنہ کوئی اور قوم ہوتی تو شاید اس غلامی میں اپنا ایمان نہ بچا پاتی۔

نئی صدی کے پہلے سال میں ہی حالات نے کچھ ایسا رخ اختیار کر لیا ہے کہ اب جنگ عظیم کے بارے میں کسی بڑی پیشن گوئی کی ضرورت نہیں رہی۔ اب تو ہر

Marfat.com

دوسرا تیسرا لکھاری موجودہ حالات کو جنگ عظیم کا پیش خیمہ بتا رہا ہے۔ اگر واقعی کفر و اسلام کی بڑی جنگ چھڑ گئی تو اس دنیا کا کیا ہو گا۔ بہت سے مغربی مفکرین ان خطرات کو بہت عرصہ پہلے بھانپ چکے تھے۔ اقبالؒ نے بھی کہا تھا۔

ڈھونڈنے والا ستاروں کی گزر گاہوں کا
اپنے افکار کی دنیا میں سفر کر نہ سکا

دراصل مغرب کے بے روح فلسفے نے مادیت پرستی کی جس تحریک کو جنم دیا تھا وہ اشتراکیت کی صورت میں اپنے عروج تک پہنچ کر فنا ہو چکی ہے۔ باقی رہ گئی تھی نیشنل ازم کی تحریک جو''ہٹلر'' کی ہلاکت کے بعد بھی آج تک بہت سے ممالک کے ساتھ چمٹی ہوئی ہے۔ اپنے دن پورے کر چکی ہے۔ یہودیوں کا نظام کہنہ یعنی سرمایہ دارانہ نظام اس جدید دور میں قبول تو کسی کو بھی نہیں لیکن بزور شمشیر برداشت سب کو کرنا پڑ رہا ہے۔ باقی رہ گئی''روسو'' کی جمہوریت تو ایک مغربی مفکر کے بقول''روسو زندہ ہوتا تو'' جمہوریت کے نتائج دیکھ کر خودکشی کر لیتا۔ دنیا کا کوئی بھی نظام ہو۔ اب آ کے اپنی آخری ہچکیاں لینے لگا ہے۔ لیکن حیرت کی بات یہ پیش آئی کہ مارکس کے بقول''ایک چلا ہوا کار توس''یعنی اسلام طویل گمشدگی کے بعد ایک بار پھر صفحہ زمین پر قدم جمانے لگا ہے۔

وسط ایشیا کی ریاستیں روس کے تسلط سے چھوٹتے ہی ٹوٹے ہوئے آئینہ کی طرح الگ الگ چمکنے لگیں۔ کوہ ہندوکش کی وادی''افغانستان''میں صدیوں بعد لا الہ الا اللہ کی گونج سنائی دی ہے اور تمام بتان وہم وگمان ایک بار پھر مغرب آقرب کلیمی کی زد میں ہیں۔ نمرود کے بت پاش پاش کر دینے والے ملا عمر (حفظہ اللہ) افغانستان کے ہیبت ناک پہاڑوں کے غاروں میں نسخہ کیمیا (قرآن) لیے بالکل اسی طرح بیٹھے ہیں جس طرح کوئی مہدی منتظر جلوہ افروز ہو۔ بعض کوتاہ بین لوگوں کا خیال ہے کہ یہ جنگ جلد ختم ہو جائے گی۔ لیکن اگر یہ سمجھتے ہیں کہ جنگ طالبان کی شکست پر ختم ہو گی تو ان کا تجزیہ درست نہیں کیونکہ 19 اکتوبر (2001ء) کی شب بی بی سی پر ملا عمر کے ترجمان نے کہا''ہم طالبان کے آخری فرد کی شہادت تک لڑیں گے۔ انہوں نے یہ شعر بھی پڑھا۔

Marfat.com

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

جو لوگ دل میں اسی طرح کا عہد کرلیں وہ کبھی شکست نہیں کھا سکتے۔ دوسری طرف امریکہ ہے تو وہ بھی کسی صورت پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں کیونکہ اب بغیر مقصد حاصل کیے پیچھے ہٹنا اس کے لیے "ناک" کا مسئلہ بن چکا ہے۔ امریکہ کی پسپائی سے دنیا بھر سے اس کا رعب اٹھ جائے گا۔ اس لیے امریکہ مقصد حاصل کئے بغیر واپس جانے کے لیے تیار نہیں اور طالبان امریکہ کا مقصد ناکام کرنے کے لئے خون کا آخری قطرہ بہانے تک لڑنا چاہتے ہیں۔ ظاہر ہے ایسی صورت میں جنگ طویل ہوگی اور پاکستان' بھارت کی دھمکیاں' طعنے' الزام تراشیاں اور زیادتیاں برداشت نہیں کر سکے گا۔ بھارت امریکی فوج کو کشمیر میں بلانے میں کامیاب ہو جائے گا۔ لہٰذا پاکستان کے لیے جس وقت صورت حال ایسی ہو جائے گی کہ......

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

تو مجبوراً پاکستان کو چین' افغانستان' عراق وغیرہ کے ساتھ مل کر ایک عالمگیر بلاک بنانا پڑے گا۔ اس بلاک میں روس کی شمولیت کے خیال کو بھی ترک نہیں کیا جا سکتا کیونکہ روس نے امریکہ سے جو زخم کھایا وہ ابھی بالکل تازہ ہے۔ دشمن افواج کی برتری دیکھتے ہی امریکہ ایشیا کے ملک جاپان سے بدظن ہونا شروع ہوا تو جنگ کا پانسہ برے طریقہ سے پلٹ جائے گا اور جنگ مشرق اور مغرب کی جنگ کا عنوان حاصل کر لے گی۔ مغرب کی قیادت امریکہ اور مشرق کی قیادت مسلمانوں کے پاس ہونے کی وجہ سے یہ ایک طرح کا کفر اور عالم اسلام کا آخری معرکہ بھی ہو گا۔ ابھی تو اسے جدید تہذیب اور قدیم تہذیب کی جنگ کا نام دیا جا رہا ہے۔ مہذب دنیا اور دہشت گردوں کے درمیان جنگ۔

Marfat.com

حالانکہ یہ نام سراسر غلط ہیں کیونکہ یورپ کا مہذب ہونے کا دعویٰ ہی غلط ہے۔ امریکہ کا صدر اوباما' ملا عمر حفظہ اللہ کے مقابلے میں قطعاً مہذب شخص نہیں ہوسکتا کیونکہ ملا عمر حفظہ اللہ جس نظام حیات کا قائل ہے وہ محض اس دنیا کی عارضی زندگی کی تشکیل نہیں کرتا بلکہ ایک ایسے لازوال جہان کی تخلیق بھی کرتا ہے۔ جو کبھی نہ ختم ہونے والا اور نہ صرف نیکی کے عوض ملنے والا ہے۔ جبکہ اوباما کے لیے دنیا کی مادی زندگی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ ایک مادہ پرست جتنا بھی مہذب ہو ایک آخرت کو ماننے والے سے بڑھ کر نہیں ہوسکتا۔

یہ جنگ عظیم آخری اس لیے بھی ہے کہ تباہی بہت ہوگی اور تمام سپر پاوروں کی طاقت ہی فنا ہو جائے گی۔ لیکن اس کے آخری ہونے کی اصل وجہ یہ ہے کہ اسلام کا آخر کار مکمل نفاذ ہوگا اور اسلام کے نفاذ کا مطلب ہے ایک پر امن حسین جنت نظیر اور دلکش معاشرے کا قیام جس میں کوئی بھی شخص اپنے پاس اپنی ضرورت سے زیادہ مال رکھنے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ مرکز خلافت سے ایسی یگانگت کا نظارہ ملائکہ کی آنکھیں دیکھیں گی کہ ملائکہ بے اختیار پکار اٹھیں گے۔''**قالوا لا علم لنا الا ماعلمتنا انک انت العلیم الحکیم**۔''

ظلم کا خاتمہ ہوگا اور ایک ایسے سماج کا آغاز ہوگا جس میں دولت کسی ایک جانب ارتکاز نہیں کرے گی بلکہ ہر شخص جو چاہے گا جب چاہے گا جتنا چاہے گا حاصل کرلے گا۔

چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ طالبان اور امریکہ کے درمیان شروع ہونے والی یہ جنگ' آخری جنگ عظیم ہو۔ یہاں ایک بات کی وضاحت ضروری ہے کہ حدیث شریف میں ہے کہ''**الجهاد ماض الی یوم القیامه**''۔

ترجمہ: ''کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔''اور یہ سوال اٹھ سکتا ہے کہ تیسری جنگ عظیم اگر آخری جنگ عظیم ہے تو پھر اس حدیث کے مطابق جہاد کیسے جاری رہ سکتا ہے لیکن اس سوال کا جواب صرف''جہاد'' کے لفظ سے ہی معلوم ہوتا ہے۔ جہاد کا مطلب ہے۔''جدو جہد''اور جدو جہد تو تا قیامت باقی رہے گی۔

Marfat.com

اسے خوش قسمتی کہیے کہ افغانستان میں اسلام کے کچھ متوالے اٹھے' اور اس سرزمین کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے گلے سے لگا لیا اور اس کی آغوش میں اسلام کا گلدستہ رکھ دیا۔ دین کے یہ متوالے جیالے "طالبان" کے نام سے دنیا میں جانے پہچانے جاتے ہیں۔ افغانستان کو چھوڑ کر جانے والے بہت سے لوگ تو لوٹ آئے۔ لیکن جو ابھی تک نہیں لوٹے ان کو غالب کا یہ شعر دیکھنا چاہیے۔

اگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالب
ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے

## کالے جھنڈے اور صلیبی فوج:

حقیقی فتنہ اور مغرب کی کھلم کھلا جارحیت صرف کالے جھنڈے والوں (طالبان) کے ظہور کے بعد وقوع پذیر ہوئی جنہوں نے آتے ہی خلافت اسلامیہ کی بنیاد رکھی۔ ایسی خلافت جس سے کفر خوف کھاتا ہے۔ مغرب نے افغانستان میں باہمی اختلاف کو وسیلہ بنایا اور موقع غنیمت جانتے ہوئے اس پر چڑھ دوڑا۔ جب سرخ اور جابر روسی لشکر نے چڑھائی کی تو افغان مجاہدین نے اسے شکست سے دوچار کیا ان کی ناک کو خاک آلود کیا اور دنیا میں ذلیل و رسوا کر ڈالا۔ لیکن جونہی مجاہدین کے مختلف گروہوں کے درمیان اختلاف نے سرایت کیا تو دشمن ان کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھنے لگا۔

مغرب کی فوجیں اور صلیبی و دجالی لشکر اپنے سازو سامان' تباہ کن جنگی جہازوں' انتہائی جدید ہوائی بمبار طیاروں' دیوہیکل طیارہ بردار جہازوں' بموں' میزائلوں اور ہمہ گیر تباہی کے ہتھیاروں کے ساتھ اتراتے ہوئے آئے۔ ان کا ہدف دہشت گردی کا خاتمہ نہیں بلکہ وہ طالبان اور اسلامی نظام ہے جس کو ختم کرنے کے درپے ہو چکے ہیں۔ بلکہ یہ تمام دنیا پر قبضہ جمانے کے لیے ایک طویل صلیبی جنگ ہے۔ ذیل میں مغرب کی آمد کے متعلق احادیث پر روشنی ڈالتے ہیں۔

Marfat.com

نعیم بن حماد نے رجاء بن ابی سلمہ سے اور اس نے قبہ بن ابی زینب نے روایت کی کہ وہ بیت المقدس میں ضمانت طلب کرنے آیا تو میں نے اسے پوچھا' شاید کہ تم مغرب سے ڈرتے ہو؟ اس نے کہا نہیں تو' ان کا فتنہ اس وقت تک نہیں پھیلے گا جب تک کالے جھنڈے نہ نکلیں گے جب وہ نکل آئیں تو پھر مغرب کے شر سے ڈرنا۔
(کتاب الفتن والملاحم ص 115)

کالے جھنڈے والوں کے ظہور کے ساتھ ہی مغرب کے فتنہ یعنی مغرب کی جنگوں کا واقعی آغاز ہو چکا ہے۔ نعیم بن حماد نے روایت کی ہے کہ امام زہری نے کہا' جب کالے جھنڈوں میں باہمی اختلاف ہو گا تو ان کی طرف زرد رنگ کے جھنڈے آئیں گے۔ (الفتن ص ١٦٠)۔ واقعی ان میں اختلاف پیدا ہو گیا اور دونوں لڑنے والے فریق ایک دوسرے کو قتل کرنے لگے یعنی طالبان اور شمالی اتحاد۔ پھر ان کی طرف صلیبی مغرب کے زرد جھنڈے آ گئے۔ لیکن موجودہ حالات و واقعات سے لگتا ہے کہ مغربی فوج ان کالے جھنڈوں والوں کو زیر نہیں کر سکے گی۔ صلیبی فوج نے اپنے لنگڑے کمانڈر کے حکم سے مصر کا پل عبور کیا۔ اسی لنگڑے کمانڈر کے بارے میں میں نعیم بن حماد نے روایت کی ہے کہ کعب نے کہا' ظہور مہدی کی علامت مغرب سے آنے والے جھنڈے ہیں جن کی قیادت کندۃ (کینیڈا) کا ایک لنگڑا آدمی کرے گا۔
(الفتن ص 205)

کالے جھنڈے والوں پر اتحادی لشکر کی ضرب کاری کا حکم ایک ایسا شخص (لنگڑا کمانڈر انچیف رچرڈ مائرز) دے گا جو لنگڑا ہے۔ یہ گمان تک نہ تھا کہ امریکی ایک لنگڑے کا انتخاب کر کے اسے کمانڈر انچیف کے منصب پر فائز کریں گے۔ اتحادی فوج کے صلیبی جھنڈوں کا کینیڈا کے لنگڑے کی زیر قیادت خروج کشت وخون کے آغاز کی علامت ہے اور یہی ظہور مہدی کی علامت ہے۔

''خراسان (افغانستان) سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے اور ان کو کوئی چیز نہیں روک سکے گی یہاں تک کہ وہ ایلیا (بیت المقدس) میں پہنچ جائیں گے'' (احمد' ترمذی

Marfat.com

اور نعیم بن حماد نے ابو ہریرہؓ سے اسے روایت کیا ہے) علامہ ابن کثیر کا قول ہے کہ یہ سیاہ جھنڈے مہدی کے ہمراہ آئیں گے۔

## خراسان اور کالے جھنڈے:

خراسان کونسا ملک ہے؟ کس جگہ واقع ہے؟ اس کی سمت اور حدود اربعہ کیا ہے؟ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں خراسان کی حدود عراق سے ہندوستان تک اور شمال میں دریائے آمو تک پھیلی ہوئیں تھیں۔ اس سلسلے میں علامہ شبلی نعمانیؒ لکھتے ہیں کہ خراسان کی حدود ہر زمانے میں مختلف رہی ہیں اس کے مشہور شہر نیشاپور' مرو' ہرات' بلخ' طوس فساد اور ابی ورد وغیرہ تھے (حاشیہ الفاروق) لیکن فی الحال محقق حضرات کا کہنا ہے کہ خراسان ہرات اور بلخ ہیں جو افغانستان کے مشہور شہر ہیں۔

خراسان کی فتح کے لیے احنف بن قیسؓ کو مقرر کیا گیا چنانچہ احنفؓ نے 22ھ میں خراسان کا رخ کیا اور کچھ ہی عرصے بعد اس کو فتح کر لیا جب اس کی اطلاع حضرت عمرؓ کو دی گئی تو وہ بہت خوش ہوئے۔

حضرت امام زہریؒ کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ کالے جھنڈے خراسان سے نکلیں گے تو جب وہ خراسان کی گھاٹی سے اتریں گے تو اسلام کی طلب میں اتریں گے کوئی چیز ان کے آڑے نہیں آئے گی سوائے اہل عجم کے جھنڈوں کے جو مغرب سے آئیں گے۔

(کنز العمال ج 11 ص 162)۔

امام زہری سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ کالے جھنڈے مشرق سے آئیں گے جن کی قیادت ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہو گی جو جھول پہنی خراسانی اونٹنیوں کے مانند ہوں گے' بالوں والے ہوں گے' ان کے نسب دیہاتی ہوں گے اور ان کے نام کنیت (جس نام سے مشہور ہوں گے) ہوں گے وہ دمشق شہر کو فتح کریں گے تین گھنٹے رحمت ان سے دور رہے گی۔

(کتاب الفتن ج ا ص 206)

Marfat.com

اس حدیث میں مشرق سے آنے والے مجاہدین کی چند نشانیاں بتائی گئی ہیں کہ ان کے لباس ڈھیلے ڈھالے ہوں گے' بالوں والے ہوں گے' ان کے نسب دیہاتی ہوں گے اور وہ اپنے اصل ناموں کی بجائے کنیت سے پہچانے جائیں گے۔ اب یہ ساری باتیں تو روزِ روشن کی طرح واضح ہیں کہ ڈھیلے ڈھالے لباس' لمبے بال' دیہاتی نسب اور کنیت والے کون لوگ ہیں؟ اگر اب بھی ہماری آنکھوں پر سے دجالی پٹی نہ اترے تو کیا اپنے نصیب و قسمت پر کون روئے؟ ہاں ...... یہ لوگ خراسان (افغانستان) کے مجاہدین ہیں جو طالبان اور القاعدہ کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ حدیث میں نشانیاں بتائی گئی ہیں موازنہ خود کیجئے۔

اس وقت افغانستان میں طالبان' القاعدہ نام کا ایک لشکر منظم ہو رہا ہے باوجود ہر کوشش کے دجالی قوتیں اس کو ختم نہیں کر سکی ہیں بلکہ صورت حال یہاں تک پہنچ چکی ہے طالبان اور القاعدہ کے مجاہدین جب جس وقت چاہتے ہیں صلیبی فوجیوں کا شکار کرتے پھرتے ہیں۔ کسی دور میں امریکی فوجی طالبان کو تلاش کرتے تھے اور اب طالبان صلیبی کتوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر ذبح کر رہے ہیں۔ عرب مجاہدین یعنی القاعدہ کا جھنڈا کالے رنگ کا ہے تمام دجالی و صلیبی طوفانوں کا سینہ چیرتا ہوا یہ لشکر بیت المقدس کو انشاء اللہ ضرور فتح کرے گا۔

افغانستان میں دجالی قوتیں اپنی تمام تر قوت مجاہدین کے خلاف استعمال کر چکی ہیں اور اب ان کے اس سے زیادہ استعمال کرنے کو کچھ اور نہیں بچا۔ طالبان امریکی فوجیوں پر ایک سے ایک کاری ضرب لگاتے ہیں ان کے کیمپوں پر دھاوا بول کر زندہ امریکیوں کو گرفتار کر لیتے ہیں ان کا مال غنیمت اٹھا لیتے ہیں اور اس تمام کارروائی کے دوران امریکہ کی نا قابل تسخیر سمجھی جانے والی فضائی قوت اپنی قوت پر صرف آنسو ہی بہا سکتی ہے۔

حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا...... جب تم دیکھو کالے جھنڈے خراسان کی طرف سے آئے ہیں تو ان میں شامل ہو جانا کیونکہ ان میں اللہ کے خلیفہ مہدی ہوں گے۔ (مسند احمد ج 5 ص 277)

Marfat.com

اللہ کے رسول ﷺ امت کو پہلے ہی حکم فرما رہے ہیں کہ اس لشکر میں شامل ہو جانا۔ آخرت کے بڑے سودے کی خاطر دنیا کے چھوٹے سودے کو قربان کر کے کامیاب تاجر ہونے کا ثبوت دینا' دیکھنا ماں کی ممتا' رفیق حیات کے آنسو یا پھر...... جگر کے ٹکڑوں کے چہرے...... کہیں میرے اور میرے پیارے جانثار صحابہ کی محبت کے راستے میں رکاوٹ بن کر نہ کھڑے ہو جائیں' شہروں کے اجالوں کی چکا چوند کہیں تمہیں پہاڑوں کے اندھیروں میں جانے سے نہ روک دے' گارے اور مٹی کے گھر کو مسمار ہونے سے بچانے کے لیے اپنے آخرت کے محلوں کو تباہ نہ کر لینا' جیل کی کال کوٹھڑیوں سے ڈر کر دجالی قوتوں کے سامنے سر نہ جھکا دینا' کیونکہ قبر سے بڑی اور خطرناک کال کوٹھڑی کوئی نہیں۔

حضرت حسنؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت کو (مستقبل میں) پیش آنے والی مصیبتوں کا ذکر کیا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مشرق سے کالے جھنڈے بھیج دیں جس نے ان کالے جھنڈوں (والوں) کی مدد کی اللہ اس کی مدد کرے گا اور جس نے ان کو چھوڑ دیا (ان کی مدد نہ کی) اللہ اس کو چھوڑ دے گا۔ (پھر) وہ کالے جھنڈے والے اس شخص کے پاس آئیں گے جو میرا ہمنام ہوگا اور اپنی امارت اس (میرے ہم نام) کو سونپ دیں گے چنانچہ اللہ تعالیٰ ان کی مدد و نصرت فرمائیں گے۔

(الفتن نعیم بن حماد ص 860)

روس کو شکست دینے کے بعد طالبان نے دجالی منصوبوں کو خاک میں ملاتے ہوئے اسلامی نظام نافذ کر کے عالم اسلام کے لیے ایک نمونہ پیش کر دیا کہ آج چودہ سو سال بعد بھی اس اسلام کی وہی آن اور شان ہے بشرطیکہ کہ جذبے سچے اور حوصلے جوان ہوں۔ اس حدیث کو سامنے رکھتے ہوئے ہر شخص کو سوچنا چاہیے کہ وہ آج کالے جھنڈوں والوں کی مدد کر رہا ہے کہ نہیں۔ کیا وہ طالبان کی جانی' مالی' روحانی اور نظریاتی مدد میں شامل ہے یا پھر دجال کے لشکر میں شامل ہو کر ان کی مخالفت میں سر بستہ ہے۔

Marfat.com

## طالبان یا پٹھان:

''شاہ نعمت اللہ ولیؒ' نے پانچ سو سنتالیس ہجری میں اپنے مکاشفات کے ذریعہ سے آنے والے ایک ہزار سال کے متعلق پیشنگو ئیاں کی تھیں۔ انہوں نے جاپان اور روس کی جنگ ۱۹۰۴ء جاپان کی فتح' ہندوستان میں طاعون وغیرہ جیسی پیشنگو ئیاں کر نے کے بعد آگے چل کر موجودہ زمانے کے بارے میں یوں لکھا تھا۔

''پٹھانوں پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہو گا اور وہ پوری دنیا میں شہرت حاصل کریں گے۔ سرحد کے غازی اس بڑی تعداد میں آ جائیں گے کہ زمین کانپنے لگے گی اور وہ مقصد کے حصول کے لیے والہانہ انداز سے پیش قدمی کریں گے۔ وہ ٹڈی دل اور چیونٹیوں کی طرح بڑی تعداد میں ہوں گے اور راتوں رات حملہ کریں گے''۔ حق تو یہ ہے کہ افغان (طالبان) قوم برابر فتح یاب ہو گی۔ عرب لوگ بھی برابر پہاڑوں' جنگلوں اور بیابانوں سے آ جائیں گے اور عام مسلمان بھی اسلام کی حمایت کے لیے اٹھ کھڑے ہو جائیں گے۔ تمام ہندوستان کفر سے پاک ہو جائے گا۔''

کوئی یہ کہے کہ یہ پیشن گوئی غیر سائنسی چیز ہے ہم نہیں مانتے۔ اندازہ ہے لگ بھی سکتا ہے اور نہیں بھی لگ سکتا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ پیشن گوئیاں وہ عاقبت اندیش لوگ جن کی آنکھیں مستقبل میں دیکھنے کی صلاحیت رکھتی ہیں کیا کرتے ہیں۔ جیسا کہ اقبالؒ نے کہا تھا۔

وہ جو پوشیدہ ابھی پردۂ افلاک میں ہے
عکس اس کا مرے آئینہ ادراک میں ہے

اس قبیل کے عقاب نظر لوگ آنے والے حالات کو بھانپ لیتے ہیں اور صورت حال کا کسی حد تک تجزیہ کر لیتے ہیں۔ اقبالؒ نے بھی اپنے بعض اشعار میں آنے والے زمانے کے بارے میں پیشن گوئیاں کی ہیں۔ مثلاً انہوں نے اسلام کی سخت علالت اور اشتراکیت کے عروج کے زمانہ میں کہہ دیا تھا۔

Marfat.com

مزدکیت فتنہ فردانہیں' اسلام ہے

اور آج اشتراکیت جس سے کل تک یورپ خوفزدہ تھا ایک سہمی ہوئی دوشیزہ کی طرح کونے میں سمٹ چکی ہے۔ جبکہ پوری دنیا کے مسلمان عوام ''سبیلنا سبیلنا...... الجہاد الجہاد'' کا نعرہ لگا کر دنیا کے میدان عمل میں اتر آئے ہیں۔ آج حالات اسی طرف جا رہے ہیں۔ افغانستان (طالبان) کے پرچم تلے بالآخر تمام مسلم ممالک کو پناہ لینی پڑے گی۔ کیونکہ حکومتیں دیر تک اپنی عوام کے جذبات پر پہرے نہیں بٹھا سکیں گی۔ کیونکہ......

''جذبے کبھی پابند سلاسل نہیں ہوتے''

خلافت عثمانیہ کے ختم ہونے کے بعد آدھی صدی سے زائد عرصہ تک اللہ رب العزت کی رحمت خلافت قائم کرنے کے لیے مختلف شخصیات اور قوموں کی طرف متوجہ ہوئی مگر کسی نے اسے قبول نہیں کیا یہ خلافت مصر' ہندوستان' حجاز وغیرہ میں در بدر ٹھوکریں کھاتی رہی مگر کہیں سے بھی قبولیت کا نام نہ آیا بالآخر یہ خلافت سنگلاخ پہاڑوں' ویرانوں اور صحراؤں کے باسی ایک عام سادی طبیعت کے مالک افغانی کے پاس آئی۔ اس افغانی نادار نے خلافت کو دونوں ہاتھوں لیا اور دیکھتے دیکھتے پورے عالم اسلام کے سامنے روز روشن کی طرح واضح کر دکھایا کہ خلافت ایسی ہوتی ہے۔ جس میں عورت زیور پہنے تن تنہا سفر کرتی ہے مگر کوئی آنکھ اٹھا کر دیکھنے والا نہیں ہوتا' جہاں عدل و انصاف کا بول بالا ہوتا ہے۔

قوم افغان (طالبان) آج بھی امت مسلمہ کے لیے سورج اور چاند ہے اور کل بھی تھی اور آئندہ بھی رہے گی۔ قندھار کے افق سے نمودار ہونے والے اس چاند نے اندھیری رات کے مسافروں کو راستوں سے روشناس کرایا۔ اس قوم (طالبان) کے اندر وہ تمام چیزیں اور خوبیاں پائی گئیں جو اللہ تعالیٰ کے انتخاب کے لیے کافی ہوتی ہیں۔ جن میں غیرت دینی' حمیت ایمانی' اہل قباء کی طرح طہارت' مہمان نوازی' اسلامی شعائر سے بے انتہاء محبت' مضبوط معاشرتی نظام' جدید جاہلی تہذیب کے اثرات

Marfat.com

دھماکے کے اثرات بیس ہزار میٹر دور تک محسوس کیے گئے۔ پہلے دھماکے چند سیکنڈ بعد ایک دوسرا دھماکا بھی ہوا۔ ایک چھوٹے سے کلاس روم کے برابر کمرہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔ کمرے میں جا بجا انسانی جسموں کے لوتھڑے پڑے ہوئے تھے۔ سیکورٹی کے لیے نصب تمام میٹل اور پلاسٹک کے آلات چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تبدیل ہو گئے تھے۔ حادثے کے نتیجے میں چار اسرائیلی گارڈ فوری طور پر ہلاک ہو گئے۔ گارڈ مزکا بھی اور دیگر آٹھ افراد شدید زخمی ہوئے۔ چھ کلوگرام وزنی بارود کے پھٹنے سے ریم بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی تھی۔ اس کا سر جس پر براؤن رنگ کا اسکارف بندھا ہوا تھا۔ اب بھی جسم کے ساتھ جڑا ہوا تھا۔ اسکا جسم بعد میں دوسرے کمرے سے ملا۔

جس روز یہ واقعہ پیش آیا۔ اس سے کئی دن قبل ریمؒ کی ایک ویڈیو فلم بنائی گئی تھی اور ان کی پُرعزم آنکھیں بلاشبہ ان کے ایمان کی پختگی کی دلیل تھیں۔ جہاد میں شمولیت کے ان کے خالص ارادے کو رب کریم نے بھی شرف قبولیت بخشا اور انہیں شہادت سے قبل ہی ان کا علیٰ مقام دکھا دیا گیا تھا۔ یہ ویڈیو واقعہ کے بعد پورے عالم عرب میں ریلیز کی گئی۔ اس ویڈیو میں ریم گنوں اور بموں کے ساتھ نظر آتی ہے۔ اس نے اپنے سر پر سبز رنگ کی ایک پٹی باندھ رکھی تھی۔ ویڈیو میں ریم کو فخریہ انداز میں اپنی اس خواہش کا اظہار کرتے ہوئے دکھایا گیا تھا کہ......

''میں صیہونیوں کی کھوپڑیوں پر سے گزر کر جنت کے دروازے پر دستک دے رہی ہوں''

ان کی شہادت پر اخوان المسلمون مصر کے مرشد عام محمد مہدی عاکف نے آبدیدہ ہوتے ہوئے کہا......

''ہماری بہنوں کی ان کاروائیوں نے فرزندان ملت کو احساس جرم میں مبتلا کر دیا ہے اور ان کا یہ قرض امت کے بیٹے شاید کبھی نہ اتار سکیں''

ریمؒ کی شہادت 14 جون 2004ء کو ہوئی۔

Marfat.com

☆ تحریک آزادی فلسطین کی آٹھویں فدائی شہید خاتون 18 سالہ زینب ابو سالم ہیں۔ زینب نے بیت المقدس (یروشلم) کے قریب اسرائیلی سرحدی پولیس کے ٹھکانے پر حملہ کیا جس میں 7 فوجی ہلاک اور 12 زخمی ہو گئے۔ زینب کا تعلق مغربی کنارے کی بستی نابلوس سے تھا اور وہ یونورسٹی میں داخلے کے امتحان میں کامیاب ہو چکی تھیں۔ یہ ہنس مکھ طالبہ ہائی سکول تک ایک معروف ایتھلیٹ (کھلاڑی) بھی تھیں۔ ان کی شہادت کے کئی گھنٹوں کے بعد ان کے اہل خانہ کو علم ہوا کہ وہ اپنی جان کی بازی لگا چکی ہیں۔ بعد ازاں صہیونی افواج نے ان کا آبائی گھر بلڈوزروں سے مسمار کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ہماری بہن کو اعلیٰ درجات پر فائز کریں اور ورثاء کو بہتر اجر عطا فرمائیں۔ آمین۔ زینب نے اپنی جان ملت اسلامیہ کی عزت کی خاطر قربان کر دی۔ زینب بنت ابو سالمؒ کی شہادت 22 ستمبر 2004ء کو ہوئی۔

☆ عراق میں حالیہ فدائی حملہ میں ایک خاتون حملہ آور کے روپ میں سامنے آئی ہے۔ اس دھماکے میں جہاں کافی ملٹری ریکروٹس ہلاک ہوئے وہاں بیسیوں زخمی بھی ہوئے مگر القاعدہ کا خواتین کو بطور فدائی حملے استعمال کرنے کا حالیہ رجحان امریکی تھنک ٹینکس کے لیے ایک نیا چیلنج بھی بن گیا ہے۔

ان فدائی خواتین نے امریکی انٹیلی جنس ایجنسیوں کو نئے مسائل میں ڈال دیا ہے خاص طور پر عراق اور اردن میں ہونے والے حالیہ واقعات نے امریکی تھنک ٹینکس کو ایک نئے ابھرتے ہوئے چیلنج کے بارے میں سوچنے پر مجبور کر دیا ہے۔ امریکی تھنک ٹینکس کا خیال ہے کہ یہ فدائی کارروائیاں وقت کے ساتھ ساتھ مزید وسعت اختیار کرتی جائیں گی۔ یہی خواتین مغربی یورپ یا امریکہ میں ایسی کارروائیاں کسی وقت بھی کر سکتی ہیں جو یقیناً کامیابی کا باعث ہوں گی۔

امریکی جریدہ ''نیوز ویک'' نے القاعدہ کی عراق میں اس پہلی فدائی حملہ آور خاتون کا نام مریم بتایا ہے۔ امریکی فوج دو ہفتے پہلے شام کی سرحد کے قریبی قصبے تلعفر

Marfat.com

سے آپریشن ختم کر کے واپس آئی ہے یہ آپریشن ستمبر 2005 کے شروع میں القاعدہ کے اس علاقے میں بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کو ختم کرنے کے لیے شروع ہوا تھا۔ جہاں امریکیوں نے القاعدہ کے نیٹ ورک کو توڑنے اور اس کی طاقت کو اس علاقے سے ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی مگر اسے اس میں کتنی کامیابی ہوئی یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا۔ ملٹری ریکروٹس کے اجتماع میں گھسنے والی مریم شہیدؒہ نے عام عراقی مردوں کی طرح قبا پہن رکھی تھی جبکہ چیک دار سکارف اوڑھ رکھا تھا جو عموماً عرب صحرائی علاقوں میں مرد استعمال کرتے ہیں۔

اکتوبر میں عراقی شہر موصل میں القاعدہ کی دوسری خاتون نے اپنے خاوند کے ہمراہ امریکی گشتی دستے کو نشانہ بنایا تھا جبکہ تیسری (تیسری فدائی خاتون ساجدہ حملہ میں ناکام ہونے پر گرفتار ہوگئیں) مغربی فدائی خاتون اس وقت مغربی دنیا کے لیے حیرت کا باعث بنی ہوئی ہے۔ اس کے دھماکے کے بعد انٹرنیٹ پر ابومعصب الزرقاوی (شہیــد) کا جو بیان جاری ہوا ہے اس میں الزرقاوی نے اپنی اس اسلامی بہن کے درجات کی بلندی کے لیے عراقی عوام سے دعا کی اپیل کی ہے۔ الزرقاوی کا کہنا ہے کہ......

اس عظیم عورت نے اپنے مذہب اور عراقی قوم کے لیے بہت بڑی قربانی دی ہے۔ جس پر پوری عراقی قوم اور ملت اسلامیہ کو ناز ہے۔ الزرقاوی کا کہنا ہے کہ عراق امریکہ جنگ میں یہ عورت ایک نیا باب ضرور رقم کر گئی ہے خصوصاً ان لوگوں اور طبقے کے لیے جو اس وقت عراق کی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ جنہیں امریکی فوج باغی اور دہشت گرد کا لقب دے رہی ہے۔ ان حملوں سے پہلے الزرقاوی نے ویب سائیٹ پر اپنے دستخطوں کے ساتھ ایک پیغام نشر کیا جس کا عنوان یہ تھا کہ......

''یہاں اب کوئی مرد نہیں بچا؟''

تاکہ وہ عورتوں کو ہی بھرتی کرے۔

Marfat.com

☆ امانتانا موگیوائی اور زبیر خانوا چیچنیا کی دو بہادر خواتین جنہوں نے روس میں ماسکو سے دو مسافر طیارے اغوا کیے اور چند لمحوں بعد زمین پر یہ دونوں طیارے آ گرے۔ ان طیاروں میں موجود 187 افراد ہلاک ہو گئے۔ 25 اگست 2004ء کی صبح اس وقت پورے روس میں کھلبلی مچ گئی' جب ماسکو سے پرواز کرنے والے دو مسافر طیارے بیک وقت زمین پر آ گرے' ان دونوں مسافر طیاروں کی تباہی کے نتیجے میں 135 افراد ہلاک ہو گئے۔ ان میں سے ایک طیارے کے عملے نے ہائی جیکنگ کا سگنل دیا تھا۔ روسی ائیر لائن کا ٹی یو (T U 135) طیارہ جنوبی شہر وولگوگراڈ جاتے ہوئے تباہ ہوا طیارے میں عملے کے 8 ارکان سمیت 52 افراد سوار تھے۔ جبکہ دوسرا ٹی یو (T U 154) طیارہ جنوبی شہر روستوواٹون ڈون میں گر کر تباہ ہوا یہ طیارہ بحر اسود کے ساحلی شہر سوچی جا رہا تھا۔ اس میں 42 افراد سوار تھے۔ دونوں طیاروں کا ملبہ تلاش کر لیا گیا دونوں طیارے پرواز کے ۴۰ منٹ بعد کچھ وقفے کے ساتھ راڈار سے غائب ہو گئے۔ پہلا طیارہ ماسکو سے 125 کلو میٹر دور جنوب میں دوسرا 160 کلو میٹر دور گر کر تباہ ہوا۔

عینی شاہدین کے مطابق پہلا طیارہ گرنے سے پہلے اس میں دھماکہ ہوا اور وہ پھٹ گیا۔ جبکہ ایک روسی اہلکار نے بتایا کہ دوسرے طیارے کے گرنے سے کچھ لمحے قبل اس کے عملے نے اشارہ دیا تھا کہ طیارہ ہائی جیک کر لیا گیا ہے۔ حکام نے دونوں طیاروں کے فلائٹ ریکارڈ جائے وقوعہ سے حاصل کر لئے ہیں طیاروں کی تباہی کی اطلاع ملتے ہی روس میں تمام ہوائی اڈوں پر سیکورٹی سخت کر دی گئی۔

روس کے صدر ولادیمیر پوٹن نے طیاروں کی تباہی کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے دونوں طیارے مختلف کمپنیوں کی ملکیت تھے۔ ایوی ایشن ماہرین اور اقوام متحدہ میں روس کے سفیر نے ان واقعات میں دہشت گردی کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے طیاروں میں بیک وقت خرابی پیدا ہونا قریباً ناممکن ہے۔ دونوں طیاروں کی تباہی کے

Marfat.com

بارے میں شروع میں روس کی سیکورٹی ایجنسیوں کا موقف یہ رہا کہ یہ واقعہ دہشت گردی نہیں بلکہ محض اتفاقی ہے۔

لیکن پھر جلد ہی حکام کو اپنا یہ موقف تبدیل کرنا پڑا۔ کیونکہ طیارے کے ملبے میں ایسی زہریلی گیس کی موجودگی کے اثرات پائے گئے۔ جو دو سال قبل روس کے ایک تھیٹر میں روسیوں کو یرغمال بنانے کے لئے مجاہدین نے استعمال کی تھی۔ روس کے سیکورٹی اہلکاروں نے کہا کہ مسافر طیاروں کے حادثے ہیگزوجن نامی کیمیائی و بارودی مادے کے دھماکے سے ہوئے۔ اس کیمیائی مادے کا دوسرا نام آر ڈی ایکس یا سائیکلو نائیٹ بھی ہے۔ یہ بارود آر ڈی ایکس مادہ ایک ڈیٹونیٹر کی مدد سے دھماکے سے پھٹ سکتا ہے۔ اور یہ کیمیائی مادہ دوسری جنگ عظیم میں وسیع طور پر استعمال کیا گیا تھا۔ جسے اس وقت ٹی این ٹی کے ساتھ ملا کر استعمال میں لایا گیا تھا۔

یہی مادہ 1999ء ماسکو اپارٹمنٹ کے بم دھماکوں میں بھی استعمال کیا گیا تھا۔ جس سے دو سو افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ ہیگزوجن کے مالیکیول کا سراغ لگانا آسان ہے کیونکہ کپڑوں' جلد اور بالوں کے ساتھ چمٹ جاتے ہیں یہاں تک کہ ہاتھ دھونے کے بعد بھی اس کے نشان باقی رہتے ہیں۔ روسی فضائی اہلکاروں نے کہا کہ امکان یہ ہے کہ جہاز سوار ہونے والے کسی مسافر نے خودکش پٹی باندھ رکھی ہو' اور اسی نوعیت کا پلاسٹک کا دھماکہ خیز مواد بھی اس کی پٹی میں موجود ہو۔ سیکورٹی حکام کی تحقیق سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ دونوں طیاروں میں ایک ایک چیچن خاتون بھی سوار تھی۔ جن کے بارے میں خدشہ ظاہر کیا گیا کہ ان کا تعلق خواتین کے اسی گروپ سے تھا جو روس کے خلاف فدائی حملوں کی تیاری کر چکی ہیں۔ واضح رہے کہ دو سال قبل روسی تھیٹر پر قبضے میں بھی چیچن فدائی خواتین شامل تھیں۔

ایک اور واقعہ کے مطابق روسی طیاروں کی تباہی کی بڑی ملزمہ 27 سالہ چیچن خاتون کے بارے میں انکشاف ہوا ہے کہ اس نے اپنے بھائی کا بدلہ لینے کے لیے ایسا

Marfat.com

کیا تھا۔ اماتاناموگیوائی کے بارے میں اس کے ہمسایوں نے بتایا ہے کہ تین چار برس قبل اس کے تین بھائیوں میں سے ایک کو مشتبہ دہشت گرد قرار دے کر اغواء کرلیا گیا تھا۔ دیگر افراد کی طرح وہ اب تک غائب ہے اور اس نے اسے مردہ تصور کرلیا تھا۔ بھائی کا بدلہ لینے کے لئے اس نے خود کش (فدائی) حملہ آور بننے کا ارادہ کرلیا۔ اماتاناموگیوائی یو (T U 134) وولگراڈ جانے والی پرواز میں تھی جو ماسکو کے جنوب میں ایک سو بیس کلومیٹر دور گر کر تباہ ہوگیا جب کہ دوسری خود کش (فدائی) بمبار چیچن لڑکی زبیر خانوواہے جوٹی یو (T U 154) میں سوار تھی یہ طیارہ پہلے طیارے کے چند منٹ بعد گر کر تباہ ہوا تھا۔

دریں اثناء ایک جہادی گروپ ''اسلامبولی بریگیڈ'' نے روسی طیاروں کی تباہی کی ذمہ داری قبول کرلی ہے۔ اسلامبولی بریگیڈ نے واضح کیا کہ ہمارے مجاہدین دو روسی طیاروں کو اغواء کرنے میں کامیاب ہوگئے تھے۔ یہ بیان ایک ویب سائٹ پر جاری کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مجاہدین کو ابتداء میں مشکلات پیش آئیں اور انہیں مقابلے کا سامنا کرنا پڑا۔ ہر ایک طیارے میں ۵ مجاہدین تھے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہمارے مجاہدین نے پہلا حملہ کردیا اور حملوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ یہ حملہ چیچن بھائیوں اور روس کے زیر تسلط دوسروں کی مدد کے لیے ہے۔ روس مسلمانوں کا خون بہا رہا ہے اور خون کی جنگ کھیلے بغیر یہ سلسلہ بند نہیں ہوگا۔ گروپ نے بیان میں کہا کہ وہ جلد قربانی دینے اور شہادت پانے والے مجاہدین کے بیان اور خواہش بھی شائع کریگا۔

واضح رہے کہ روسی طیاروں کی تباہی کا یہ واقعہ چیچنیا میں منعقد ہونے والے صدارتی انتخابات سے محض پانچ روز قبل پیش آیا۔ 30 اگست اتوار کے روز ہونے والے یہ انتخابات روس کی زیر نگرانی منعقد ہوئے۔ چیچنیا کے سابق صدر چار ماہ قبل چیچن مجاہدین کے حملے میں ہلاک ہوگئے تھے اور اب روس نے انہیں جانشین منتخب کرنے کے لئے ان انتخابات کا انعقاد کروایا ہے۔

Marfat.com

حالیہ صدارتی انتخابات سے قبل چیچن مجاہدین نے دھمکی دی تھی کہ وہ انتخابات کے دوران روسی افواج کے خلاف اپنا آپریشن جاری رکھیں گے۔ چنانچہ مجاہدین نے اپنا وعدہ پورا کیا اور انتخابات سے قبل اور ان کے دوران جہادی کارروائیاں جاری رکھیں۔ مجاہدین کی ان کارروائیوں میں لگ بھگ ڈیڑھ سو روسی فوجیوں اور کٹھ پتلی چیچن انتظامیہ کے اہلکاروں کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ملی ہیں۔ گروزنی سے اطلاع ملی ہے کہ تیس اگست کو جب شہر میں صدارتی انتخابات ہو رہے تھے تو ہر طرف سے دھماکوں کی آوازیں آرہی تھیں اور مجاہدین اپنا کام جاری رکھے ہوئے تھے۔ ان دھماکوں کو روکنے کے لئے روسی فوج نے حتی الامکان کوشش کی' لیکن وہ اس میں ناکام رہی۔ انہیں کوششوں میں تین چیچن باشندوں کو مجاہد ہونے کے الزام میں گرفتار بھی کر لیا گیا۔

دراصل روس کی کوشش ہے کہ وہ اس ملک پر اپنی کٹھ پتلی انتظامیہ مسلط رکھ کر اس قوم کو اپنے قابو میں رکھے لیکن یہ خواب اس وقت تک پورا نہیں ہوسکتا جب تک گروزنی کے مجاہدین زندہ ہیں۔

## افغانستان امریکیوں کے لیے نیا ویت نام:

ویت نام کی جنگ تو ہند چینی کے چھوٹے سے علاقے میں ہوئی تھی مگر یہ افغانستان جس میں امریکہ پھنس چکا ہے اس کی حدیں افریقہ تک پھیلی ہوئی ہیں۔ نیا ویت نام بہت وسیع اور بہت بڑا علاقہ ہے جو صحراؤں اور سنگلاخ پہاڑوں پر مشتمل ہے۔ جن کے باسیوں کا کہنا ہے کہ ''یہاں آنے والا اپنی مرضی سے آتا ہے اور جاتا ہماری مرضی سے ہے''۔ ویت نام کی جنگ میں امریکہ کے 48 ہزار فوجی ہلاک ہوئے اور 2500 امریکی فوجی لاپتہ ہوئے تھے اس کے علاوہ جو نقصان ہوا اس کا تخمینہ ارب کھربوں ڈالر میں ہے۔

امریکی صدر جانسن راتوں کو جاگ جاگ کر پچھلے پہر سوتا اور پھر صبح جاگتے ہی وہ چلاتا '' میں کسی جنگ میں ملوث ہونا نہیں چاہتا مجھے اس میں سے نکلنے کا راستہ دکھائی نہیں دیتا''۔ پھر دنیا نے وہ منظر بھی دیکھا کہ امریکہ کو منہ کی کھانی پڑی اور

Marfat.com

شکست خوردہ ہو کر نکلنا پڑا۔ یہاں تک کہ 1975ء کو امریکہ نے سفارت خانے کی چھت پر ہیلی کاپٹر اتار کر اپنا سفارتی عملے کا انخلاء عمل میں لایا۔ یہ امریکہ کی شرمناک پسپائی تھی۔

دسمبر 1992ء کو جب امریکہ نے صومالیہ کی خانہ جنگی میں مداخلت شروع کی اور اپنا دجالی قبضہ کرنے کے لیے اپنی فوج جمع کرنا شروع کی۔ تو اس وقت جنرل فرح عدید کی فوج نے القاعدہ کے مجاہدین کے ساتھ مل کر ایسی گوریلا جنگ کا آغاز کیا جس نے امریکیوں کو چکرا کر رکھ دیا۔ اس جنگ میں جنرل عدید اور القاعدہ کے ارکان نے قطعاً الیکٹرانک مواصلاتی آلات استعمال نہیں کیے تاکہ انہیں اسکین نہ کیا جا سکے رابطے کے لیے پرانا نظام وضع کیا گیا جس میں جانوروں کی بولیاں اور ناریل کے خالی خول سے نکالی جانے والی آوازیں تھیں ان ذرائع مواصلات نے صلیبیوں کی تمام جدید ٹیکنالوجی کو عاجز اور ناکارہ بنا کر رکھ دیا۔

اس جنگ میں پاکستانی فوج نے بھی حصہ لیا جو آپریشن بحالی امید کے نام سے شروع ہوا۔ پاکستان فوج کے اس آپریشن میں 23 پاکستانی فوجی بھی مارے گئے۔ CNN نے یہ منظر دنیا کو دکھایا۔ اس جنگ میں تین سو سے زیادہ صلیبی فوجی واصل جہنم ہوئے بہت سے امریکی فوجیوں کی لاشیں مقدیشو کی سڑکوں پر گھسیٹی گئیں سی این این یہ مناظر دنیا کو دکھایا۔ جیسے ہی لاشیں امریکہ پہنچنا شروع ہوئیں امریکہ پر فوج واپس بلانے کے لیے داخلی دباؤ بڑھ گیا اور اسے کے ساتھ صومالیہ چھوڑنا پڑا۔ امریکہ اپنے پیچھے بہت سا امریکی گن شپ ہیلی کاپٹروں کا ملبہ چھوڑ گیا۔ 25 مارچ 94ء کو صومالیہ کی سرزمین صلیبی امریکیوں سے خالی ہو گئی خوفزدہ امریکیوں کی واپسی کا منظر عبرت ناک تھا انہیں بندرگاہ تک پہنچانے کے لیے دونوں طرف پاکستانی فوجی پہرہ دے رہے تھے۔ آج بھی پاکستانی فوج امریکیوں کو بچانے کے لیے خود تختہ مشق بن رہی ہے۔

تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے آج پھر امریکی فوج کا مقابلہ القاعدہ کے مجاہدین کے ساتھ جو اسے اپنی مرضی کے میدان میں لے آئے ہیں۔ افغانستان کا

Marfat.com

میدان مجاہدین کا اپنا اور امریکیوں کے لیے اجنبی ہے۔ افغانستان کی جنگ کا اگر بغور جائزہ لیا جائے تو ہمیں امریکہ کے مقابلے میں مجاہدین کے میدان' ان کی اقامت گاہیں اور لڑنے کی جنگی حکمت عملی زیادہ بہتر اور موثر ہے۔ افغانستان کے انہی سنگلاخ پہاڑوں' صحراؤں اور قدرتی غاروں نے برطانیہ کو ذلیل ورسوا کیا اور انہی میدانوں نے سویت یونین (روس) کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور اب پھر یہی وہ میدان ہیں جن میں امریکہ اپنے لیے کامیابی کی راہیں تلاش کر رہا ہے۔ لیکن اسے ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر رہا ہے۔

مہدی کا لشکر (مجاہدین) ان تھک محنتوں' بے شمار قربانیوں اور لازوال جذبہ ایمانی کے ساتھ سرشار ہو کر صلیب کے پجاریوں پر کاری ضربیں لگا رہا ہے اگست (2009ء) کے پہلے ہفتے میں کفار کے نقصانات کے پچھلے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ 10 اگست کو ننگرہار میں امریکی کانوائے پر فدائی حملے میں ایک ٹینک تباہ اور 10 امریکی فوجی ہلاک ہو گئے۔

10 اگست ہی کو لوگر میں 6 مجاہدین نے پولیس ڈیپارٹمنٹ اور الیکشن آفس میں داخل ہو کر پولیس پر حملہ کر دیا اس کے بعد ایک بہادر مجاہد نے بارود سے بھری گاڑی گورنر آفس کے سامنے لا کر دھماکے سے اڑا دی۔ اس کے بعد لڑائی کئی گھنٹے جاری رہی جس کے نتیجے میں 50 مرتد پولیس اہلکار اور 20 امریکی فوجی مردار ہوئے اس کے ساتھ ساتھ متعدد گاڑیاں بھی تباہ ہوئیں۔ 15 اگست کو کابل میں امریکی سفارت خانے کی عمارت پر ایک فدائی حملہ آور نے بارود سے بھری گاڑی ٹکرا دی۔ جس کے نتیجے میں 25 صلیبی فوجی مردار ہوئے اور 4 فوجی گاڑیاں تباہ ہوئیں۔

مہدی کے لشکر (مجاہدین) کی فتوحات کا اعتراف 2009ء کے آخر میں سامنے آنے والی عالمی تھنک ٹینک کی ایک رپورٹ سے ہوتا ہے جس میں واضح کیا گیا ہے کہ گزشتہ سال مجاہدین افغانستان کے 54 فیصد اور اب 72 فیصد رقبے پر قابض ہیں۔

Marfat.com

باب 3

# حضرت مہدی علیہ الرضوان اور مسیح الہدی

## حضرت مہدی علیہ الرضوان کون؟

حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ''مہدی میرے خاندان میں سے حضرت فاطمہؓ کی اولاد سے ہوں گے''۔

(ابوداؤد)

حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''مہدی میری اولاد میں سے ہوں گے، روشن کشادہ پیشانی اور اونچی ناک والے۔ وہ روئے زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے جس طرح وہ ظلم وستم سے بھری ہوئی تھی وہ سات برس تک زمین پر برسر اقتدار رہیں گے''۔

(ابوداؤد)

حضرت مہدی کا نام محمد یا احمد اور والد کا نام عبداللہ ہو گا اور والدہ کا نام آمنہ۔ مہدی ان کا نام نہیں بلکہ لقب ہے جس کے معنی ہیں ہدایت یافتہ۔ مہدی ابھی پیدا نہیں ہوئے عام انسانوں کی طرح پیدا ہوں گے چالیس سال کی عمر میں امت مسلمہ ان کو اپنا قائد بنائے لے گی اور ان کے ہاتھ پر بیعت کر کے کفر کے برپا کردہ مظالم کے خلاف وہ عظیم جہاد شروع کریں گے جس کا اختتام عالمی خلافت اسلامیہ کے قیام پر ہو گا۔

Marfat.com

ظہور مہدی کی یقینی علامت یہ ہے کہ وہ لشکر جسے سفیانی بھیجے گا زمین میں دھنس جائے لیکن کچھ واقعات ایسے ہیں جو ظہور مہدی سے پہلے رونما ہوں اور وہ اس کے ظہور کے انتہائی قریب ہونے کی علامت ہوں گے علاوہ ازیں سعودی عرب کے بادشاہ کی وفات اور وہاں بادشاہت کے لیے جنگ کا چھڑنا وغیرہ اہم علامتیں ہیں اس کے علاوہ مغربی لشکر کے جھنڈوں کا خروج جن کی قیادت ایک لنگڑا کر رہا ہوگا۔ نعیم نے کعب سے روایت کی ہے کہ خروج مہدی کی علامت وہ جھنڈے ہیں جو مغرب سے نکلیں گے جن کی قیادت کندہ (کینیڈا) کے لنگڑے کے ہاتھ میں ہوگی

(کتاب الفتن ص 205)

ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ امریکی اور یورپی اتحادی لشکر کے مغربی جھنڈے نکل چکے ہیں اور ان کا کمانڈر انچیف خوبصورت بیچوں والا لنگڑا Richard Myres ہے۔

دوسرے اہم علامت دریائے فرات کا سونے کے پہاڑ سے پردہ ہٹنا اور لوگوں کا اس پر ایک دوسرے سے لڑنا۔ (کتاب الفتن جلد 13' ص 81) صحیح بخاری میں ہے کہ قریب ہے کہ فرات سونے کے پہاڑ کو کھول دے گا۔

حافظ ابن حجر نے اس حدیث کی شرح میں لکھا ہے کہ ایسا ظہور مہدی کے وقت ہوگا ایسا عالمی جنگ کے دوران ہوگا ہو سکتا ہے کہ دریا کی پسپائی (اس کے پانی کا اتار) ایٹمی بمباری کے نتیجہ میں ہوتا کہ جلدی سے خزانے نکال لیے جائیں یا یہ پسپائی ان بندوں کے بند کرنے کی وجہ سے ہو جن کی تعمیر کا ذمہ واقعی ترکی نے لے رکھا ہے اور آخری بن "اہلیسو" ہے جو ممکن ہے دریائے فرات کا پانی بالکل روک دے اور دریا پیچھے ہٹ جائے۔

## ظہور مہدی کی علامات:

تیسری اہم علامت رمضان کے عجیب وغریب واقعات اور شوال' ذی قعدہ اور ذی الحجہ میں شدید فتنوں کا ظہور' مہدی کا ظہور محرم میں ہوگا اور اس کے ظہور سے قبل

Marfat.com

رمضان میں آسمان پر عجیب وغریب امور اور واضح علامتیں ظاہر ہو جائیں گی۔ ایک لرزہ طاری ہو گا اور لوگ بڑی بھیانک آوازیں سنیں گے ایک دم دار ستارہ طلوع ہو کر آسمان کو روشن کر دے گا سورج اور چاند گہنا جائیں اگر یہ سب کچھ رمضان میں ہوا تو شوال میں شورشرابہ ہو گا۔

ذی قعدہ میں قبائل کی باہم کھینچا تانی اور اسلامی ممالک کے درمیان اختلافات پیدا ہو جائیں گے ذی الحجہ میں حاجیوں کی لوٹ مار اور موسم حج میں مسلمان قبائل اور اقوام کا باہمی جنگ وجدال ہو گا یہاں کہ جمرہ عقبہ پر خون بہے گا یعنی منیٰ میں عید الاضحیٰ کے ایام میں ایسا ہو گا جب یہ واقعات ہوں گے تو مہدی کا ظہور ہو گا اور عاشورہ کے دن محرم کے مہینہ میں اس کے ہاتھ پر بیعت ہو گی۔

نعیم بن حماد نے سند کے ساتھ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے انہوں نے فرمایا رمضان میں آسمان پر چمکتے ستون کی طرح کا علامت ظاہر ہو گی شوال میں بلائیں ہوں گی اور ذی قعدہ میں ہلاکت' ذی الحجہ میں حاجیوں کو لوٹ لیا جائے گا محرم کا مہینہ کیا بات ہے محرم کے مہینہ کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رمضان میں ایک آواز سنائی دے گی شوال میں شورشرابہ ہو گا اور ذی قعدہ میں قبائل کی باہمی کشمکش۔ اس سال حاجیوں کو لوٹ لیا جائے گا اور منیٰ میں بڑا کشت وخون ہو گا۔ بہت سے لوگ قتل ہو جائیں گے وہاں اس وقت خون ریزی ہو گی جبکہ وہ جمرہ عقبہ میں ہوں گے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر رمضان میں چیخ سنائی دے گی تو شوال میں شورشرابہ ہو گا ہم نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم یہ چیخ کیسی ہو گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۱۵ رمضان المبارک جمعہ کی رات کو ایک دھماکہ ہو گا جو سونے والوں کو بیدار کر دے گا۔ کھڑے ہونے والوں کو بٹھا دے گا شریف زادیاں اپنی خلوت گاہوں سے جمعہ کی رات کو نکل آئیں گے اس سال زلزلے بہت آئیں گے

Marfat.com

جب تم جمعہ کے دن فجر کی نماز پڑھ لو تو اپنے گھروں میں داخل ہو کر دروازے اور کھڑکیاں بند کر لینا اپنی چادریں اوڑھ لینا اپنے کان بند کر لینا اور جب تمہیں چیخ کا احساس ہو تو اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہو جانا اور یہ پڑھنا سبحان القدوس (پاک ہے وہ وہ جو نقائص سے منزہ ہے) سبحان القدوس' ربنا القدوس (ہمارا رب جو نقائص سے منزہ ہے) جو ایسا کرے گا نجات پا جائے گا اور جو ایسا نہیں کرے گا ہلاک ہو جائے گا۔

محمد بن علی کا قول ہے کہ ہمارے مہدی کی دو نشانیاں ہیں جو زمین و آسمان کی تخلیق سے لے کر آج تک نظر نہیں آئیں۔ رمضان کی پہلی رات چاند کو گرہن لگے گا اور پندرہ رمضان کو سورج گرہن لگے گا جب سے اللہ نے زمین و آسمان کو پیدا کیا ایسا نہیں ہوا۔

## حضرت مہدیؑ کی بیعت:

مہدی ایک مرد صالح چالیس سالہ جوان ہو گا امامت کو ناپسند کرے گا اور حکومت سے کنارہ کشی کرے گا۔ اللہ کی قسم یہ آخری چیز ہے جس کی خواہش نیکو کاروں کے ذہن میں پیدا ہوتی ہے حکومت کی اپنی چمک دمک ہے مگر مہدی اس سے کنارہ کش ہو گا بلکہ اسے ناپسند کرے گا لیکن اللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں اس کی اصلاح کر دے گا اور اس کو قدرت عطا کرے گا کہ وہ ایک بڑے کام کے لیے امت جس کی منتظر ہے خلافت کی بیعت کو قبول کر لے۔ مہدی مدت خلافت جنگوں سے لبریز ہو گی اس میں اسے نہ راحت کا موقع ملے گا اور نہ مصالحت کا۔

نعیم بن حماد نے عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا'' جب راستے بند ہو جائیں گے اور فتنوں کا دور دورہ ہو گا تو مختلف اطراف سے سات عالم نکلیں گے (پاکستان و افغانستان' ترکی' شام' مراکش' الجزائر' ازبکستان اور سوڈان) انہوں نے ملاقات کے لیے وقت کا تعین نہیں کیا ہو گا۔ ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ

Marfat.com

پر ۳۱۰ سے کچھ زیادہ آدمی بیعت کریں گے وہ مکہ میں جمع ہوں گے جہاں ساتوں کی ملاقات ہو گی اور ایک دوسرے سے پوچھیں گے کیسے آنا ہوا؟

وہ جواب دیں گے کہ ہم اس آدمی کی تلاش میں آئے ہیں جس کے ہاتھوں فتنوں کو فرو ہونا چاہیے اور جس کے ہاتھ قسطنطنیہ فتح ہو گا ہمیں اس کا حلیہ' اس کا نام اور اس کے ماں باپ کا نام معلوم ہے ساتوں کا اس بات پر اتفاق ہو جائے گا اور وہ اسے (مہدی) تلاش کریں گے اور مکہ میں پالیں گے۔ وہ اس (مہدی) سے پوچھیں گے تو فلاں کا بیٹا ہے؟ تو وہ کہے گا' میں تو انصاری ہوں۔ یعنی اللہ کے دین کی مدد کرنے والا۔

وہ ان سے بچ نکلے گا وہ اس کا تذکرہ جاننے والے لوگوں سے کریں گے انہیں بتایا جائے گا یہ شخص وہی ہے جس کی تم کو تلاش ہے۔ وہ مدینہ جا چکے ہوں گے وہ اسے مدینہ میں تلاش کریں گے وہ ان سے منہ موڑ کر مکہ واپس چلے جائیں گے وہ اسے مکہ میں تلاش کریں گے اور اسے پالیں گے وہ اس سے پوچھیں گے کہ تو فلاں بن فلاں اور تیری ماں فلاں بنت فلاں ہے؟ اور تجھ میں یہ یہ علامتیں ہیں تو ایک مرتبہ ہم سے بچ نکلا۔ ہاتھ پھیلاؤ ہم تمہاری بیعت کریں۔ وہ کہے گا میں تمہارا مطلوبہ شخص نہیں ہوں' میں فلاں بن فلاں انصاری ہوں۔ یہاں تک کہ وہ زندہ بچ نکلے گا وہ اسے مدینہ میں تلاش کریں گے اور وہ ان سے اعراض کر کے مکہ لوٹ جائے گا وہ اسے مکہ میں رکن یمانی (حجر اسود) کے قریب جا لیں گے اور کہیں گے ہمارا گناہ تم پر ہو گا اور ہمارا خون تیری گردن پر اگر تم بیعت کے لیے ہاتھ نہ پھیلاؤ گے سفیانی کا لشکر ہماری تلاش میں نکل پڑا ہے تب وہ رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان بیٹھ کر اپنا ہاتھ بڑھا کر بیعت لیں گے ان کے ہاتھ پر بیعت ہو گی اور اللہ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دے گا وہ ایسی قوم کو لے کر روانہ ہو گا جو دن کو شیر معلوم ہوتے ہیں اور رات کو گوشہ نشین زاہد''۔

(کتاب الفتن' ص 214)

Marfat.com

قارئین! آپ ان شیروں کو اور گوشہ نشین زاہدوں کو افغانستان و عراق میں لڑنے والے مجاہدین کو دیکھ سکتے ہیں جن کے دن پہاڑوں' جنگلوں اور صحراؤں میں صلیبی دشمنوں کے خلاف لڑتے گزرتے ہیں تو راتیں اللہ کے حضور آنسوؤں کی لڑیاں گراتے اور ہاتھ پاؤں کانپتے' روتے گڑگڑاتے گزرتی ہیں۔

حضرت ثوبانؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم دیکھو خراسان سے سیاہ جھنڈے نکل آئے تو اس لشکر میں شامل ہو جاؤ' کیونکہ اس لشکر میں اللہ کے آخری خلیفہ مہدی ہوں گے۔

(مسند احمد جلد 5' صفحہ 277)

اس حدیث میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اس لشکر میں ضرور شامل ہونا اپنے کیونکہ اس میں مہدی ہوں گے اس مراد مہدی کی جماعت ہوگی اور عرب پہنچ کر حضرت مہدی کے ساتھ شامل ہو جائیں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس لشکر میں خود مہدی ہوں (واللہ اعلم) ایک دوسری حدیث میں فرمایا اس لشکر میں ضرور شامل ہونا چاہے تمہیں برف پر گھسٹ کر ہی کیوں نہ آنا پڑے۔ برف پر چلنا بہت مشکل ہے جب دن میں سورج پڑتا ہے تو آنکھوں میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی نے دہکتے انگارے بھر دیئے ہوں اور اگر زیادہ دیر برف میں چلا جائے تو پاؤں جلنے کا خطرہ ہو جاتا ہے اور برف کا جلا آگ کے جلے سے کئی گناہ اذیت ناک ہوتا ہے۔ حضرت مہدی کا ظہور اس وقت ہو گا جب زمین گناہوں سے اور عالم اسلام کفر کے ظلم و جبر سے بھر جائے مسلمان اپنی قیادتوں سے تنگ و نالاں ہوں گے اور کسی نجات دہندہ قائد کا شدت اور بے چینی سے انتظار کر رہے ہوں اور اس جبر کے عالم کفر کی پیش قدمی کے سامنے اپنی جہادی مشن جاری رکھیں گے حتی کہ پوری دنیا میں تھوڑا سا ٹکڑا رہ جائے گا جو ان کی پناہ گاہ ہوگا۔

بتایئے قارئین! افغانستان (خراسان) سے کالے جھنڈے نکل چکے ہیں یا کہ نہیں؟ (یاد رہے القاعدہ کے جھنڈے سیاہ ہیں) پہچان میں کوئی مشکل نہیں' کوئی سمجھ کر

Marfat.com

بھی نہ سمجھے تو اس کی مرضی' ورنہ کوئی پردہ نہیں کوئی رکاوٹ نہیں اور کوئی حائل نہیں۔ جہادی مشن کو جاری رکھنے والوں کی پناہ گاہوں کو دیکھ لیجئے بصیرت والے دیکھ سکتے ہیں۔

## حضرت مہدی کا خطبہ:

نعیم بن حماد نے روایت کی ہے کہ مہدی کا ظہور عشاء کے وقت مکہ میں ہوگا نماز پڑھنے کے بعد آپ اونچی آواز سے اعلان کریں گے اور اللہ کی حمد وثنا کے بعد کہیں گے۔

اے لوگو! میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں تمہیں اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونا ہے اس نے انبیاء کو بھیج کر اور کتاب کو نازل کر کے حجت قائم کر دی ہے اور تمہیں حکم دیا ہے کہ کسی شے کو اس کا شریک مت ٹھہراؤ اور اس کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر مداومت کرو۔ جس چیز کو قرآن نے زندگی بخشی ہے اسے زندہ کرو اور جس چیز کو قرآن نے ختم کیا ہے اسے ختم کرو۔ ہدایت کے معاون اور تقوی کے مددگار بن جاؤ کیونکہ دنیا کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا ہے اور اس نے الوداع کا اعلان کر دیا ہے میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بلاتا ہوں اور اس کی کتاب پر عمل کرنے' باطل کا خاتمہ کرنے اور سنت کو زندہ کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔

## حضرت مہدی اور جنگ عظیم:

حضرت مہدی کے دور میں لڑی جانے والی جنگ آخری جنگ عظیم ہوگی یعنی حق و باطل کا آخری معرکہ جس میں دونوں فریقوں میں سے کوئی بھی اس وقت تک پیچھے نہیں ہٹے گا جب تک اس کی قوت ختم نہ ہو جائے۔ یہ جنگ مہدی کے علاقہ تک محدود نہیں ہوگی بلکہ یہ جنگ بیک وقت کئی محاذوں پر چل رہی ہوگی جن میں ایک محاذ تو وہ ہوگا جس پر خود حضرت مہدی کمانڈ کر رہے ہوں گے دوسرا بڑا محاذ فلسطین کا ہوگا تیسرا عراق کا ہوگا اس کے علاوہ ہندوستان اور کئی دوسرے محاذ بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

ان تمام جنگی محاذوں کی کمانڈ دمشق کے قریب الغوطہ کے مقام پر حضرت مہدی کے ہاتھ ہوگی اور ہر محاذ کے کمانڈر سے حضرت مہدی کا رابطہ ہوگا۔

حضرت ابوالدرداءؓ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنگ عظیم کے وقت مسلمانوں کا خیمہ (فیلڈ ہیڈ کوارٹر) شام کے شہروں میں سے سب سے اچھے شہر دمشق کے قریب ''الغوطہ'' کے مقام پر ہوگا۔

(ابوداؤد)

آج افغانستان و عراق اور دیگر محاذوں پر جاری جہاد میں مرکزی کمانڈ ایک شخص کی ہے اور ہر علاقے کا کمانڈر اپنے امیر کے رابطے میں ہے اور اسی کے ہدایات کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی جہادی کارروائیاں جاری کیے ہوئے ہیں۔

## حارث و منصور کون؟

حضرت ہلال ابن عمرو نے فرمایا کہ میں نے حضرت علیؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص ماوراء النہر سے چلے گا اسے حارث (کسان) کہا جاتا ہوگا اس کے لشکر کے اگلے حصہ (مقدمۃ الجیش) پر مامور شخص کا نام منصور ہوگا جو آل محمد کے لیے (خلافت کے مسئلہ میں) میں راہ ہموار کرے گا یا مضبوط کرے گا جیسا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش نے ٹھکانہ دیا تھا سو ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اس لشکر کی مدد و تائید کرے یا یہ فرمایا کہ (ہر مسلمان پر واجب ہوگا کہ وہ) اس شخص کی اطاعت کرے۔

(ابوداؤد)

ماوراء النہر دریائے آمو کے اس پار وسط ایشیائی ریاستوں کے علاقوں کو کہا جاتا ہے جن میں ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان، آذربائیجان، قازقستان اور چیچنیا وغیرہ شامل ہیں۔ اس وقت خراسان (افغانستان) میں دجالی قوتوں سے برسرپیکار مجاہدین

Marfat.com

میں بڑی تعداد ازبک مجاہدین کی بھی ہے جنہوں نے افغانستان میں اب تک امریکہ کے خلاف ہونے والی کارروائیوں میں ایسی ہمت وشجاعت کا مظاہرہ کیا ہے کہ عرب مجاہدین بھی ان کی ہمت و بہادری کی داد دیے بغیر نہ رہ سکے نیز طالبان کی پسپائی کے وقت تک تمام مہمان مجاہدین کی قیادت بھی امیر المومنین ملا عمر (حفظہ اللہ) نے ازبک و ترک مجاہدین ہی کو سونپ رکھی تھی یہ بھی امکان ہے کہ افغانستان ہی سے یہ مجاہدین اس لشکر کی قیادت کریں۔

حارث اور منصور دو لقب ہیں۔ دو ذمہ داریاں ہیں دو عظیم خدمات ہیں جو یہ حضرات دین اسلام کی سر بلندی کے لیے انجام دیں گے جب حضرت مہدی سات علماء کے مجبور کرنے پر امارت قبول کرتے ہوئے اصلاح و جہاد پر بیعت لیں گے تو پہلے پہل انہیں دنیائے کفر سے زیادہ اپنے ان لوگوں (جس طرح آج کے دور میں مجاہدین کو اپنے لوگوں سے خطرہ ہے) سے خطرہ ہوگا جو غفلت' دنیا پرستی' فتنہ مادیت میں مبتلا ہو جانے یا احادیث کی عصر حاضر پر تطبیق نہ کر سکنے کی وجہ سے انہیں اصلاحی و جہادی قائد ماننے سے انکار کر دیں گے اس وقت سے پہلے حضرت مہدی کی کوئی جماعت' کوئی تحریک یا تنظیم وغیرہ کچھ نہیں ہوگی ایک یکا وتنہا' غریب ومسافر شخص جس کے ساتھ چند علماء اور ان علماء کے مقلد چند جانباز ہوں گے اسے غیروں کے علاوہ اپنوں کی بھی شدید مخالفت کا سامنا ہوگا۔

اس کو جس نصرت اور اعانت کی ضرورت ہوگی اس کے لیے اللہ تعالیٰ دو افراد کو توفیق دے گا کہ ایک ان کے مالی کفالت وخبر گیری کرے گا اور دوسرا ان کے لیے عسکری کمک و رسد کا انتظام کرے گا۔ حدیث شریف میں ''حارث'' یعنی کسان کو کہا گیا ہے کہ وہ زراعت وغیرہ کے ذریعے کسانوں کی طرح محنت کرے گا اور دولت کما کر حضرت کی خدمت میں پیش کر کے انفاق فی سبیل اللہ کا وہ عمل زندہ کرے گا جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی پیاری سنت ہے۔

Marfat.com

دوسرے کو منصور یعنی وہ شخص جس کی غیبی مدد کی جائے' کا علامتی نام دیا گیا ہے وہ عسکری امور کا ماہر جو قابل اور دلیر سالار ہو گا اور حضرت مہدی کے دشمنوں کو روندتا ہوا اور حضرت مہدی کے لشکر کی راہ ہموار کرتا ہوا بڑھتا چلا جائے گا اور قدرت کی غیبی مدد کی بدولت اس کا اور اس کے ساتھ مجاہدین کا راستہ کوئی نہ روک سکے گا۔

اس کی مثال (یا حقیقت) اگر سمجھنا چاہیں تو آج کے دور میں عالم کفر کو مطلوب دو اہم شخصیات میں سے ایک (ملا عمر) نے طاغوت سے برسر پیکار لشکر اسلام کی عسکری مدد کی ہے ان کو پناہ فراہم کی ہے اور دوسرا (شیخ اسامہ بن لادن) اللہ کے لیے کمائے گئے اموال میں سے اللہ کے سپاہیوں پر اللہ کے لیے خرچ کر رہا ہے۔

حدیث شریف کا بعینہ مصداق یہ دو شخصیتیں ہوں یا نہ ہوں لیکن بمطابق حدیث اس طرح کی شخصیات کی مدد کرنا امت کے ہر مرد و عورت پر فرض ہے ان شخصیات کو ان کے کارناموں اور دین کے لیے دی گئی قربانیوں سے پہچانا جاتا ہے۔

## حضرت مہدی کی جدوجہد:

حضرت مہدی کے خروج کے بعد ان کی جدوجہد کی نوعیت کیا ہو گی اور جو کچھ کریں گے وہ ان کے لیے کیونکر ممکن ہو گا؟ بیعت جہاد کے بعد قیام خلافت تک انہیں دنیا بھر کی ترقی یافتہ ترین طاقتوں سے جس قیامت خیز معرکہ آرائی کا سامنا ہو گا اس کی گرمی سے وہ کیونکر سرخرو ہو کر نکلیں گے؟ جبکہ آج کی دنیا میں سیاسی' فکری' معاشی' عسکری غرض ہر سطح پر طاغوتی طاقتیں ناقابل شکست طور پر غالب نظر آ رہی ہیں۔

کیا اس صورت حال میں حضرت مہدی کسی ماوراء الفطرت قوت کے مالک ہوں گے کہ ان تمام مادی قوتوں کو طبعی قوانین سے ہٹ کر شکست دینا ان کے لیے ممکن ہو گا؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" مہدی میں اللہ تعالیٰ ایک رات میں (قیادت کی) صلاحیت پیدا فرما دیں گے۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ حضرت مہدی کے ہاتھ میں بے شمار کرامات اور صلاحیتیں پیدا کریں گے ان کی سب سے بڑی کرامت یہ ہوگی کہ وہ جب اپنے ساتھیوں کو گناہوں سے سچی توبہ کروا کر مٹی ہوئی سنتوں کو زندہ کریں گے تو اس کی برکت سے ان کے تمام ساتھیوں کو یکسوئی اور یک فکری نصیب ہو جائے گی۔ وہ جینے مرنے (شہادت) میں مہدی کی کامل اطاعت کریں گے اور موت کو سامنے دیکھ کر بھی منہ نہیں موڑیں گے۔ موت کو خوشی خوشی گلے لگائیں گے جیسے کہ آج کے دور میں مجاہدین قربانیاں دے رہے ہیں۔

اس وقت 310 سے کچھ زیادہ لوگ بیعت کریں گے ایک دوسری روایت کے مطابق ۱۲ ہزار اور زیادہ سے زیادہ پندرہ ہزار لوگ جمع ہوں گے وہ ان کو لے کر نکلیں گے اور دشمن کے جس لشکر سے مڈبھیڑ ہوگی اللہ کے حکم سے وہ شکست سے دوچار ہوتا جائے گا۔

## حضرت مہدی اور غزوہ ہند:

حضرت ثوبانؓ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مروی ہے کہ ”اللہ رب العزت میری امت کے دو گروہوں کو دوزخ کے عذاب سے بچائے گا (یعنی وہ عذاب جہنم سے محفوظ رہیں گے اور جنتی ہوں گے) ان میں سے ایک ہندوستان میں جہاد کرے گا اور دوسرا حضرت عیسی علیہ السلام کے ہمراہ ہوگا“۔

(کنز العمال، مسند احمد، سنن نسائی)

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”تم میں سے ایک جماعت ہندوستان کے ساتھ جنگ کرے گی اسے اللہ تعالیٰ فتح نصیب فرمائیں گے یہاں تک کہ یہ فاتحین، اہل ہند کے حکمرانوں کو زنجیروں اور بیڑیوں میں جکڑ لیں گے اس (جہاد ہند) سے مسلمان فارغ ہوں گے تو (مشرقی وسطیٰ کی جانب یہودی فتنہ کی سرکوبی کے لیے پہنچیں گے) شام میں مسیح ابن مریم علیہما السلام کو پائیں گے“۔

(کتاب الفتن، کنز العمال)

Marfat.com

قارئین آپ نے احادیث مبارکہ پڑھ لیں اب غزوہ ہند کے بارے میں حضرت نعمت اللہ کی پیشن گوئیاں بھی پڑھیں جو بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ اگرچہ یہ پیشن گوئیاں کوئی قطعی یقین نہیں دیتیں البتہ ان میں سے کئی احادیث کے ساتھ مطابقت رکھتی ہیں۔ ''اچانک مسلمانوں کے درمیان ایک شور برپا ہوگا اور اس کے بعد وہ کافروں (بھارت) سے ایک بہادرانہ جنگ کریں گے پھر محرم کا مہینہ آئے گا اور وہ مسلمانوں کے ہاتھ میں تلوار دے گا اور وہ مسلح ہو کر جارحانہ اقدام کریں گے پھر حبیب اللہ نامی ایک شخص جو اللہ کی طرف سے صاحب قرآن ہوگا اللہ کی مدد کے ساتھ اپنی تلوار میان سے نکالے گا''۔

''یہ جنگ وجدال چند سال تک سمندر اور میدان میں وحشیانہ طور سے جاری رہے گی بے ایمان ساری دنیا کو تباہ کر دیں گے آخر کار ہمیشہ کے لیے جہنم کا ایندھن بن جائیں گے اور پھر اچانک موسم حج میں حضرت مہدی خروج فرمائیں گے''۔

''وہ دیکھ رہا ہے کہ راجستھان اسلامی ملک میں شامل ہو گیا اور لال قلعہ پر اسلام کا جھنڈا لہرا رہا ہے''۔

''افغانی و دکنی اور ایرانی مل کر ہندوستان' مردانہ وار فتح کر لیں گے۔''

خدا کے فضل و کرم سے قوم مسلمان خوش ہو جائے گی اور پورا ہندوستان ہندوانہ رسوم سے پاک ہو جائے گا''۔

ایک حقیقی بڑی اور ہیبت ناک جنگ آنے والی ہے جس میں مسلمانوں کے کمانڈر حضرت مہدی کا مقابلہ تمام کفر سے ہوگا جس کے شہیدوں اور غازیوں کو جنت کی بشارت اور حضرت عیسی علیہ السلام کی زیارت اور ان کے ساتھ شامل ہونے کی بشارت ہے جو کہ احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔ اس جنگ میں بہت سے مسلمانوں کی شہادتیں ہوں گی۔ یہ آخری دو جنگیں ہوں گی جن میں حق غالب اور کفر نیست و نابود ہو جائے گا اب دیکھنا یہ ہے کہ کفار اتحادیوں میں کون ہے جو مسلمان ہو کر ابدی نیک بختی حاصل کرتا ہے یا بدبختی کی سیاہی اپنے منہ پر ملتا ہے۔

Marfat.com

## حضرت مہدی سے پہلے دنیا کا منظر نامہ:

حضرت مہدی کے ظہور سے پہلے یہ عجیب وغریب قسم کا منظر نامہ پیش آئے گا جس کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرامؓ کو آنے والے فتنوں کے بارے میں پیشن گوئیاں کی ہیں۔ آنے والے فتنے تو بہت زیادہ ہیں جو کہ احادیث کی کتابوں میں مذکور ہیں لیکن یہاں چند مشہور فتنوں کے متعلق ذکر کیا جا رہا ہے۔

☆ حضرت علیؓ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جب میری امت پندرہ خصلتوں کا ارتکاب کرے گی تو ان پر بلائیں نازل ہوں گی پوچھا گیا کہ یا رسول اللہ! وہ کون سے افعال ہوں گے؟ فرمایا جب مال غنیمت کو اپنی دولت سمجھا جائے گا اور امانت کو غنیمت کی طرح سمجھا جائے گا اور زکوۃ کو تاوان سمجھا جائے گا اور آدمی اپنی بیوی کی اطاعت کرے گا اور اپنی ماں کی نافرمانی کرے گا اور اپنے دوست کے ساتھ احسان کرے گا اور اپنے باپ کے ساتھ بے وفائی کرے گا اور مساجد میں آوازیں بلند کی جائیں گی اور قوم کا سب سے ذلیل آدمی قوم کا حاکم ہوگا اور آدمی کا احترام اس کے شر سے بچنے کے لیے کیا جائے گا اور شراب پی جائے گی (کثرت سے ) اور (مرد) ریشم پہنیں گے اور گانے والیاں اور گانے بجانے کے آلات بنا لیے جائیں گے اور اس امت کے بعد کا طبقہ پہلے لوگوں پر لعنت کرے گا پس اس وقت انتظار کرنا سرخ آندھی کا یا زمین کے دھنس جانے کا یا چہرے مسخ ہو جانے کا۔

(ترمذی شریف' جلد 4 صفحہ 494)

اب حضرات اس حدیث کو سامنے رکھ کر دیکھیں ہمارے ملک میں کون سا فتنہ ابھی باقی ہے یہ حدیث ہمیں مہدی کے خروج کا پتہ دیتی ہے۔

☆ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ قریب ہے کہ لوگوں پر ایسا وقت آئے کہ اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا اور قرآن کے صرف الفاظ رہ جائیں گے وہ مسجدیں تعمیر کریں گے حالانکہ وہ اللہ کے ذکر سے خالی ہوں گی اس زمانے میں لوگوں میں سب سے بد

Marfat.com

ترین علماء (علماءِ سوء) ہوں گے انہی سے فتنے نکلیں گے اور ان ہی میں واپس لوٹیں گے۔
(تفسیر قرطبی جلد 12 صفحہ 280)

## عدل و انصاف کا خاتمہ:

اس وقت پوری دنیا میں مسلمانوں کی تعداد ایک ارب چالیس کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے لیکن اسلام کی حالت کیا ہے کسی ایک ملک میں اسلامی نظام نافذ نہیں۔ سجدے میں گر کر اللہ کی برتری کا اعلان کرنے والوں کی تعداد تو بہت زیادہ ہے لیکن حقیقت حال یہ ہے انہوں نے اللہ کی حاکمیت اعلیٰ کو انسانوں کے بنائے ہوئے کفریہ جمہوری نظام کے ہاتھوں فروخت کر دیا ہے۔ آج کا مسلمان اللہ کو بھی راضی رکھنا چاہتا ہے اور طاغوت کو بھی ناراض نہیں کرنا چاہتا۔

☆ حضرت ابو امامہ باہلیؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام کی کڑیاں ضرور ایک ایک کر کے ٹوٹیں گی چنانچہ جب ایک کڑی ٹوٹے گی تو لوگ اس کے بعد والی کڑی کو پکڑ لیں گے ان میں سب سے جو کڑی پہلے ٹوٹے گی وہ اسلامی نظام عدالت کی کڑی ہو گی اور سب سے آخر میں ٹوٹنے والی کڑی نماز کی ہو گی۔

(شعب الایمان جلد 4 صفحہ 326)

امت مسلمہ میں سب سے پہلے جو چیز اٹھے گی وہ ہے امارت اسلامیہ۔ امارت کے ختم ہوتے ہی عدالتی نظام یعنی عدل و انصاف بھی ختم ہو جاتا ہے۔

## فتنوں کی یلغار:

☆ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس وقت تک قیامت نہیں آ سکتی جب تک زمانہ آپس میں بہت قریب نہ ہو جائے چنانچہ سال مہینے کے برابر، مہینہ ہفتہ کے برابر اور ہفتہ دن کے برابر اور دن گھنٹے کے برابر اور گھنٹہ کھجور کی پتی یا شاخ کے جلنے کی مدت کے برابر ہو جائے گا۔

(ابن حبان جلد 15 صفحہ 256)

Marfat.com

☆ حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک درندے آدمیوں سے بات نہ کرنے لگیں اور آدمی کے چابک کا پھندا اور اس کے جوتے کا تسمہ اس سے بات نہ کرنے لگے اور انسان کی ران اس کو یہ بتایا کرے کہ اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں نے کیا بات کی ہے اور کیا کام کیے ہیں؟

(ترمذی)

یہ حدیث ہمیں جدید ٹیکنالوجی کے بارے میں اطلاع کرتی ہے کہ چودہ سو سال پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو بتایا جو آج سچ ثابت ہو چکی ہے ترقی یافتہ ممالک میں ایسی چپیں تیار کی جا چکی ہے بلکہ زیر استعمال ہیں یہ چپ کسی کو لگائی جائے تو دور بیٹھا شخص اس کی تمام باتیں سن بھی سکتا ہے اور اس کو دیکھ بھی سکتا ہے اسکے علاوہ اگر اس چپ کو نکال کر اس کا ڈیٹا کمپیوٹر میں ڈاؤن لوڈ کیا جائے تو سب کچھ پتہ چل سکتا ہے کہ اس شخص نے آپ کی غیر موجودگی میں کیا کچھ کیا ہے۔ جانوروں کی بولیاں سمجھنے اور جاننے کے لیے مغربی ممالک میں آئے دن نت نئے تجربات کیے جا رہے ہیں۔

☆ حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا فتنے دلوں پر یلغار کرتے ہیں سو جو دل اس (فتنے) کو برا جانتا ہے تو اس دل میں ایک سفید نکتہ پڑ جاتا ہے اور جو دل اس (فتنے) میں ڈوب جاتا ہے تو (دل) میں ایک کالا نکتہ پڑ جاتا ہے۔

☆ اگر تم میں سے کوئی شخص یہ جاننا چاہتا ہے کہ آیا وہ فتنے میں مبتلا ہوا یا نہیں تو اس کو چاہیے کہ وہ دیکھے کہ کوئی ایسی چیز جس کو پہلے وہ حرام سمجھتا تھا اب اس کو حلال سمجھنے لگا ہے یا کوئی ایسی چیز جس کو پہلے وہ حلال سمجھتا تھا اب اس کو حرام سمجھنے لگا ہے؟

(مستدرک ج 4 ص 515)

مندرجہ بالا احادیث کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی اصلاح کیجئے۔

☆ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فتنوں کے دور میں بہترین شخص وہ ہے جو اپنے گھوڑے کی لگام یا

Marfat.com

فرمایا اپنے گھوڑے کی نکیل پکڑے اللہ کے دشمنوں کے پیچھے ہو وہ اللہ کے دشمنوں کو خوف زدہ کرتا ہوا اور وہ اس کو ڈراتے ہوں یا وہ شخص جو اپنی چراگاہ میں گوشہ نشین ہو جائے اس پر جو اللہ کا حق (زکوۃ) ہے اس کو ادا کرتا ہو۔

(مستدرک جلد 4 صفحہ 510)

## فتنوں سے بچنے کے طریقے:

دجالی فتنوں سے بچنے کے لیے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طریقے بتائے ایک جہاد میں شامل ہو جانا اور دوسرا شہر سے دور جنگل میں اپنے مال مویشی کے ساتھ اللہ کی عبادت میں مصروف ہونا ہے۔ پہلی قسم مجاہدین جو اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کر رہے ہیں اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو اپنے مال مویشی لے کر پہاڑوں اور بیابانوں میں چلے گئے ہیں یا چلے جائیں گے اور اللہ کی اطاعت کریں گے۔ دوسری کے قسم کے لوگ صرف اپنا ایمان بچانے کے لیے اپنا گھر چھوڑ کر جائیں جبکہ مجاہدین صرف اپنے ایمان کی فکر نہیں بلکہ وہ ساری امت کے ایمان کو بچانے کی خاطر اور دجال کے فتنے کا زور توڑنے کی خاطر دجال اور اس کے صلیبی و مرتد لشکروں سے قتال کر رہے ہیں اپنا گھر، وطن، ماں باپ بیوی بچے اور مال و دولت غرض سب کچھ امت کا ایمان بچانے کے لیے قربان کر رہے ہوں اس زیادہ فضیلت مجاہدین کی ہی ہو گی۔

☆ حضرت کعبؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ قریب ہے کہ مشرقی سمندر دور ہو جائے گا اور اس میں کوئی کشتی بھی نہ چل سکے گی چنانچہ ایک بستی والے دوسری بستی میں نہ جا پائیں گے اور یہ جنگ عظیم کے وقت میں ہوگا اور جنگ عظیم حضرت مہدی کے وقت میں ہوگی۔

(السنن الواردۃ فی الفتن)

مشرقی سمندر سے یہاں مراد بحرہ عرب ہے دور ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس تک پہنچنا دشوار ہو جائے گا جس کی وجہ سے وہاں آمد و رفت بند ہو جائے گی۔ آپ

Marfat.com

اس بات کونقشہ میں دیکھ سکتے ہیں کراچی کے ساحل سے لے کر صومالیہ تک تمام بحری گذر گاہوں پر عالمی کفر کا قبضہ ہے گیارہ ستمبر کے بعد بحرہ ہند اور بحرہ عرب میں آنے جانے والے جہازوں کی سخت چیکنگ کی جارہی ہے آنے والے حالات میں مزید سخت ہونے کی وجہ سے سمندر کے راستے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا بہت مشکل ہو جائے گا۔ اس وقت دجالی قوتوں نے مکہ اور مدینہ کی ہر طرف سے ناکہ بندکر رکھی ہے تمام سمندری راستوں پر ان کا کنٹرول ہے۔ دجالی قوتیں حضرت مہدی تک پہنچنے والی تمام رسد کمک کو ہر طرف سے روکنا چاہ رہی ہے اور ان خاص جگہوں پر اپنا کنٹرول چاہتی ہیں جہاں سے حضرت مہدی کی مدد وحمایت کے لیے مجاہدین آسکتے ہیں۔

☆ حضرت جابر بن عبداللہؓ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ وقت قریب ہے عراق والوں کے پاس روپے اور غلہ آنے پر پابندی لگا دی جائے گی ان سے پوچھا گیا کہ یہ پابندی کس کی جانب سے ہوگی؟ تو انہوں نے فرمایا کہ عجمیوں کی جانب سے۔ پھر کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد کہا کہ وہ وقت قریب ہے کہ جب اہل شام پر بھی یہ پابندی لگا دی جائے گی پوچھا گیا کہ یہ رکاوٹ کس کی جانب سے ہوگی؟ فرمایا اہل روم (مغرب والوں) کی جانب سے۔ پھر فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میری امت میں ایک خلیفہ ہوگا جو لوگوں کو مال لپ بھر بھر کے دے گا اور شمار نہیں کرے گا نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے قبضے میں میری جان ہے یقیناً اسلام اپنی پہلی حالت کی طرف لوٹے گا جس طرح ابتداء مدینہ سے ہوئی تھی حتی کہ ایمان صرف مدینہ میں رہ جائے گا پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ مدینہ سے جب بھی کوئی بے رغبتی کی بنا پر نکل جائے گا تو اللہ اس سے بہتر کو وہاں آباد کر دے گا۔ کچھ لوگ سنیں گے کہ فلاں جگہ پر ارزانی اور باغ و زراعت کی فراوانی ہے تو مدینہ چھوڑ کر وہاں چلے جائیں گے حالانکہ ان کے واسطے مدینہ ہی بہتر تھا کہ وہ اس بات کو جانتے نہیں۔

(مستدرک جلد 4 صفحہ 456)

Marfat.com

عراق پر پابندی کی پیشن گوئی مکمل ہو چکی ہے حالات آپ کے سامنے ہیں موازنہ کر لیجئے۔ اب دیر کس بات کی؟

☆ امام مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابیؓ نے یہ بیان کیا کہ مہدی اس وقت تک نہیں آئیں گے جب تک نفس زکیہ کو قتل نہیں کر دیا جاتا چنانچہ جب نفس زکیہ قتل کر دیئے جائیں گے تو زمین و آسمان والے ان قاتلوں پر غضبناک ہوں گے اس کے بعد لوگ حضرت مہدی کے پاس آئیں گے اور انہیں نئی دلہن کی طرح منائیں گے جیسے کہ اس کو حجلہ عروسی میں لے جایا جاتا ہے وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے زمین اپنی پیداوار کو اگا دے گی اور آسمان خوب برسے گا اور ان کے دور خلافت میں امت ایسی خوشحال ہو گی کہ اس سے پہلے کبھی نہ ہوئی ہو گی۔

(ابن ابی شیبہ جلد 7 صفحہ 514)

نفس زکیہ کو شہید کر دیا جائے ان کا خدا کے ہاں محبوب ہونا اس قدر ہے کہ ان کی شہادت پر زمین و آسمان والے غضب ناک ہوں گے نیز وہ اہل ایمان کے ہاں بھی بہت مقبول ہوں گے اس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت کے اہل ایمان کو تسلی دی ہے کہ کتنی ہی محبوب ہستی کیوں نہ شہید کر دی جائے اس کی وجہ سے اپنا مشن نہیں چھوڑنا بلکہ منزل کی طرف بڑھتے رہنا کیونکہ بڑی چیزوں کو حاصل کرنے کے لیے قربانیاں بھی بڑی ہی دینی پڑتی ہیں اور اس مشن کے لیے کائنات کا قیمتی ترین خون بھی زمین پر گروایا گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مشن کی خاطر اپنے دندان مبارک بھی شہید کروا دیئے۔ آپ کے پیارے نواسوں کو اسی راہ میں قربان ہونا پڑا۔ اس مشن کے حامل افراد کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ خواہ کتنی ہی محبوب ہستی آپ سے جدا (شہید) ہو جائے بہت جلد آپ بھی تو (شہادت کے مرتبے سے فائز ہو کر) ان کے پاس پہنچنے والے ہیں۔

دورِ حاضر میں مجاہدین کے مایہ ناز کمانڈر اور قائدین شہادت کے مرتبے پر فائز ہو چکے ہیں جس میں ملا داد اللہ شہیدؒ زرقاوی شہیدؒ سید الشہداء شیخ اسامہ بن لادن

Marfat.com

شہیدؒ، امام انور العولقی شہیدؒ شہداء کی فہرست میں شامل ہو گئے لیکن ان کا مشن مزید مضبوط ہوا اور جہاد پہلے سے زیادہ ہو گیا ہے۔

## حضرت مسیح الہدیٰ کون؟

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا زندہ آسمانوں پر اٹھایا جانا اور قرب قیامت میں دوبارہ زمین پر نازل ہونا اہل اسلام کا مسلمہ عقیدہ ہے یہ عقیدہ احادیث متواترہ سے ثابت ہے اور اس کا انکار کفر ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قیامت کی نشانیوں میں سے ایک انتہائی اہم نشانی ہے قرآن پاک میں اس کی واضح دلیل موجود ہے۔

ترجمہ: اور بے شک حضرت عیسیٰؑ کا نزول قیامت کی ایک نشانی ہے لہٰذا تم قیامت کے آنے میں شک نہ کرو اور میری بات مان لو یہی سیدھا راستہ ہے۔

(سورۃ الزخرف)

جبکہ سورۃ النساء میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

ترجمہ: اور ان (یہودیوں) کے اس قول کی وجہ سے کہ ہم نے اللہ کے رسول عیسیٰ بن مریمؑ کو قتل کر دیا ہے حالانکہ نہ تو انہوں نے قتل کیا ہے نہ سولی چڑھایا بلکہ ان کے لیے ویسی (ایک) صورت بنا دی گئی تھی بلا شبہ عیسیٰؑ کے متعلق اختلاف کرنے والے شک وشبہ میں ہیں۔ تخمینی باتوں کے سوا کوئی یقینی علم نہیں اور یہ (یقینی) بات ہے کہ انہوں نے اسے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی طرف اٹھا لیا ہے اور اللہ بڑا زبردست اور حکمتوں والا ہے اہل کتاب میں سے ایک بھی ایسا نہ بچے گا جو حضرت عیسیٰؑ کی موت سے پہلے ان پر ایمان نہ لے آئے اور روز قیامت آپ ان پر گواہ ہوں گے۔

(سورۃ النساء)

قیامت کے قریب حضرت عیسیٰ بن مریمؑ آسمان سے نازل ہوں گے اور حکومت کریں گے مسلمان ان کی قیادت میں کفار کے خلاف جہاد کریں گے ان کے عہد مبارک میں مکمل عدل و انصاف ہو گا دولت کی فراوانی ہو گی لوگ آپس میں غیر

Marfat.com

معمولی پیار و محبت سے رہیں گے حسد، بغض اور کینہ بالکل نہیں ہوگا۔ حضرت عیسیٰ دمشق کے مشرقی حصہ میں (مسجد کے) سفید مینار کے پاس اپنے دونوں ہاتھ فرشتوں کے کندھوں پر رکھے ہوئے نازل ہوں گے نزول کے وقت ان کے سر کے بالوں سے پانی کے قطرے موتیوں کی طرح ڈھلکتے نظر آئیں گے جب آپ سر جھکائیں گے تو ایسا محسوس ہوگا کہ پانی کے قطرے ٹپک رہے ہیں آپؑ آسمان سے نازل ہوتے ہی غلبہ اسلام کے لیے جہاد شروع کر دیں گے ان کے عہد مبارک میں تمام ادیان ختم ہو جائیں گے ساری دنیا میں صرف اسلام کا بول بالا ہوگا۔

عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد آپ نبی نہیں بلکہ امتی ہوں گے اور شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق احکام نافذ فرمائیں گے۔ حضرت مہدی فجر کی نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوں گے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور حضرت مہدی کی امامت میں نماز ادا کریں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی بن کر آنا امت محمدیہ کے لیے بہت بڑا اعزاز ہے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کے لیے لڑتا رہے گا وہ گروہ قیامت تک (حق پر) قائم رہے گا جب حضرت عیسیٰ بن مریمؑ (آسمان سے) نازل ہوں گے تو مسلمانوں کا امیر حضرت عیسیٰ سے گزارش کرے گا تشریف لائیں اور ہمیں نماز پڑھائیں۔ حضرت عیسیٰ جواب میں فرمائیں گے نہیں! تم خود ہی آپس میں ایک دوسرے کے امام ہو۔

(کتاب الایمان ص 137)

تکمیلِ جہادِ حق کے لیے جب حضرتِ عیسیٰ آئے گے
اللہ کے لیے لڑنے والے اللہ کی زمین پر چھائیں گے

Marfat.com

## حضرت مسیح الہدیٰ کی پہچان:

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اور ان کے یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں اور وہ نازل ہوں گے جب تم ان کو دیکھو تو پہچان لینا۔ ان کا قد و قامت میانہ اور رنگ سرخ و سفید ہو گا ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں میں ہوں گے سر کے بال اگرچہ بھیگے نہ ہوں تب بھی (چمک اور صفائی کی وجہ سے) ایسے ہوں گے کہ گویا ان سے پانی ٹپک رہا ہے اسلام کی خاطر کفار سے قتال کریں گے پس صلیب توڑ ڈالیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ لینا بند کر دیں گے اور اللہ ان کے زمانہ میں اسلام کے سوا تمام مذاہب کو ختم کر دے گا اور (انہی کے ہاتھوں) دجال کو ہلاک کرے گا پس عیسیٰ علیہ السلام زمین میں چالیس سال رہ کر وفات پائیں گے اور مسلمان ان کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔

(ابوداؤد، مسند احمد، ابن ابی شیبہ)

صحیح بخاری کی ایک حدیث میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مزید علامات بیان فرمائی گئی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہایت حسین گندمی رنگ کے ہوں گے بال بہت گھنگھریالے نہیں ہوں گے بالوں کی لمبائی شانوں تک ہوگی سر سے پانی ٹپکتا ہو گا معتدل جسم و قامت کے ہوں گے سرخی مائل رنگ ہو گا جیسے ابھی حمام سے (غسل کر کے) آئے ہوں۔

## حضرت مسیح الہدیٰ کا مشن:

آپ کی نبی کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک منصف امتی کی طرح آئیں گے۔ اس بات پر سب کا اتفاق ہے آپ کی آمد کا مقصد عدل و انصاف، منصفی حکمرانی، عیسائیت و یہودیت کا خاتمہ اور دجال کا قتل۔

"عیسیٰ ابن مریم محض میری امت کے ایک منصف حکمران ہوں گے وہ صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو ہلاک کریں گے اور جزیہ ختم کریں گے"۔

(ابن ماجہ، کتاب الفتن)

Marfat.com

منصف حکمران سے معلوم ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مشن اسلام کی حکمرانی کو پوری دنیا پر قائم کرنا ہو گا۔ خنزیر کو ہلاک کرنے اور صلیب کو توڑنے کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ صلیب کی عبادت کرتے ہیں وہ اس کی عبادت چھوڑ دیں گے اور جو خنزیر کھاتے ہیں وہ اسے کھانا چھوڑ دیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام موجودہ تحریف شدہ عیسائیت کی تنسیخ اور دنیا سے اس کا خاتمہ کرنے کے لیے علامتی طور پر صلیب توڑیں گے اور خنزیر کھانے پر پابندی عائد کر دیں گے جو اس بات کی علامت ہو گی کہ دنیا میں اب حکمران صرف اسلامی احکام کی ہے۔ آپ کے ہاتھوں اس عمل کی تکمیل جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور معجزہ اور آپ کی صداقت کی ایک اور دلیل ہو گئی کہ خود عیسائیت (آج کل کا عالم مغرب) کے مقدس پیغمبر آ کر اسلام کی حقانیت کو ثابت اور عملاً نافذ کریں گے۔

اللہ تعالیٰ نے اہل حق کی خوشخبری اور باطل پرستی کی قلع قمع کے لیے یہ چیز مقدر کر دی ہے اور ضرور ہو کر رہے گی اس حدیث کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ اس میں کہا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آ کر جزیہ (ٹیکس) ختم کر دیں گے۔

اگر آپ دنیا پر ایک نظر ڈالیں تو ہر ملک نے اپنی رعایا پر ٹیکس عائد کر رکھا ہے چاہے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان ممالک کو مغرب' آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے ذریعے مجبور کرتا ہے کہ یہ ٹیکس نافذ کرے۔ کیونکہ یہ ایک عالمی حکومت کا حصہ ہے اور الجساسہ کا ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے ہر فرد کی جاسوسی (اس کے کوائف سے آگاہی) ممکن ہے کرہ ارض پر بسنے والے ہر شخص کے کوائف کا علم ٹیکس کے نظام کے تحت ہی حاصل کرنا ممکن ہے یہ سب کچھ مسیح مخالف ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ٹیکس کے خلاف ہوں گے اور اسے ختم کر دیں گے یوں ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ٹیکس کا نظام اصل میں دجالی نظام کا حصہ ہے۔

حضرت مہدی کی وفات کے بعد مجاہدین کی قیادت حضرت عیسیٰؑ کریں گے۔ آپ دجال کے لشکر پر حملہ کریں گے گھمسان کی جنگ ہو گی اور ''لد'' کے مقام پر

Marfat.com

دجال کو آپ اپنے نیزے سے قتل کریں گے دجال کے قتل کے بعد عیسائیت اور یہودیت ختم ہو جائے گی ساری دنیا میں صرف ایک ملت اسلامیہ باقی رہ جائے گی۔

## مسیح الہدیٰ کے بعد لیڈر کون؟

حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں (نازل ہونے کے اکیس سال بعد) نکاح کریں گے اور (نکاح کے بعد) دنیا میں انیس سال قیام فرمائیں گے۔ (اس طرح دنیا میں قیام کی کل مدت چالیس سال ہو جائے گی)۔

(فتح الباری' بحوالہ نعیم بن حماد)

دجال کے قتل کرنے کے بعد لوگ چالیس سال تک زندگی سے اس طرح لطف اندوز ہوں گے کہ نہ کوئی مرے گا نہ کوئی بیمار ہوگا (جانور بھی کسی کو نہ مالی نقصان پہنچائیں گے نہ جانی حتیٰ کہ) آدمی اپنی بکریوں اور جانوروں سے کہے گا جاؤ گھاس وغیرہ چرو۔ (یعنی چرنے کے لیے انہیں بغیر چرواہے کے بھیج دے گا) اور وہ بکری دو کھیتوں کے درمیان سے گزرتے ہوئے کھیت کا ایک خوشہ بھی نہ کھائے گی (بلکہ صرف گھاس اور وہ چیزیں کھائے گی جو جانوروں ہی کے لیے ہیں تا کہ زراعت کا نقصان نہ ہو) اور سانپ اور بچھو کسی کو گزند نہ پہنچائیں گے اور درندے گھروں کے دروازوں پر (بھی) کسی کو ایذا نہ دیں گے اور آدمی زمین میں ہل چلائے بغیر ہی ایک مد گندم بوئے گا تو اس سے سات سو مد (گندم) پیدا ہوگا۔

حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسیح علیہ السلام کے نزول کے بعد زندگی بڑی خوشگوار ہوگی بادلوں کو بارش برسانے اور زمین کو نباتات اگانے کی اجازت مل جائے گی حتیٰ کہ اگر تم اپنا بیج ٹھوس اور چکنے پتھر میں بھی بوؤ گے تو اگ آئے گا اور (امن و امان کا) یہ حال ہوگا کہ آدمی شیر کے پاس سے

Marfat.com

گزرے گا تو شیر نقصان نہ پہنچائے گا اور سانپ پر پاؤں رکھ دے گا تو وہ گزند نہ پہنچائے گا (لوگوں کے مابین) نہ بخل ہو گا اور نہ حسد اور نہ کینہ۔

(کنز العمال بحوالہ ابونعیم بن حماد)

آپؑ کانے دجال کو 'لد' کے مقام پر قتل کریں گے آپ کا زمانہ خلافت چالیس سال ہوگا۔ آپ شادی کریں اور آپ کی اولاد ہو گی۔ آپؑ کی تدفین رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک میں ہو گی۔ جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم مجھے خیال ہوتا ہے کہ میں آپ کے بعد زندہ رہوں گی تو کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ کے برابر دفن کی جاؤں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ جگہ تمہیں کیسے مل سکتی ہے؟ وہاں میری ابوبکرؓ کی' عمرؓ کی اور عیسیٰ بن مریمؑ کی قبر کے علاوہ کسی کی جگہ نہیں ہے۔

حضرت عبداللہ بن سلامؓ کا ارشاد ہے کہ تورات میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی صفات لکھی ہوئی ہیں اور (یہ کہ) عیسیٰ ابن مریمؑ ان کے پاس دفن کیے جائیں گے۔

(ترمذی)

عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد قبیلہ بنی تمیم کے ایک شخص کو خلیفہ بنایا جائے گا جس کا نام مقعد ہو گا۔

حضرت ابوہریرہؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ ابن مریمؑ نازل ہو کر دجال کو قتل کریں گے اور چالیس سال (دنیا میں) رہیں گے لوگوں میں کتاب اللہ اور میری سنت کے مطابق عمل کریں گے اور ان کی موت کے بعد لوگ عیسیٰ علیہ السلام کی وصیت کے مطابق (قبیلہ) بنی تمیم کے ایک شخص کو آپ کا خلیفہ مقرر کریں گے جس کا نام مقعد ہو گا مقعد کی موت کے بعد لوگوں پر تیس سال گزرنے نہ پائیں گے کہ قرآن پاک لوگوں کے سینوں اور ان کے مصاحف سے اٹھا لیا جائے گا۔

Marfat.com

بعض روایات حدیث سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد قیامت بہت جلد آ جائے گی اور مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم ایک سو بیس سال ضرور لگیں گے اس سے دونوں روایتوں میں تضاد کا شبہ ہوتا ہے جواب یہ ہے کہ اگر چہ ایک سو بیس سال کی مدت ہو مگر یہ ایک سو بیس سال نہایت سرعت سے گزر جائیں گے حتیٰ کہ ایک سال ایک مہینہ کے برابر اور ایک مہینہ ایک ہفتہ کے برابر اور ایک ہفتہ ایک دن کے برابر اور ایک دن ایک گھنٹہ کے برابر معلوم ہو گا۔ اوقات میں شدید بے برکتی کی پیشن گوئی مسند احمد کی ایک حدیث مرفوع میں صراحتاً موجود ہے جسے حضرت ابو ہریرہؓ نے روایت کیا ہے۔

روایات کے مجموعے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد قیامت تک کم از کم ایک سو بیس سال ضرور لگیں گے مثلاً حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے اثر میں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد قیامت سے پہلے ایک سو بیس برس تک عرب لوگ شرک و بت و پرستی میں مبتلا رہیں گے؟ اور فتح الباری میں تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد منقول ہے کہ آفتاب کے مغرب سے طلوع کے بعد لوگ دنیا میں ایک سو بیس سال تک رہیں گے پھر قیامت آئے گی۔
(واللہ اعلم)

Marfat.com

باب 4

# دجال

## دجال کون؟

مدینے کے یہودی گھرانے میں پیدا ہونے والا ''صاف'' دجال ہے جو پہلے اسلام لایا لیکن بعد میں مرتد ہو گیا اور اس کی کنیت ابن صیاد یا ابن صائد ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہمارا گزر بچوں سے ہوا جن میں ابن صیاد بھی تھا تمام بچے بھاگ گئے لیکن ابن صیاد بیٹھا رہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بری لگی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا'' تیرے ہاتھ غبار آلود ہوں کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں؟'' وہ بولا نہیں پھر ابن صیاد کہنے لگا تو (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں؟ حضرت عمرؓ (جو کہ آپ کے ساتھ تھے) نے کہا یا رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے اجازت دیں میں اسے قتل کر دوں۔ (ارتداد کی وجہ سے) رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ وہی ہے جس کا تجھے شک ہے (یعنی دجال) تو پھر تو اسے قتل نہیں کر سکتا۔ (اور اگر کوئی اور ہے تو اسے قتل کرنے کا فائدہ نہیں)۔

(مسلم شریف)

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ ایک دن (راستے میں) میری ملاقات ابن صیاد سے ہوئی اس وقت اس کی آنکھ سوجی ہوئی تھی میں نے پوچھا تیری آنکھ میں یہ ورم کب سے ہے؟ اس نے کہا مجھے نہیں معلوم۔ میں نے کہا آنکھ تیرے سر میں ہے

Marfat.com

اور تجھے ہی معلوم نہیں؟ اس نے کہا اگر خدا چاہے تو اس آنکھ کو تیری لاٹھی میں پیدا کر دے ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ (اس کے بعد) ابن صیاد نے اپنی ناک سے اتنی زور سے آواز نکالی جو گدھے کی آواز کے مانند تھی۔

(مسلم شریف)

ابن صیاد کے مشہور دجال ہونے یا نہ ہونے کا قصہ مشتبہ اور مشکل معاملہ ہے البتہ اس میں کوئی شک نہیں کہ منجملہ اور دجالوں کے ایک یہ بھی تھا علماء فرماتے ہیں کہ بظاہر احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سلسلے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی کہ وہی دجال ہے یا کوئی اور؟ البتہ دجال کی کچھ صفات آپ کو بذریعہ وحی بتا دی گئی تھیں جن میں سے کچھ ابن صیاد پر پوری اترتی تھیں اسی لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم قطعی طور پر فیصلہ نہ کر سکے کہ وہی دجال ہے یا کوئی اور؟ اور اسی وجہ حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ اگر یہ وہی ہوا تو تمہیں اس کو قتل کرنے کی طاقت نہیں۔

ابن صیاد دجال اکبر نہیں البتہ وہ بڑے دجالوں میں سے ایک ضرور ہے بعض علماء کا کہنا ہے کہ ابن صیاد کو بعض صحابہ دجال خیال کرتے تھے حالانکہ وہ دجال نہیں وہ تو ایک چھوٹا آدمی تھا۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ ہر نبی نے اپنی قوم کو فتنہ دجال سے با خبر کیا ہے اور ظاہر ہے کہ جب ہر نبی نے اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے تو معلوم ہوا کہ دجال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے بہت پہلے دنیا میں موجود تھا ورنہ نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو دجال سے ڈرانے کا کیا معنی؟ دجال تو صدیوں سے موجود ہے اور ابن صیاد زمانہ نبوی میں پیدا ہوا اور اس کو دجال کیسے کہا جا سکتا ہے معلوم ہوا کہ ابن صیاد دجال نہیں، بلکہ یہ دو الگ الگ شخصیتیں ہیں۔

حضرت تمیم داریؓ دجال کے جزیرے میں:

حضرت فاطمہ بنت قیسؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک منادی کو یہ اعلان کرتے ہوئے سنا کہ نماز تیار ہے چنانچہ میں مسجد گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی میں عورتوں کی اس صف میں تھی جو مردوں کے

Marfat.com

بالکل پیچھے تھی جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کی تو مسکراتے ہوئے منبر پر تشریف لائے اور فرمایا ہر شخص اپنی نماز کی جگہ پر بیٹھا رہے پھر فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے تمہیں کیوں جمع فرمایا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب یا ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا میں نے تمہیں صرف اس لیے جمع کیا ہے کہ (تمہیں یہ واقعہ سناؤں) تمیم داری ایک نصرانی شخص تھے وہ میرے پاس آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی جو اس خبر کے مطابق ہے جو میں تمہیں دجال کے بارے میں پہلے بتا چکا ہوں۔

چنانچہ انہوں نے مجھے خبر دی کہ وہ بنو لخم اور بنو جذام کے ۳۰ آدمیوں کے ہمراہ ایک بحری جہاز میں سوار ہوئے انہیں ایک مہینے تک سمندر کی موجیں دھکیلتی رہیں (یعنی سمندری طوفان) پھر وہ سمندر میں ایک جزیرے تک پہنچے یہاں کہ سورج غروب ہو گیا تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں پر بیٹھ کر جزیرے کے اندر داخل ہوئے تو انہیں وہاں ایک عجیب سی مخلوق ملی جو موٹے اور گھنے بالوں والی تھی بالوں کی کثرت کی وجہ سے اس کے اگلے اور پچھلے حصے کو وہ نہیں پہچان سکے تو انہوں نے کہا تو ہلاک ہو! کون ہے؟

اس نے کہا کہ میں جساسہ ہوں ہم نے کہا کہ جساسہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ تم لوگ گرجے میں اس شخص کے پاس چلو جو تمہاری خبر کے بارے میں بہت بے چین ہے جب اس نے ہمارا نام لیا تو ہم گھبرا گئے لیکن وہ شخص شیطان نہ ہو ہم جلدی جلدی گرجے تک پہنچے وہاں اندر ایک بہت بڑا انسان دیکھا ایسا خوف ناک انسان ہماری نظروں سے نہیں گزرا تھا وہ بہت مضبوط بندھا ہوا تھا اس کے ہاتھ کندھوں تک اور گھٹنے ٹخنوں تک لوہے کی زنجیروں میں بندھے ہوئے تھے ہم نے پوچھا تو ہلاک ہو تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ جب تم نے مجھے پالیا ہے اور تمہیں معلوم ہو گیا ہے تو تم مجھے بتاؤ تم لوگ کون ہو؟

Marfat.com

ہم نے کہا کہ ہم عرب کے لوگ ہیں (اس کے بعد تمیم داری نے اپنے بحری سفر' طوفان' جزیرہ میں داخل ہونے جساسہ سے ملنے کی تفصیل سنائی) اس نے پوچھا کیا بیسان کی کھجوروں کے درختوں پر پھل آتے ہیں؟ ہم نے کہا ہاں اس نے کہا وہ زمانہ قریب ہے جب ان درختوں پر پھل نہیں آئیں گے۔ پھر اس نے پوچھا بحیرہ طبریہ میں پانی ہے یا نہیں؟ ہم نے کہا ہاں اس میں بہت پانی ہے اس نے کہا کہ عنقریب اس کا پانی خشک ہو جائے گا پھر اس نے پوچھا زغر کے چشمے کا کیا حال ہے اس چشمے میں پانی ہے اور کیا اس کے قریب کے لوگ اس پانی سے کاشت کاری کرتے ہیں؟ ہم نے کہا ہاں۔ پھر اس نے پوچھا امیوں (ناخواندہ لوگوں) کے نبی کے بارے میں بتاؤ کہ اس نے کیا کیا؟

ہم نے کہ وہ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے اس نے پوچھا کہ کیا عربوں نے اس سے جنگ کی ہے؟ ہم نے کہا ہاں۔ اس نے پوچھا انہوں نے عربوں سے کیا معاملہ کیا؟ ہم نے اس کو تمام واقعات بتائے۔ جو لوگ عربوں میں عزیز تھے ان پر آپ نے غلبہ حاصل کر لیا اور انہوں نے اطاعت قبول کر لی۔ اس نے کہا ان کے حق میں اطاعت کرنا ہی بہتر ہے اب تمہیں میں اپنا حال بتاتا ہوں میں مسیح الدجال ہوں عنقریب مجھ کو نکلنے کا حکم دیا جائے گا۔ میں باہر نکلوں گا اور زمین پر سفر کروں گا یہاں تک کہ کوئی آبادی ایسی نہ چھوڑوں گا جہاں میں داخل نہ ہوں چالیس راتیں برابر گشت میں رہوں گا لیکن مکہ اور مدینہ میں نہ جاؤں گا وہاں جانے سے مجھ کو منع کیا گیا ہے جب میں ان میں سے کسی میں داخل ہونے کی کوشش کروں گا تو ایک فرشتہ تلوار لیے ہوئے مجھے روکے گا ان شہروں کے ہر راستے پر فرشتے مقرر ہوں گے۔

(یہ واقعہ سنانے کے بعد) رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا عصا منبر پر مار کر فرمایا یہ ہے طیبہ۔ یہ ہے طیبہ یعنی المدینہ۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگاہ رہو میں تم کو یہی نہیں بتایا کرتا تھا ہوشیار رہو کہ دجال دریائے شام میں ہے یا دریائے یمن میں ہے نہیں بلکہ وہ مشرق کی طرف ہے وہ مشرق کی طرف ہے۔

(مسلم شریف 5325)

Marfat.com

## تمیم داریؓ سے تین سوال:

دجال نے حضرت تمیم داریؓ سے تین سوال کیے جن کا ذکر اب ہم یہاں کرتے ہیں۔ مذکورہ بالا حدیث کو سامنے رکھتے ہوئے یہ سوال پڑھیے اور غور کیجئے۔

بیسان کا باغ: فلسطین میں ایک جگہ کا نام ہے یہ جگہ اب اسرائیل کے قبضہ میں ہے یہ علاقہ زمانہ قدیم میں کھجوروں کے باغات کی وجہ سے مشہور تھا لیکن اب یہاں پھل نہیں پیدا ہوتا۔ اب بیسان کے باغ میں کھجور میں پھل لگنا بند ہو گے ہیں جو دجال کی اس بات کی تصدیق ہے کہ وہ زمانہ قریب ہے جب ان درختوں پر پھل نہیں آئیں گے۔

بحیرہ طبریہ: بحریہ طبریہ اسرائیل کے شمال مشرق میں اردن کی سرحد کے قریب واقع ہے۔ اس کا پانی بغیر کسی ظاہری وجہ سے رفتہ رفتہ خشک ہو رہا ہے۔

زغر کا چشمہ: یہ جگہ بھی اسرائیل ہی میں بحر مردار کے مشرق میں ہے اس کا پانی بھی آہستہ آہستہ خشک ہو رہا ہے اور اس کا پانی پوری طرح خشک ہوتے ہی دجال کو خروج کی اجازت مل جائے گی۔

## دجال کا حلیہ:

دجال کی ایک آنکھ کانی اور سر کے بال گھنگھریالے ہوں گے رنگ سرخ اور جسم بھاری ہو گا۔

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے خواب دیکھا کہ میں طواف کر رہا ہوں اچانک میں نے ایک آدمی دیکھا گندم گوں، سیدھے بالوں والا اس کے بالوں سے پانی ٹپک رہا تھا جیسے ابھی ابھی غسل کیا ہو میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ انہوں نے بتایا عیسیٰ بن مریمؑ۔ پھر میں نے دوسری طرف توجہ کی تو ایک سرخ رنگ کا موٹا آدمی نظر آیا جس کے سر کے بال گھنگھریالے آنکھ کانی تھی جس طرح پھولا ہوا انگور ہو میں نے پوچھا کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا یہ دجال ہے۔

(صحیح بخاری)

Marfat.com

حضرت انسؓ کہتے ہیں رسول کرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس نے اپنی امت کو کانے اور جھوٹے (دجال) سے نہ ڈرایا ہو آگاہ رہو وہ کانا ہو گا اور تمہارا رب کانا نہیں ہے اور دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہو گا۔

(صحیح بخاری)

دجال ایک نو جوان ہو گا۔ وہ تنومند اور بھاری بھر کم ہو گا اس کا رنگ سرخ ہو گا اس کے بال گھنگھریالے اور بہت چھوٹے (کٹے ہوئے) ہوں گے اس کی دونوں آنکھوں میں عیب ہو گا وہ ایک آنکھ سے اندھا ہو گا اس کی دوسری آنکھ اس طرح ہو گی جیسے انگور کا لٹکتا ہوا دانہ۔ اس کی پیشانی پر دونوں آنکھوں کے درمیان لفظ کافر لکھا ہو گا۔ (نیٹو کے جو ٹینک خلیج کی جنگ اور کوسوو کی جنگ میں استعمال ہوئے ان پر لفظ Kofr لکھا ہوا تھا) ہر ایمان والا چاہے پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ۔ لیکن وہ کافر کا لفظ اس کی پیشانی پر لکھا پڑھ لیں گے جبکہ کافر آکسفورڈ کا گریجوٹ ہو یا ہارورڈ کا ماسٹر وہ یہ لفظ نہیں پڑھ سکیں گے اسے ایمان کی برکت اور کفر و نفاق کی نحوست کے علاوہ اور کیا نام دیں گے؟ جو جتنا زیادہ عصری تعلیم یافتہ ہو گا وہ اتنا ہی اس کے چنگل میں پھنسے گا۔ کیونکہ عصری تعلیم عقلیت پسندی سکھاتی ہے جو جتنا سیدھا سادہ واجبی دینی تعلیم والا مومن ہو گا وہ اس سے اتنا ہی محفوظ رہے گا کیونکہ دینی تعلیم عقلیت کے پار دیکھنے کی صلاحیت پیدا کرتی اور روحانیت سکھاتی ہے۔

## دجال کا جائے مقام:

حضرت فاطمہ بنت قیسؓ فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگاہ رہو دجال شام یا یمن کے سمندر میں موجود ہے (پھر فرمایا) نہیں بلکہ وہ مشرق کی طرف ہے وہ مشرق کی طرف ہے وہ مشرق کی ظرف ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے مشرق کی طرف اشارہ کیا۔

(مسلم شریف)

Marfat.com

جزیرۃ العرب سے مشرق کی جانب دیکھا جائے تو دو جگہیں ایسی ہیں جنہیں مغرب کے عیسائیوں کے ہاں بھی شیطانی سمندر، شیطانی جزیرے یا جہنم کا دروازہ کہا جاتا ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ان دونوں کا آخری سرا امریکہ سے جا ملتا ہے۔ مشرق بعید میں بحر الکاہل کے ویران اور غیر آباد جزائر آتے ہیں ان کے ارد گرد کے گہرے اور خوفناک پانیوں کا نام ہی شیطانی سمندر ہے یہ جنوب مشرقی جاپان، آیو جیاتی یونین اور جزائر ماریانہ کے قریب ہے۔ یہاں یہ بات بھی زیرِ نظر رہے کہ مشرق کی جانب واقع سمندر میں امریکہ کی ایک سمندری ریاست بھی موجود ہے۔

بحر الکاہل کے پار امریکہ ہے امریکہ کے قریب سمندر میں ایسا تکونی خطہ ہے لیکن اصل میں یہ شیطانی تکون ہے برمودا ٹرائی اینگل آج کی ترقی یافتہ سائنس کے لیے بھی ایک معمہ ہے جدید ترین طیاروں اور بحری جہازوں کے آلات اس خطے میں داخل ہوتے ہی بے کار ہو جاتے ہیں۔ زمین چونکہ گول ہے اس لیے اگر دجال کے مقام کو مبہم رکھنے کے لیے مشرق کی طرف اشارہ کیا جائے جو کہ آگے جا کر بہر حال (زمین کے گول ہونے کی وجہ سے) مغرب تک پہنچے گا تو یہ درج بالا حدیث کی ایک ممکنہ تاویل ہوسکتی ہے۔ (واللہ اعلم)

ایک مصری محقق عیسیٰ داؤد نے اپنی کتاب مثلث برمودا میں لکھا ہے کہ پہلے دجال بحر الکاہل کے ان ویران جزائر میں قید تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر اسے بیڑیوں سے تو رہائی مل گئی وہ زنجیروں سے آزاد ہو گیا ہے اور اپنے خروج کی راہ ہموار کر رہا ہے لیکن اسے ابھی خروج کی اجازت نہیں ملی لہٰذا وہ شیطانی سمندر سے شیطانی تکون تک رابطے میں ہے جس کے قریب شیطانی تہذیب پروان چڑھ کر نکتہ عروج کو پہنچنے ہی والی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کی قید گاہ کے بارے میں تین جگہوں کا نام لیا دو کی نفی کی اور ایک کی تائید کی کہ دجال وہاں مقید ہے۔ ان تینوں میں سمندر کا نام آتا ہے۔

Marfat.com

اس کی تشریح ایک دوسری حدیث سے ہوتی ہے کہ امام مسلم نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے کہ فرماتے ہیں میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ''ابلیس اپنا تخت سمندر پر لگاتا ہے لوگوں کو فتنے میں ڈالنے کے لیے اپنا لشکر روانہ کرتا ہے جو اس کے لشکر میں سب سے زیادہ فتنہ پرور ہوتا ہے وہ ابلیس کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے''۔ مسلم شریف کے شارح علامہ نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد ابلیس کا مرکز ہے یعنی ابلیس کا مرکز سمندر میں ہے۔

اس سے ہمیں دجال کے مقام کو سمجھنے میں کچھ مدد ملتی ہے وہ اس طرح کہ دجال ابلیس کے ترکش کا سب سے کارآمد اور زہر میں بجھا ہوا تیر ہے اللہ کی سچی خدائی کے مقابلے میں جھوٹی خدائی قائم کرنے کے لیے ابلیس کا سب سے اہم ہتھیار اور کار آمد حربہ دجال ہے ان دونوں کی باہمی ملاقات اور شیطانی قوتوں کی دجال کے ساتھ بھرپور امداد احادیث سے ثابت ہے کیا عجب کہ ابلیس کے مرکز میں ہی دجال مقید ہو اور اللہ تعالیٰ نے اسے شیطانی سمندر اور شیطانی جزائر میں مقناطیسی کشش پیدا کر کے عام انسانوں سے مخفی کر رکھا ہو۔

## دجال کا فریب:

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دجال جب نکلے گا تو اس کے پاس پانی اور آگ ہوں گے جسے لوگ پانی سمجھیں گے وہ درحقیقت جلانے والی آگ ہوگی اور جسے لوگ آگ سمجھیں گے وہ ٹھنڈا شیریں پانی ہوگا لٰہذا تم میں سے جو کوئی وہ موقع پائے تو اسے چاہیے کہ وہ آگ میں کود پڑے کیونکہ وہ میٹھا اور پاکیزہ پانی ہوگا۔

(مسلم شریف)

حضرت نواس بن سمعانؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر فرمایا ہم نے عرض کیا یارسول صلی اللہ علیہ وسلم زمین میں اس کا

Marfat.com

گھومنا کس تیزی سے ہوگا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس بارش کی طرح جسے ہوا پیچھے دھکیلتی ہے وہ ایک قوم کے پاس آئے اور انہیں اپنے آپ پر ایمان لانے کی دعوت دے گا وہ ایمان لے آئیں گے اور اس کی بات مان لیں گے چنانچہ وہ آسمان کو حکم دے گا اور وہ بارش برسائے گا زمین کو حکم دے گا اور وہ نباتات اگائے گی شام کے وقت (لوگوں) جانور چراگاہوں سے واپس آئیں گے تو ان کی کوہانیں پہلے سے بڑی ہوں گی تھن کشادہ ہوں گے اور پسلیاں خوب بھری ہوں گی (یعنی پہلے سے زیادہ موٹے تازے نظر آئیں گے یہ اس قوم کے ایمان لانے کا صلہ ہوگا) پھر وہ دوسری قوم کے پاس جائے گا اور انہیں اپنے آپ پر ایمان لانے کی دعوت دے گا لیکن وہ اس کی دعوت کا انکار کر دیں گے چنانچہ دجال وہاں سے چلا جائے گا اور ان پر قحط سالی مسلط ہو جائے گی اور ان کے مالوں میں سے کچھ بھی ان کے پاس نہ رہے گا دجال ویران جگہ کی طرف چلا جائے گا۔ اور زمین کو حکم دے گا اپنے خزانے اگل دے تو زمین اپنے خزانے اس طرح نکال کر جمع کر دے گی جس طرح شہد کی مکھیاں چھتے کے گرد ہجوم کرتی ہیں۔ (مسلم شریف)

عام طور پر عوام کے ذہن میں یہ ہے کہ دجال صرف اپنے مکروہ چہرے کے ساتھ دنیا کے سامنے آ جائے گا اگر معاملہ اتنا سادہ ہوتا تو پھر کسی کو ڈرانے کی کیا ضرورت ہوسکتی ہے۔ لیکن اس کے مکروہ چہرے کے باجود اس کے کارنامے دنیا کے سامنے اس طرح پیش کیے جائیں گے کہ لوگ سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ اگر یہ وہی دجال ہوتا تو ایسے اچھے کام ہرگز نہ کرتا۔ دجال کی آمد سے پہلے سالوں سے دنیا میں خون ریز جنگیں اور انسانیت کا قتل عام' بے روزگاری' مہنگائی' معاشرتی ناانصافیوں کا دور دورا ہوگا۔ ہر طرف برائی ہو گی گھروں کا امن وسکون ختم ہو چکا ہوگا۔ ۹۹ فیصد لوگ برائیوں میں ملوث ہو چکے ہوں گے ایسے حالات میں لوگ کسی اچھے قائد اور نجات دہندہ کی تلاش میں ہوں گے جو اللہ کی طرف سے بھیجا جائے۔

Marfat.com

اب ان حالات میں دجال کے چیلے اس کو ایک اچھے لیڈر کی صورت میں انسانیت کا نجات دہندہ بنا کر پیش کریں گے اور دجال بے روزگاروں کو روزگار دے گا' قحط زدہ علاقوں میں کھانے پینے کا سامان پہنچایا جائے گا۔ دنیا سے شر کا خاتمہ کر دیا جائے گا ہر شخص کو انصاف مل رہا ہوگا۔ اس طرح وہ اپنی خدائی کے اعلان سے پہلے دنیا والوں کی ہمدردیاں حاصل کرے گا ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص اس دور میں اتنے عظیم کارنامے انجام دے گیا تو مغربی میڈیا پر ایمان لانے والی دنیا اس کی تعریف کرنے پر مجبور ہو جائے گی اور اس طرح لوگوں کی ہمدردیاں اس کے ساتھ ہو جائیں گی۔

اس کے بعد دجال لوگوں کے ذہن میں یہ بات ڈالے گا کہ یہ سب کچھ میں اپنی طرف سے نہیں کر رہا بلکہ یہ سب کرنے کے لیے خدا نے مجھے بھیجا ہے یعنی وہ نبوت کا دعویٰ کرے گا۔ یوں وہ کمزور ایمان والے لوگوں کی مذہبی ہمدردیاں بھی حاصل کر لے گا اور پھر آخر میں وہ اپنی خدائی کا اعلان کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو کانے دجال کے فتنوں سے محفوظ فرمائے آمین۔

## یاجوج ماجوج کا خروج:

دجال کے قتل کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عہد خلافت میں ہی یاجوج ماجوج نکلیں گے ان کی تعداد اس قدر زیادہ ہو گی کہ ان کی نصف تعداد بحیرہ طبریہ کا سارا پانی پی جائے گی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق مسلمانوں کو کوہ طور پر لے جائیں گے اس دوران یاجوج ماجوج باقی لوگوں کو قتل کر ڈالیں گے اہل زمین کو قتل کرنے کے بعد وہ اپنے تیر آسمانوں کی طرف پھینکیں گے تیر خون آلود ہو کر زمین پر گریں گے تو یاجوج ماجوج کہیں گے کہ انہوں نے آسمانی مخلوق کو بھی قتل کر دیا ہے۔

ابتداء میں یاجوج ماجوج اپنے علاقوں میں فساد برپا کرتے رہتے تھے وہاں کے لوگوں کی خواہش پر ذوالقرنین نے ایک بہت بڑا بند تعمیر کر کے انہیں مقید کر دیا۔

Marfat.com

ترجمہ: پھر ذوالقرنین نے (دوسری سمت کا) سامان سفر تیار کیا جب وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اسے وہاں ایک ایسی قوم ملی جو مشکل سے ہی کوئی بات سمجھتی تھی ان لوگوں نے کہا اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج اس سرزمین میں فساد پھیلاتے رہتے ہیں لہٰذا اگر تو کہے تو ہم تیرے لیے کچھ محصول اکٹھا کر دیں تا کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک بند تعمیر کر دے۔س نے کہا میرے رب نے مجھے جو (مال) دے رکھا ہے وہی کافی ہے تم لوگ محنت مزدوری میں میری مدد کرو میں تمہارے اور ان کے درمیان بند بنا دیتا ہوں مجھے لوہے کی چادریں لا دو۔ آخر جب اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیانی خلا کو پاٹ دیا تو لوگوں نے کہا اب آگ دہکاؤ۔ حتی کہ جب یہ آہنی دیوار بالکل آگ کی طرح سرخ ہو گئی تو اس نے کہا لاؤ۔ اب میں اس پر پگھلا ہوا تانبا انڈیلوں گا۔

(سورہ کہف 92,96)

یاجوج ماجوج ایک دیوار کے پیچھے قید ہیں جس سے نکلنے کے لیے وہ صبح سے شام تک اسے کھودتے رہتے ہیں لیکن جب دوسرے دن آ کر دیکھتے ہیں تو دیوار اپنی اصلی حالت پر قائم ہوتی ہے جب وہ انشاء اللہ کہیں تو اس دن وہ دیوار کو نقب لگانے میں کامیاب ہو جائیں۔

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یاجوج ماجوج ہر روز دیوار کھودتے ہیں جب وہ اتنی کھود لیتے ہیں کہ سورج کی شعاع نظر آ جائے تو ان کا بادشاہ کہتا ہے کہ اب واپس چلو باقی کل کھودیں گے (چنانچہ وہ لوٹ جاتے ہیں) اللہ تعالیٰ اس دیوار کو دوبارہ اصلی حالت پر لوٹا دیتا ہے جب ان کی قید کی مدت پوری ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ انہیں لوگوں پر ظاہر کرنا چاہے گا تو وہ دیوار کھودیں گے حتیٰ کہ انہیں سورج کی شعاعیں نظر آنے لگیں گی تو ان کا بادشاہ ان سے کہے گا اچھا اب چلو باقی انشاء اللہ کل کھودیں گے اور جب انشاء اللہ کہیں گے تب وہ اگلے روز پلٹیں گے تو دیوار کو اسی حالت پر پائیں گے جس پر اسے گزشتہ رات چھوڑا تھا پھر کھدائی

Marfat.com

شروع کر دیں گے اور باہر نکل آئیں گے پانی ختم کر ڈالیں گے لوگ اپنے اپنے قلعوں میں پناہ لے لیں گے (قلعوں سے باہر کوئی نہیں بچے گا) پھر وہ اپنے نیزے آسمان کی طرف پھینکیں گے جو خون آلود ہو کر زمین پر گریں گے اور یاجوج ماجوج کہیں گے ہم نے زمین والوں کو بھی مغلوب کر دیا اور آسمان والوں پر بھی غالب آ گئے تب اللہ تعالیٰ ان کی گردنوں میں کیڑے پیدا فرما دے گا اور زمین کے جانور اور مویشی ان کی لاشوں کا گوشت اور چربی کھا کھا کر خوب موٹے تازہ ہوں گے۔

(سنن ابن ماجہ' کتاب الفتن)

یاجوج ماجوج کا فتنہ یہ ہوگا کہ وہ نکلتے ہی قتل و غارت اور خون ریزی شروع کر دیں گے روئے زمین پر اپنے علاوہ کسی کو زندہ نہیں چھوڑیں گے۔

حضرت نواس بن سمعانؓ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (دجال کو قتل کرنے کے بعد) اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی بھیجے گا میں نے اپنے ایسے بندے نکالے ہیں کہ ان سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں لہٰذا آپ میرے مسلمان بندوں کو کوہ طور کی پناہ میں لے جائیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج کو نکالے گا تو وہ ہر اونچائی سے نکل بھاگیں گے ان کا پہلا حصہ بحیرہ طبریہ (شام کے سرحدی شہر افیق سے مغرب کی طرف چند میل کے فاصلہ پر ایک بہت بڑی جھیل ہے جسے طبریہ کہا جاتا ہے) پر پہنچے گا تو کہے گا کبھی اس سمندر میں پانی تھا یا نہیں؟ پھر آگے چلیں گے یہاں تک کہ اس پہاڑ تک پہنچ جائیں گے جہاں درختوں کی کثرت ہے (یعنی بیت المقدس) اور کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو تو قتل کر دیا آؤ اب آسمان والوں کو بھی قتل کر دیں۔

چنانچہ اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے اللہ تعالیٰ ان کے تیر خون آلود واپس پلٹائے گا (اور وہ سمجھ لیں گے کہ ہم نے آسمان والوں کو بھی قتل کر دیا ہے) اس دوران عیسیٰؑ اور ان کے مسلمان ساتھی کوہ طور پر محصور ہوں گے (اور ان کا سامان خورد و نوش

Marfat.com

ختم ہو جائے گا) حتیٰ کہ ایک بیل کا سر سو دینار سے بہتر ہو گا چنانچہ حضرت عیسیٰ اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے (اس مصیبت سے نجات کے لیے) دعا کریں گے اللہ تعالیٰ یاجوج ماجوج پر ایک عذاب بھیجے گا ان کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا فرمادے گا جس سے وہ سارے کے سارے اس طرح یک دم مرجائیں گے جس طرح ایک آدمی مرتا ہے۔

اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی کوہ طور سے واپس تشریف لے آئیں گے لیکن زمین پر ایک بالشت بھر جگہ یاجوج ماجوج کی لاشوں سے خالی نہیں پائیں گے جن سے بد بو اور سرانڈ اٹھ رہی ہو گی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے اصحاب پھر اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع فرمائیں گے (یعنی دعا کریں گے) اللہ تعالیٰ ایسے پرندے بھیجے گا جس کی گردنیں بڑے اونٹوں کے برابر ہوں گی اور وہ پرندے ان کی لاشوں کو اٹھا کر لے جائیں گے اور کہیں اللہ تعالیٰ کا حکم ہو گا وہاں لے جا کر پھینک دیں گے پھر اللہ تعالیٰ ایسی بارش برسائے گا جو ہر گھر اور خیمہ تک پہنچے گی اور زمین کو دھو ڈالے گی یہاں تک کہ اسے کسی باغ کی مانند (بد بو سے) پاک اور صاف کر دے گا۔

(مسلم شریف)

## دابۃ الارض:

قیامت کے قریب ایک جانور زمین سے نکلے جو لوگوں سے باتیں کرے گا۔

ترجمہ: اور جب ہماری بات پوری ہونے کا وقت ان پر آپہنچے گا تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے کلام کرے گا (اور کہے گا) لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔ (سورۃ النحل۔ 82)

قیامت سے پہلے چاشت کے وقت زمین سے ایک عجیب الخلقت جانور نکلے گا جسے دابۃ الارض کہا جائے گا۔ مسلم شریف کے بعض شارحین نے لکھا ہے زمین کانپے گی اور تھرتھرائے گی جس طرح کہ بھونچال آتا ہے اس کے نتیجہ میں مکہ کے قریب صفا

Marfat.com

کی پہاڑی میں شگاف پڑ جائے گا اور اس شگاف سے دابۃ الارض باہر نکل آئے گا۔ دابۃ الارض کا حلیہ کچھ اس طرح بیان کیا ہے کہ اس کا چہرہ انسان کی طرح، دھڑ گھوڑے کی طرح ٹانگیں اونٹ کی طرح چوتڑ ہرن کی طرح اور دم گائے کی طرح ہوگی اس کے سر پر سینگ ہوں گے اور اس کے بعد دونوں ہاتھ بندر کی طرح ہوں گے اس کا قد ساٹھ فٹ بلند ہوگا۔ اس کے ایک ہاتھ میں عصائے موسوی اور دوسرے میں حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہوگی۔

وہ اتنی سرعت سے چلے گا کہ مختصر سے وقت میں پوری دنیا کا چکر لگا لے گا لوگوں سے باتیں کرے گا جو ایمان رکھتے ہوں گے ان کی پیشانیوں پر وہ عصا سے نشان لگائے گا جس سے ان کے چہرے چاند کی طرح دمکنے لگیں گے۔ لیکن جو مومن نہیں ہوں گے وہ ان پر انگوٹھی سے ٹھپہ لگائے گا جس سے ان کے چہرے سیاہ اور ڈراونے ہو جائیں گے اس طرح کرنے سے مومن اور غیر مومن الگ ہو جائیں گے اور پہچانے جاسکیں گے اس کے بعد دابۃ الارض اس طرح اچانک غائب ہو جائے گا جس طرح کہ اچانک ظاہر ہوا تھا اسکے بعد اللہ قیامت کا دن قریب لے آئے گا۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھ نشانیاں ظاہر ہونے سے پہلے نیک اعمال کرنے میں جلدی کرو۔

(1) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا (2) دھوئیں کا نکلنا (3) دجال کا ظاہر ہونا (4) دابۃ الارض کا نکلنا (5) انفرادی عذاب (6) اجتماعی عذاب۔

(مسلم شریف)

## دجال کا خروج اور موجودہ صورت حال:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اور احادیث سے دور رہ کر جو اس وقت امت مسلمہ کا حال ہے وہ سب کے سامنے ہے بیان کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر اس صلیبی جنگ میں ہم اپنے آپ کو گھر والوں اور ملک کو بچانا چاہتے ہیں تو ہمیں

Marfat.com

احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا بغور مطالعہ کرنا چاہیے کیونکہ موجودہ حالات پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشن گوئیوں کے مطابق چل رہے ہیں۔ ان حالات میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ اپنی اور دوسروں کی تربیت کس طرح کرنی چاہیے؟ تو آج سے ہی اپنے سچے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا مطالعہ کرنا شروع کر دیں اور ہر حدیث کو موجودہ حالات کے پیش نظر پڑھیں اور اس کے مطابق اپنی اور دوسروں کی تربیت کریں۔

حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر فرمایا۔ فرمایا تم میں سے بعض کا فتنہ میرے نزدیک دجال کے فتنے سے بڑا ہے فتنہ چھوٹا ہو یا بڑا وہ دجال کے فتنے پر ہی منتج ہوگا سو جو اس کے فتنے سے پہلے فتنوں سے بچ گیا وہ دجال کے فتنے سے بھی بچ گیا اللہ کی قسم دجال مسلمان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا۔

(احادیث فی الفتن والحوادث' جلد 1 صفحہ 256)

دجال کے آنے سے پہلے ہی ایمان والے اور منافقین کی چھانٹی ہو جائے گی یعنی دجال کے خروج سے پہلے حالات ایسے ہو جائیں گے کہ ہر ایک کو اپنے بارے میں یہ فیصلہ کر لینا پڑے گا کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر میں شامل ہو جائے یا دجال کے متحدہ لشکر کا ایندھن بن جائے۔ اس وقت بڑی تیزی سے زندگی کے ہر شعبے میں دو گروہ بن رہے ہیں آپ ملکی صورت حال کو سامنے رکھتے ہوئے دیکھیں کہ اس وقت ملک میں بھی دو صفیں بن چکی ہیں۔ اب ہمیں یہ سوچنا ہے ہم اپنا شمار حضرت مہدی کے لشکر میں شامل کرنا چاہتے ہیں یا پھر دجال کے لشکر میں شامل ہو کر اپنا حشر کروانا چاہتے ہیں۔ کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشن گوئی کی تھی کہ میری امت کی ایک جماعت حق کی خاطر حق پر ڈٹی رہے گی ان کے مخالفین ان کو نقصان نہیں پہنچا سکیں گے یہاں کہ ان کے آخر والے دجال سے قتال کریں گے اہل حق حق پر

Marfat.com

ڈٹے ہوئے ہیں اس حق المبین کو بچانے کی خاطر میدانوں کا رخ کر چکے ہیں اور دجال کے مقدمۃ الجیش سے ٹکرا رہے ہیں اور فتح المبین حاصل کر رہے ہیں۔

## سبز رنگ کی چادریں:

حضرت اسحاق ابن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ میں نے انسؓ ابن مالک کو فرماتے ہوئے سنا کہ اصفہان کے ستر ہزار یہودی دجال کے پیروکار ہوں گے جن کے جسموں پر سبز رنگ کی چادریں (یا جبے) ہوں گی۔

(صحیح مسلم)

اسرائیل کے یہودی اپنے لیے سبز رنگ کا لباس بڑے جوش و خروش سے بنوا رہے ہیں جو انہوں نے دجال کی آمد پر پہننا ہے۔ یہ لباس ریشم سے بنایا جاتا ہے۔

## دریائے فرات کا خشک ہو جانا:

حضرت حذیفہ بن یمانؓ نے فرمایا تمہاری اس وقت کیا حالت ہو گی جب تم کوفہ والوں کو دیکھو گے کہ وہ یہاں سے نکل رہے ہوں گے یا نکالے جائیں گے اس فرات سے ایک قطرہ بھی نہ پی سکیں گے ایک شخص نے کہا اے ابوعبداللہ! (حضرت حذیفہ کی کنیت) آپ ایسا گمان کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا میں گمان نہیں کرتا بلکہ مجھے علم ہے۔

(مستدرک حاکم جلد 4 صفحہ 589)

دریائے فرات پر ترکی نے 13 ڈیم بنا رکھے ہیں جن میں سب سے بڑا ڈیم اتاترک ڈیم ہے جو دنیا کے بڑے ڈیموں میں شمار ہوتا ہے اس کو بھرنے کے لیے دریائے فرات کو ایک ماہ تک مکمل اس میں گرانا ہو گا۔ اس طرح شام اور عراق کا پانی مکمل طور پر بند ہو جائے گا۔ دجال کے نکلنے کے وقت پانی کی عالمی قلت پیدا کر دی جائے گی بارشیں کم ہو جائیں گی اور جس سال دجال آئے گا بارشیں بالکل نہیں ہوں گی۔ اس کے علاوہ قدرتی چشموں کو بھی خشک کرنے کے لیے دجالی لشکر حرکت میں آ چکا ہے

Marfat.com

آپ اس کی مثال پختونخواہ و آزاد کشمیر کے علاقوں میں دیکھ سکتے ہیں کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے جن چشموں پر ٹینکیاں بنائی گئی تھی وہ چشمے بہت جلد خشک ہو رہے ہیں۔

## موسمی تبدیلی:

قرب قیامت کی علامت میں سے (ایک) زمین کا درجہ حرارت بڑھ جانا ہے۔
(رواہ ابوعمر والدانی 429)

زمین کا درجہ حرارت مسلسل بڑھ رہا ہے جس کا تجربہ حضرات ہر گرمی و سردی میں کر رہے ہیں کہ گرمی بڑھتی جا رہی اور سردی کم ہو رہی ہے یہودی سائنس دانوں نے ہواؤں کا دباؤ کم زیادہ کر کے موسموں میں تبدیلی لانے پر تحقیقات مکمل کر لیں ہیں اور اس کا کامیاب تجربہ 2008 کے چین میں منعقد اولمپک گیمز میں بھی کیا جا چکا ہے۔ ایسٹ لینڈ کے آرکو پاور ٹیکنالوجیز انکارپوریٹڈ کے سائنس دانوں نے ایک ایسا ہتھیار بنایا جو زمین کے آیونی کرہ یا مقناطیسی کرہ کو تبدیل کر سکتا ہے۔

## دجال کا حلیہ اور موجودہ فیشن:

احادیث مبارکہ میں دجال کا حلیہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ وہ سخت گھنگریالے بالوں والا ہو گا' بہت گھنے اور روکھے بال ہوں گے' سر میں پیچھے کی جانب بالوں کی گچھیاں بنی ہوں گی' اس کا سر دیکھنے میں ایسا لگے گا جیسے درخت کی ٹہنیاں۔

دجال کے بال کھردرے' خشک' بے رونق جن میں کوئی چمک نہیں ہوتی بری طرح الجھے ہوئے بہت زیادہ ہوں گے۔ جبکہ پیچھے سخت الجھے ہوئے بالوں کی گچھیاں بنی ہوئی ہوں گی۔ بال اگر ہلکے گھنگریالے ہوں تو وہ خوبصورت لگتے ہیں لیکن دجال کے بال سخت گھنگریالے اور بغیر چمک کے بالکل روکھے ہوں گے ان بالوں کو اگر کاٹ کر چھوٹا کر دیا جائے تو ان میں مانگ نہیں نکل سکتی بلکہ یہ سیدھے کھڑے رہتے ہیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے اشتہارات میں دونوں قسم کے بال وقتاً فوقتاً نظر آتے ہیں یعنی بڑے

Marfat.com

بڑے گھنگریالے بھی اور سیدھے کھڑے بال بھی اس ہیر اسٹائل کو دھیرے دھیرے فیشن میں لایا جا رہا ہے۔

## بارش اور پیداوار کا کم ہونا:

حضرت اسماءؓ بنت یزید انصاریہ سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں تشریف فرما تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا بیان فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے پہلے تین سال ہوں گے (جن کی تفصیل یہ ہے) پہلے سال آسمان اپنی ایک تہائی بارش روک لے گا اور زمین اپنی ایک تہائی پیداوار روک لے گی دوسرے سال آسمان اپنی دو تہائی بارش روک لے گا اور زمین بھی اپنی دو تہائی پیداوار روک لے گی اور تیسرے سال آسمان اپنی مکمل بارش روک لے گا اور زمین اپنی پوری پیداوار روک لے گی لہٰذا کھر والے اور داڑھ والے مویشی سب مر جائیں گے۔ (یعنی قحط سالی کی وجہ سے ہر قسم کے مویشی ہلاک ہو جائیں گے)۔
(کتاب الفتن نعیم بن حماد جلد 2 صفحہ 526)

مذکورہ روایت میں ہے کہ آسمان بارش روک لے گا اور زمین اپنی پیداوار روک لے گی مسند اسحاق ابن راہویہ کی روایت میں ہے کہ "تم آسمان کو بارش برساتا ہوا دیکھو گے حالانکہ وہ بارش نہیں برسا رہا ہوگا اور تم زمین کو پیداوار اگاتا ہوا دیکھو گے حالانکہ وہ پیداوار نہیں اگا رہی ہوگی"۔

اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بارش بھی برسے اور زمین پیداوار بھی اگائے لیکن اس کے باوجود لوگوں کو کوئی فائدہ نہ ہو اور لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں جدید دور میں اس کی بے شمار صورتیں ہوسکتی ہیں۔ (واللہ اعلم)

## یہودیوں کی پناہ گاہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک مسلمان یہودیوں سے جنگ نہ کرلیں مسلمان ان کو قتل کریں گے یہاں تک کہ

Marfat.com

یہودی پتھر اور درختوں کے پیچھے چھپتے پھریں گے۔ ہر پتھر یا درخت بول اٹھے گا اے مسلمان! اے اللہ کے بندے! یہ یہودی میرے پیچھے چھپا ہے اور آؤ اس کو قتل کر دو۔ البتہ غرقد کا درخت نہیں بولے گا کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔

(مسلم شریف 2922)

غرقد کا درخت کانٹے دار جھاڑی نما ہوتا ہے جو کہ بنجر زمین میں اگتا ہے۔ یہ پندرہ سال میں پورا جوان ہو جاتا ہے اور اسے قریب قریب لگایا جائے تو دیوار کی شکل اختیار کر لیتا ہے اس کا پھل بدمزہ اور نہایت بدنما ہوتا ہے۔ اس درخت کو زمانہ قدیم سے ہی انسانیت کے لیے نقصان دہ سمجھا جاتا رہا ہے یہ یہودیوں کی جانب سے دنیا بھر میں لگایا جا رہا ہے۔ اسرائیل نے بھارت کو بھی اس کی شجر کاری کی پیشکش کی ہے۔

یہودی دنیا بھر میں اس درخت کو بڑے پیمانے پر لگا رہے ہیں تا کہ اس کے پیچھے چھپ کر موت سے بچ سکیں لیکن وہ جتنا چاہیں چھپنے کی کوشش کریں جتنی چاہیں تیاریاں کریں اللہ تعالیٰ سے کہاں چھپ سکتے ہیں وہ دنیا کو جتنا دھوکہ دے سکتے ہیں لیکن اس رب کو کیسے دھوکہ دیں گے جو خلاؤں سے آگے کی دنیا کا علم رکھتا ہے۔ جو پہاڑوں کی تاریک غاروں، برمودا تکون، شیطانی سمندر اور اصفہان میں چھپے رازوں اور پینٹاگون، کیمپ ڈیوڈ اور اسرائیلی پارلیمنٹ میں ہونے والی سرگوشیوں کا بھی علم رکھتا ہے۔

## دجال اور ایران:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک تم خوز اور کرمان سے جنگ نہ کر لو جو کہ عجمیوں میں سے دو قومیں ہیں سرخ چہرے والے چپٹی ناک والے، چھوٹی آنکھوں والے گویا ان کے چہرے تہہ بہ تہہ ڈھال ہوں ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔

(بخاری شریف)

Marfat.com

خوز مغربی ایران میں ہے اور خوزستان کے نام سے مشہور ہے۔ کرمان جنوب مشرقی ایران کا صوبہ ہے اور اس کا دارالحکومت بھی کرمان ہی ہے۔ مسند احمد بن حنبل میں بھی یہ روایت آئی ہے اس میں ستر ہزار کی تعداد کا ذکر ہے۔

''حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دجال خوزؔ اور کرمان میں ضرور اترے گا ستر ہزار لوگوں میں جن کے چہرے تہہ بہ تہہ ڈھال کے مانند ہوں گے''۔

دجال اور اس کے حواریوں کے بارے میں جو صحیح احادیث آئی ہیں ان میں سے اکثر کا تعلق موجودہ ایران کے شہروں کے ساتھ ہے۔ دجال کا خروج اصفہان سے ہوگا ور اس کے ساتھ ستر ہزار اصفہانی یہودی ہوں گے۔ ان احادیث کے کیا معنی لیے جائیں اور اس سے کیا سمجھا جائے؟ اس کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں پہلی یہ کہ ایران پر مکمل یہودیوں کا قبضہ ہو جائے گا دوسری یہ کہ حکومتیں اسی طرح رہیں گی لیکن اصل حکمران یہودی ہوں گے۔

اصفہانی یہودی تمام یہودی قبائل میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ ایرانی یہودی حاخام ید یدیا شوفط کو اپنا روحانی باپ مانتے ہیں۔ اصفہان ہی کے اندر یہودیوں کا بہت بڑا مرکز قائم ہے۔ اصفہانی یہودی ایران کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ایران کی خارجہ پالیسی خصوصاً عسکریت سے متعلق ایرانی یہودی ہی بناتے ہیں۔ اگر ایران کی موجودہ معاشی' اقتصادی اور عسکری صورت حال کا جائزہ لیں تو اس میں یہودی اثرات بہت نمایاں نظر آتے ہیں اور سب بڑی اہم اور حیران کن بات یہ کہ اس وقت ایران کے موجودہ صدر احمدی نژاد کا تعلق بھی یہودی تنظیم فری میسن سے ہے۔

**ایران کا جھنڈا:**

ایران کے سرکاری طیارے پر شیطان بزرگ کی تصویر بنی ہوئی ہے جو کہ

Marfat.com

سرکاری نشان ہے یہ ڈریگون ہے دھڑ سے نچلا حصہ مچھلی اور اوپر حصہ ننگا بوڑھا ہے جس کے سر پر ابلیس کا تاج رکھا ہوا ہے یہ رزق کا خدا ہے یہودیوں کے ہاں 2500 قبل مسیح سے پوجا جاتا تھا۔ ایران کے بارے میں ہر آدمی یہی تصور کرتا ہے کہ وہاں اسلامی حکومت ہے یہ بھی دجالی میڈیا کا فریب ہے جو لوگ ایران میں رہ کر آئے ہیں آپ کبھی ان سے ایران کے اسلامی معاشرے کے بارے میں پوچھیے گا جتنے گناہ ایران کے اندر ہیں شاید کئی مغربی ملکوں میں نہ ہوں البتہ ایران میں ہر چیز اسلامی لیبل لگا کر فروخت کی جاتی ہے شراب ہو یا شباب' سود ہو یا حجاب۔ ہر چیز پر اسلام کا لیبل چسپاں کر دیا گیا ہے۔

## افغانستان و عراق کی حکومت اور ایران:

اس بات میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ حالیہ جنگوں میں ایران نے پس پردہ رہتے ہوئے نہایت اہم اور بھرپور کردار ادا کیا ہے خصوصاً افغانستان اور عراق کی حالیہ جنگوں کے دوران اور جنگوں سے پہلے اور جنگ کے خاتمے پر اس کا کردار بہت اہم رہا ہے بلکہ یہ امریکہ کے صف اول کے اتحادی تھے جنہوں نے افغانستان (طالبان) اور عراق کی تباہی کے منصوبے بنائے اور اس مقصد کے حصول کے لیے کوئی کسر نہ چھوڑی۔ ان کی ان تھک کوششوں کا مقصد صرف ان دو حکومتوں کا خاتمہ تھا تاکہ ان علاقوں میں اپنی نسلی شیعی متعصب جماعت کو فروغ دے سکیں اور ان کے مفادات کا تحفظ کر سکیں۔ اس بات کا اعتراف خود امریکیوں کو بھی ہے کہ اگر ایران کی شمولیت نہ ہوتی تو طالبان حکومت کا اس تیزی سے خاتمہ ممکن نہیں تھا ان کے اس تعاون کو اس خوبصورت جملے میں سمو دیا گیا ہے۔

''اے ایرانی بھائی! اگر تم نہ ہوتے تو کابل اور بغداد کبھی فتح نہ ہوتے''

اس بات کا اعتراف ایرانی نائب رئیس محمد علی ابطحی یوں کرتے ہیں کہ......

Marfat.com

''اگر ایرانی حکومت کی خصوصی امداد شامل نہ ہوتی تو کابل اور بغداد کبھی فتح نہ ہوتے''۔

عراق جنگ سے پہلے امریکہ اور ایران کے مذاکرات ہوئے تھے اس مقصد کے لیے ایرانی انقلابی مجلس اعلیٰ کے ایک وفد نے واشنگٹن کا دورہ بھی کیا تھا عراق میں ایرانی گورہ امریکی سسٹم کا ایک جزء ہیں حتیٰ کہ ایران کے ایک بڑے خطیب نے دارالحکومت کی ایک مسجد میں جمعہ کے خطبے میں کہا کہ اگر ایران نہ ہوتا تو امریکہ افغانستان کی دلدل میں غرق ہو جاتا۔ ایران کی انہی رضا کارانہ خدمات کے صلے میں جو اس نے امریکی افواج کے لیے عراق میں سرانجام دیں تھیں ایران کو عراقی پارلیمنٹ میں بھرپور شیعہ نمائندگی کی صورت میں اس کا صلہ دے دیا گیا۔ امریکی قابض فوج نے جیسے ہی شیعہ افراد کی اکثریت پر مشتمل نئی عراقی حکومت کا اعلان کیا تو ایران نے سب سے پہلے اس نام نہاد حکومت کو تسلیم کر لیا حالانکہ یہ حکومت اپنے قانونی جواز سے بھی محروم ہے۔

آخر میں ایران کے صدر محمود احمد نژادی کا بیان پڑھتے جائیں جو انہوں نے اپنے ایک خصوصی بیان کہا...... ''ایران مغربی ممالک کے لیے کوئی خطرہ نہیں ہے حتیٰ کہ اسرائیلی صہیونی نظام حکومت کے لیے بھی کوئی خطرہ نہیں ہے''۔

(دیکھئے 'الشرق الاوسط' شمارہ نمبر 10134 اور شمارہ نمبر 10136)

قارئین! آپ نے غور کیا کہ دجال کے بارے میں آنے والی کئی احادیث میں ایران کا تعلق ساتھ ساتھ رہا ہے ہمیں یہی بات حیران کر دینے والی ہے کہ دجال اور ایران کا آپس میں گہرا تعلق واضح ہوتا ہے۔

Marfat.com

باب5

# دجالی لشکر

## حزب اللہ، ایران اور اسرائیل:

لبنانی شیعہ تنظیم حزب اللہ لبنان میں 1982 میں قائم ہوئی اور 1985 میں سیاست کے میدان کارزار میں باقاعدہ شامل ہو گئی۔ یہ تنظیم ایرانی کمک پر پلنے والی تنظیم حرکۃ امل الشیعہ کے بطن سے پیدا ہوئی۔ جس کا بانی موسیٰ الصدر ایرانی باشندہ تھا اور جو خمینی کا شاگرد خاص تھا۔ شروع میں اس کا نام اس کی مادر نام پر امل الاسلامیہ رکھا گیا تاکہ یہ پوری امت اسلامیہ میں مقبول جماعت بن سکے کیونکہ اس مادر حرکۃ امل الشیعہ لبنان کی سیاست میں صرف شیعہ افراد تک محدود ہو کر رہ گئی تھی اور نئی تنظیم امل الاسلامیہ کا مقصد لبنان کے ساتھ ساتھ پورے عالم اسلام میں شیعہ مذہب کی نشرو اشاعت تھا اس لیے اس تنظیم نے جنگجو مجاہدوں کا روپ دھار لیا جس کا مقصد امت کا دفاع اور امت اسلامیہ کے مقدس مقامات کا تحفظ ہو۔ لیکن حرکۃ امل الشیعہ کی وحشیانہ معاشرتی بدکرداری اور گھناؤنے جرائم کی وجہ سے اس کی نومولود تنظیم امل الاسلامیہ کو امت اسلامیہ کے دفاع جیسا اہم فریضہ سونپنا ممکن نہ تھا کیونکہ ایسی صورت میں اس کی ناکامی یقینی ہوتی اس خدشے کے پیش نظر ایک اور نئی جماعت ترتیب دی گئی جسے آج حزب اللہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

Marfat.com

## حزب اللہ کا جہاد:

حزب اللہ لبنانی سرزمین پر جہاد کرنے کی بڑی شوقین ہے لیکن اسے کبھی بھی لبنانی حدود سے باہر نکل کر جہاد کرنے کی توفیق نصیب نہیں ہوئی اور نہ کبھی ہو گی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے کلمے کی بلندی کے لیے جہاد کیا وہ مجاہد فی سبیل اللہ ہے۔

حزب اللہ جس مقصد کے لیے جہاد کرتی ہے وہ صرف لبنانی حدود کی حفاظت ہے تاکہ اپنے مذہب و مسلک کا سر بلند کیا جائے۔ اگر حزب اللہ کے عمل کو جہاد فی سبیل اللہ مان بھی لیا جائے تو پھر سوال یہ ابھرتا ہے کہ جب فلسطینی جہاد کے دو مرتبہ رہنما جناب احمد یاسین اور عبدالعزیز الرنتیسی" اسرائیلی میزائلوں سے شہید ہوئے تو حزب اللہ نے ایکشن کیوں نہ لیا اور اسرائیل پر ایک بھی میزائل فائر کرنے کی توفیق کیوں نہ ہوئی؟ کیا مقبوضہ فلسطین اور قبلہ اول بیت المقدس کی آزادی کے لئے جہاد کرنا' ایرانی اور شامی سیاسی مفادات اور اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے لڑنے سے زیادہ اولیٰ اور افضل نہیں ہے؟

حزب اللہ کے کمانڈر حسن نصر اللہ نے 2000ء میں اسرائیلی انخلاء کے بعد بنت جبیل میں لیک لاکھ کے اجتماع میں خطاب کرتے ہوئے کہا..... حزب اللہ بیت المقدس کو آزاد کرانے کے لیے اسرائیل کے خلاف کسی بھی عسکری عمل میں شریک نہیں ہو گی۔"

(الانبیاء اخبار کا شمارہ نمبر 8630)

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ فلسطین کہاں ہے؟ جسے عنقریب حزب اللہ یہودی غاصبوں سے آزاد کرائے گی؟ اے اقصیٰ ہم تیری آزادی کے لیے آ رہے ہیں؟ چلو چلو القدس چلو۔ ان نعروں کے جھوٹے ہونے کی اور کیا دلیل ہو سکتی ہے یہ سب نعرے مسلمانوں کو دھوکہ دینے لیے ہیں۔

Marfat.com

## حزب اللہ اور اسرائیل ایک خفیہ معاہدہ:

ایک اسرائیلی انٹیلی جنس افسر بیان کرتا ہے کہ اسرائیل اور لبنانی شیعہ کے درمیان تعلقات پر امن علاقے کی شرط سے غیر مشروط ہیں اسی لیے اسرائیل شیعہ عناصر کی خصوصی پشت پناہی کرتا ہے جس سے ان کے درمیان ایک طرح کا سمجھوتہ ہو گیا ہے کہ وہ فلسطینی جذبہ جہاد کومل کرختم کریں گے جس سے حماس اور الجہاد کی داخلی امداد میں اضافہ ہوا ہے۔

(دیکھئے یہودی اخبار' معاریف الیھودیہ' 8 ستمبر 1997)

یہودیوں کے وزیر اعظم شیرون نے ایک مذاکرے کے دوران واضح اعلان کیا کہ مجھے آج دور دور تک اسرائیل کا دشمن کوئی شیعہ دکھائی نہیں دیتا۔

(دیکھے مذکرات شیرون صفحہ 583)

شیرون کے اس اعلان میں ہمیں اس سوال کا جواب بھی مل جاتا ہے کہ اسرائیل حزب اللہ کے خلاف سخت ترین فوجی ایکشن کیوں نہیں لیتا جیسا کہ وہ مجاہد تنظیم حماس کے لیڈروں کے خلاف پوری دنیا میں سخت گیر رویہ اپنائے ہوئے ہے۔ اس لیے اسرائیل حزب اللہ کو ختم کرنے اور اس کی قوت کو تباہ کرنے کی کبھی کوشش نہیں کرتا اس لیے نہیں کہ اسرائیل یہ کام کر نہیں سکتا بلکہ وہ اس لیے نہیں کرتا کیونکہ حزب اللہ ایک منظم جماعت ہے اور اس کے ختم ہو جانے سے اسرائیل کے خلاف سنی مسلمانوں کی تحریک منظم ہو جائے گی اگر چہ بعض اوقات حزب اللہ اسرائیل کے خلاف تھوڑا بہت شور شرابہ کر بھی لیتی ہے لیکن اسرائیل ہر حال میں سنی تحریک کو ابھرنے نہیں دینا چاہتا اس لیے وہ حزب اللہ کی بھر پور مدد کرتا ہے۔

یہ صرف لبنان میں حقیقی مجاہدین کو ختم کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے بالکل اسی طرح جیسے عراق میں سی آئی اے نے مقتدیٰ الصدر کی مہدی ملیشیا کو القاعدہ کے

Marfat.com

مقابلے میں کھڑا کیا۔ اسرائیل کی حزب اللہ کے ساتھ جنگ ایک ڈرامے کے سوا اور کیا تھی جس کا مقصد عرب مجاہدین کی توجہ عراق سے ہٹا کر لبنان کی طرف کرنا تھا دوسرا مقصد عالم اسلام خصوصاً عرب دنیا میں القاعدہ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو روک کر حزب اللہ کو اس کے ہم پلہ ثابت کرنا تھا۔ حسن نصر اللہ امریکہ اسرائیل کا اتنا بڑا دشمن ہے لیکن دوران جنگ بھی وہ مظاہروں میں شریک رہا اور اس کا ٹی وی اسٹیشن بھی چلتا رہا یہی معاملہ عراق میں ایران کے حمایت یافتہ مقتدیٰ الصدر کا ہے؟ مقتدیٰ الصدر کو اس وقت کھڑا کیا گیا جب ابو معصب زرقاوی شہیدؒ نے ہر میدان میں امریکیوں کو بد ترین شکست سے دو چار کیا اور ان کی تمام ٹیکنالوجی کو کباڑ میں تبدیل کر کے ساری دنیا کو دکھایا ایسے وقت میں سی آئی اے کی جانب سے مقتدیٰ الصدر کو ہیرو بنا کر پیش کیا گیا۔

مقتدیٰ الصدر امریکہ کو دھمکیاں بھی دیتا ہے عسکری کارروائیوں کا دعویٰ بھی کرتا ہے اس کے باوجود بھی وہ بڑے بڑے جلسے جلوس سے خطاب بھی کرتا ہے دوسری جانب عراق ہی میں القاعدہ قیادت کے بارے میں امریکی رویہ کچھ اور ہوتا ہے کہ ابومصعب زرقاوی شہیدؒ کی تلاش کرنے میں سی آئی اے اور موساد پاگل ہو رہی تھیں ڈرون طیارے، سٹیلائیٹ اور موبائل بوسٹر سب زرقاوی شہیدؒ کے پیچھے لگے ہوئے تھے۔

اگر حسن نصر اللہ اور اس کی تنظیم حزب اللہ اسرائیل کے لیے بہت بڑا خطرہ اور چیلنج بن گئی ہے اگر بات ایسے ہی ہے تو پھر حسن نصر اللہ کا نام اسرائیل کو مطلوب افراد کی فہرست میں شامل کیوں نہیں کیا جاتا؟ حسن نصر اللہ اور مقتدیٰ الصدر کی گرفتاری پر نقد انعام کا اعلان کیوں نہیں کیا جاتا؟ جیسے کہ دیگر مجاہدین کی گرفتاری پر کروڑوں ڈالر کا اعلان کیا گیا ہے۔ دیگر اسلامی جماعتوں اور فلاحی اداروں کی طرح حزب اللہ کے اثاثے منجمد کیوں نہیں کیے جاتے؟ کیا وجہ ہے حسن نصر اللہ معزز قائدین کی طرح میدان جنگ میں براہ راست شریک ہو کر اپنی افواج کی صف بندی نہیں کرتا؟

Marfat.com

قارئین! آپ افغانستان اور وزیرستان ہی کو دیکھ لیجئے۔ امریکی ڈرون طیارے دن رات ایک کیے ہوئے ہیں اور آئے دن القاعدہ ارکان کی شہادت کے واقعات ہو رہے ہیں لیکن کبھی آپ نے سنا ہے کہ حزب اللہ یا مقتدیٰ الصدر کی مہدی ملیشیا کا کوئی ذمہ دار

امریکی ڈرون کا نشانہ بنا؟ حزب اللہ اور مقتدیٰ الصدر کی مہدی ملیشیا کے بارے میں واقفان حال کو کوئی شک نہیں کہ ان کو امریکہ واسرائیل نے خود کھڑا کیا ہے اس کا جو فائدہ ان دونوں دجالی طاقتوں کو ہوا ہے وہ بھی سامنے ہے لیکن جو بات ایک عام آدمی کے لیے پریشانی اور فکر کا باعث ہے وہ ان گروپوں کو ایران کی حمایت ہے۔

حزب اللہ کے تمام مالی اخراجات ایرانی حکومت ادا کرتی ہے اس کے علاوہ لشکر بدر اور جیش المہدی نامی عراقی تنظیموں کو بھی ایرانی حکومت ہی اخراجات فراہم کرتی ہے جو 1990ء میں سالانہ بجٹ ساڑھے تین ملین ڈالر سے بڑھتا ہوا 1993ء میں اس کا بجٹ 160 ملین ڈالر ہو گیا۔

(بحوالہ الشراع میگزین' اگست 1995ء)

## امریکی ڈالر دجالی کرنسی:

تاریخ عالم اس بات پر شاہد ہے کہ ظہور اسلام کے بعد یہودیت کے غرور و تکبر سے بنے ہوئے مجسمہ میں جب دراڑیں پڑیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ قوانین الٰہی کی ذرا سی ٹھیس سے فلک شگاف یہودی ڈھانچہ زمین بوس ہو گیا تو ایک دفعہ پھر راکھ میں دبی چنگاریاں شعلہ نمائی کے لیے تیار ہو گئیں۔ ایک دفعہ پھر اسلام دشمنی نے ان میں ہیجان پیدا کر دیا وہ اس بات سے بخوبی آگاہ تھے کہ اگر بر وقت اپنی حکمت عملی کو سابقہ روایات کی نسبت تبدیل نہ کیا تو یقیناً یہ آفاقی قانون کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہو گا۔

Marfat.com

یہودیت کے یہ خدشات حقیقت پر مبنی تھے جس کا عملی ثبوت قرون اولیٰ میں نظر آتا ہے مگر وہ وقت جب مسلمانان عالم نے اپنی اساسیات سے روگردانی کی اور اپنے 'آئین' کو طاق میں سجا کر رکھ دیا تو یہودیت کے مردہ جسم میں ایک دفعہ پھر روح سرایت کر گئی درحقیقت اس دفعہ ان کی حکمت عملی بقاء کے پیش نظر تھی۔ بنیاد پرستی کا ایک عجیب انداز میں راگ الاپنے والے خود بھی بنیاد پرستی کے خود ساختہ شکنجہ میں جکڑے ہوئے ہیں۔

دور حاضر کے لحاظ سے منظر عام پر آنے والی کوئی حکمت عملی نئی نہیں ہے۔ ان کا بغور مطالعہ کیا جائے تو پس پردہ سینکڑوں سال پہلے اسلامی عداوت کی بنیاد پر بنائے جانے والے منصوبے کارفرما نظر آئیں گے۔ آج بھی اس کی منصوبہ بندی اور پالیسیوں کا محور و مرکز قدیم اسلام دشمن منصوبے ہیں جنہیں حکمت عملی کا نیا روپ دے کر کہیں New کا لیبل لگا کر دھوکہ دہی سے کام لیا جا رہا ہے۔ جس کی تازہ ترین مثال 1990 میں متعارف کروایا جانے والا نظام نیو ورلڈ آرڈر ہے۔

ذرا سی بھی فہم و فراست سے کام لیا جائے تو اس میں ان کے آباء و الآباء کے متعفن اجسام کی بو محسوس ہوگی۔ کسی بھی نظام ریاست کے لیے عسکری قوت کے ساتھ ساتھ معیشت ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ اس کلیدی کردار کی بنیادوں کو مضبوط کرنے کے لیے ایک طویل دورانیہ پر مشتمل منصوبہ بندی کی گئی۔ یہ حقیقت ہے کہ منصوبہ بندی کا دورانیہ جتنا طویل ہوگا نتائج اتنے ہی پختہ ہوں گے۔ خود ساختہ نظام معیشت کی بنیاد پر جس حکمت عملی سے ڈالر کی آبیاری کی گئی نتائج اقوام عالم کے سامنے ہیں۔

امریکہ عالمی اداروں کے ذریعے اقوام عالم کا معاشی استحصال اور امن کے نام پر امریکی اسلحہ کی فروخت' صیہونی عالمی حکومت کے قیام کے لیے پیش رفت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہمیشہ صیہونیت نے اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کے لیے دھوکہ دہی کی

Marfat.com

خاصیت سے کام لیا ہے۔"بات انسانی حقوق کی کرتے ہیں مقاصد منفی نتائج کا حصول ہوتا ہے"۔ صیہونیت خود اپنی زبانی اپنے مقاصد کا اظہار کرنے یا نہ کرے ڈالر پر موجود اشاعت شدہ مواد چیخ چیخ کر یہودیت کی منصوبہ بندی کی عالمگیریت کا اظہار کر رہا ہے۔

آیئے صیہونیت کی ریشہ دانیوں اور فتنہ پردازیوں کی طویل داستان مسٹر ڈالر سے سنتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ ڈالر ایک کرنسی ہی نہیں بلکہ یہودیت کا بین نصب العین ہے جس کی شقیں اس پر درج علامات کی صورت میں موجود ہیں۔

ڈالر کے سامنے کے حصے پر آزادی کا ہیرو اور پہلے امریکی صدر جارج واشنگٹن کی تصویر ہے جو خود 33 ویں درجے کا اعلیٰ سکاٹش فری میسزی تھا۔ جارج واشنگٹن 21 سال کی عمر میں 1752ء میں فری میسن بنا۔ بعد میں ورجینا لاج کا گرینڈ ماسٹر بنا۔ 1779ء جنگ آزادی کے حصول کے بعد اس کو امریکہ کے فری میسزیوں کے کنونشن میں جنرل گرینڈ ماسٹر مقرر کیا گیا آج بھی امریکی معاشرے میں یہودی اثر ونفوذ کا اہم ستون فری میسن ہے۔ ہر امریکی صدر یہودیوں کی زیادہ سے زیادہ مدد کا طالب ہوتا ہے اور صیہونیوں سے زیادہ صیہونی ہوتا ہے۔

ایک امریکی ڈالر کے دایاں جانب ایک دائرہ ہے اس میں ایک چیل یا عقاب اپنے دو پنجوں میں سے ایک میں تیر اور دوسرے میں امن یا اناج کی شاخ لیے ہوئے ہے یہودی اس سے دنیا کو غالباً یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ اس دنیا کی جنگ اور امن دونوں ان کے تابع ہیں یا دوسرے الفاظ میں وہ جب چاہیں دنیا میں جنگیں برپا کر دیں اور جب چاہیں دنیا کی معیشت کو اپنی مٹھی میں لے لیں (واضح رہے کہ پہلی اور دوسری جنگ عظیم یہودیوں ہی نے برپا کروائی تھیں) ہمارا سوال یہ ہے کہ اگر یہودی چیل کے ایک پنجے میں اسلحہ اور دوسرے پنجے میں معیشت کی علامت دکھا سکتے ہیں تو اگر مسلمان یہ اعلان کریں کہ ان کے ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے ہاتھ میں قرآن ہے تو مغربی دنیا کو اس پر اعتراض کیوں ہے؟

Marfat.com

مزید یہ کہ چیل کے سر پر جو چھوٹے چھوٹے ستارے بنے ہوئے ہیں انہیں اگر پنسل سے ملایا جائے تو یہ چھوٹے ستارے مل کر یہودیوں کے چھ کونوں والے ڈیوڈ اسٹار کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جو صیہونیت کی سرکاری علامت ہیں۔ سوال یہ بھی ہے کہ ایک عیسائی مملکت کے کرنسی نوٹ پر آٹھ کونوں والے صیہونی ستارے کا آخر کیا کام ہے؟

اس ڈالر کے بائیں طرف جو دائرہ ہے اس میں چار غیر معمولی الفاظ و تصاویر ہیں اہرام مصر کے اوپر چھوٹے تکون میں ایک آنکھ دکھائی گئی ہے جس کے ارد گرد بے حد روشنی ہے یہودی دماغوں نے اس علامت سے یہ ظاہر کیا ہے کہ دجالی آنکھ بلندی سے ساری دنیا پر نظر رکھے ہوئے ہے اور اس کے راستے میں اندھیرا نہیں بلکہ روشنی ہی روشنی ہے۔ تکون کے اوپر حصے میں جو حروف لکھے ہوئے ہیں وہ یہ ہیں Annuit Coeptis ۔ امریکی قوم یونانی اور لاطینی زبان نہیں جانتی' انگلش اور ہسپانوی جانتی ہے مگر حیرت ہے کہ اس کے نوٹ پر غیر انگریزی زبان کے الفاظ درج ہیں۔ ان الفاظ کے معنی کامیابی سے ہمکناری کے ہیں چنانچہ دنیا دیکھ رہی ہے کہ یہودی منصوبہ ساز نہایت کامیابی سے اپنے منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچا رہے ہیں زندگی کا کوئی شعبہ ہو' تعلیم' جنگ' امن معیشت اور سیاست۔ ان کی ہدایت سے کچھ بھی دور نہیں ہے دجال کا اصل فتنہ مادیت ہی کا فتنہ ہے اس نے ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا ہے۔

صیہونی دماغ اس کے ذریعے بتانا چاہتے ہیں کہ ہمارے آقا دجال کی اکیلی آنکھ ساری دنیا کو اپنی نادیدہ گرفت میں لیے ہوئے ہے۔ اگر کوئی شخص یہودیوں سے پوچھے کہ آخر تمہارا مسیح پس پردہ رہ کر دنیا پر گرفت مضبوط کرنے کے چکر میں کیوں ہے؟ ظاہر کیوں نہیں ہو جاتا کہ جو کچھ ہونا ہے اس کا فیصلہ ہو جائے اور قصہ زمین بر سر زمین نمٹ جائے تو اس کے جواب میں وہ کہتے ہیں کہ ایسا اس وقت ہو گا جب زمین پر ایک زبردست قسم کی مقدس جنگ چھڑ جائے جو انتہائی خونریز بھی ہو اور عالمگیر بھی' اس میں اسرائیل ساری مسلم دنیا کا فریق ہو گا کیونکہ یہ (معاذ اللہ) مسجد اقصیٰ کو بم

Marfat.com

سے اڑانے کے نتیجے میں شروع ہوگی اور دجال کو مجبور کردے گی کہ وہ ہیکل کی تیسری مرتبہ تعمیر اور اپنے پیروکاروں کی حمایت کے لیے مداخلت کرے اور یوں دنیا اس مجسم شر کے ظہور کا تماشا کر سکے گی۔

تکون کے نچلے حصے میں جو الفاظ درج ہیں وہ یہ ہیں Novus ordo seclorum۔ ان الفاظ سے یہودی منصوبہ سازوں کا مطلب نیا معاشرتی نظام یا نیو ورلڈ آرڈر ہے 1990ء میں جارج بش سینیئر کا اعلان کردہ نیو ورلڈ آرڈر اس منصوبے کا عملی حصہ ہے اس لحاظ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نیا عالمی نظام جارج بش کی تخلیق نہیں بلکہ اس کے تیار کنندگان تو کوئی اور ہیں نیا نظام برسوں کے غور و فکر کا نتیجہ تھا آج ہم اس کے آثار اپنے گردو نواح میں دیکھ رہے ہیں کہ کس طرح ہر مسلم حکومت کو نت نئے احکامات دے کر انہیں اس نظام میں جکڑا جا رہا ہے۔

تکون کی بنیاد پر Mdccl xxv1 لکھا ہے اگر ان اعداد کو جمع کیا جائے تو اس سے 1776ء کا سال برآمد ہوتا ہے بظاہر یہ سال امریکہ کی آزادی کا ہے لیکن دراصل اسی سال آرڈر آف الیومنیاتی (روشن ضمیر لوگوں کا نظام) قائم کیا گیا یہ آرڈر دنیا پر غلبے کا خفیہ منصوبہ تھا جو 1776ء میں تیار ہوا اور 1990 میں اس کی عملی شکل سامنے آگئی۔ اس نظام کی تکمیل کے لیے یہودیوں نے امریکیوں کو یہ باور کرا رکھا ہے کہ "خدا امریکہ پر مہربان ہے اس لیے کہ امریکہ یہودیوں پر مہربان رہتا ہے" یہی وجہ ہے کہ امریکہ کے ٹیکس دہندگان اسرائیل کی چھوٹی سی ریاست کو ہر سال چھ بلین ڈالر کی فوجی امداد دیتے ہیں۔

ڈالر کی پشت پر پائی جانے والی یہ تصاویر اور پر اسرار حروف نہ جانے کب سے گردش میں ہیں یہ کرنسی نوٹ آج سے نہیں بلکہ کئی عشروں پہلے سے زیر گردش ہیں جس کے تحت یہودی منصوبہ سازوں نے اپنے خفیہ ارادوں کو دنیا تک پہلے پہنچا دیا ہے۔ ہائے مسلمان! تجھے خبر ہی نہیں کہ تو خود ہی یہودیوں کے منصوبے اپنی جیب میں لیے پھر رہا ہے۔

Marfat.com

## بلیک واٹر دجال کا لشکر:

بلیک واٹر بنیادی طور پر کٹر صلیبیوں کا ایسا گروہ ہے جو دنیا بھر میں صلیبی مفادات کے تحفظ کے لیے جارحانہ اور ظالمانہ انداز میں کارروائیاں کرتا ہے یہ تنظیم 1996ء میں شمالی کیرولینا کے بنجر علاقے میں وجود میں آئی۔ 7ہزار ایکڑ یعنی 28مربع کلومیٹر کا یہ رقبہ جس پر گہرے سبز رنگ کے خود رو پودے موسموں کے اثرات کی وجہ سے زمین پر بچھے رہتے ہیں۔ اردگرد کا سیلابی پانی اسے ایک نیم دلدلی کیفیت میں مبتلا رکھتا ہے کہیں زیادہ گہرائی ہو تو چھوٹی سی جھیل بھی بن جاتی ہے ورنہ سارا علاقہ پاؤں تلے روندی ہوئی لمبی لمبی گھاس کو تھوڑے تھوڑے سطحی پانی میں ڈوبے رہنے کا منظر پیش کرتا ہے گھاس چونکہ پانی کی زیادتی کی وجہ سے گل سڑ کر گہرے رنگ کی ہو چکی ہے اور پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے پورے علاقے کو کالا پانی یا ''بلیک واٹر'' کہا جاتا ہے۔

اس تنظیم کا بظاہر مقصد نجی طور پر سیکورٹی کے فرائض انجام دینے کے لیے فوجی تربیت فراہم کرنا تھا۔ اس تنظیم نے اس 7 ہزار ایکڑ رقبے پر دنیا کی سب سے بڑی سیکیورٹی ایجنسی کا ٹریننگ سینٹر قائم کیا یہ ٹریننگ سنٹر اتنا بڑا ہے کہ سٹیلائٹ کے ذریعے ''گوگل ارتھ'' پر جا کر دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ ٹریننگ سنٹر ہر سال میں چالیس ہزار افراد کو سیکیورٹی کے اس کام میں ٹریننگ فراہم کرتا ہے جو واضح اور خفیہ ہر طرح کے مقاصد پورے کر سکے۔ نومبر 2006ء میں اس تنظیم نے شکاگو کے شہر ماؤنٹ کیرول میں 30 ایکڑ مربع اراضی خریدی ہے جہاں اس تنظیم کا شمالی تنظیمی ڈھانچہ قائم کیا جائے گا اس سیکیورٹی ایجنسی کے اپنے جہاز' فوجی چھاؤنی' فضائی فوج اور کئی گن شپ ہیلی کاپٹر اور دیگر جدید ترین آلات جنگ ہیں۔

اس فوج کا سربراہ ایک امریکی ''ایرک پرنس'' ہے جو کہ سابق اعلیٰ نیول آفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بنیاد پرست عیسائی بھی ہے نظریاتی طور پر ایرک پرنس مالٹا

Marfat.com

کے ان کٹر عیسائی گروہوں سے وابستہ ہے جو آخری صلیبی جنگ میں صلاح الدین ایوبیؒ سے شکست کھانے کے بعد ذلت و رسوائی کے باعث یورپ واپس نہیں گئے تھے بلکہ فلسطین کے ساتھ سمندر کے دوسری جانب جزائر مالٹا میں جا کر آباد ہو گئے تھے۔

اس تنظیم کے ساتھ چار سال تک ملازمت کرنے والے" جان ڈو" نے آن دی ریکارڈ عدالت میں بیان دیتے ہوئے ایرک پرنس کو کٹر عیسائی قرار دیا اور کہا" وہ دنیا میں سب مسلمانوں اور ان کے عقیدے کو ختم کرنے کے لیے کام کر رہا ہے اس کی تنظیم نے عراقیوں کی زندگیوں کو تباہ کرنے اور قتل کرنے پر انعامات دیئے ہیں ایرک پرنس کٹر عیسائی ہے جو عیسائیت کے فروغ اور اسلامی عقیدے کو ختم کرنے کا کام کر رہا ہے"۔

ایرک اپنے باپ کا کروڑوں ڈالر کا آٹو پارٹس کا بزنس سنبھال سکتا تھا مگر پھر وہ مسلمانوں کو ختم کرنے کی خواہش کیسے پوری کرتا' لہٰذا اس نے نیوی جوائن کر لی اپنے باپ کے مرنے کے بعد اس نے نیوی کو خیر باد کہا اور مشی گن آ گیا پھر اس نے اپنے باپ کی کاروباری کمپنی کو بیچ ڈالا اور اپنے حصے کی رقم سے بلیک واٹر یو ایس اے کی بنیاد ڈالی۔ ایرک پرنس کا یہ ذاتی عسکری اڈہ دنیا کا سب سے بڑا پرائیوٹ عسکری مرکز ہے۔ یہ امریکی ریاست کیرولینا میں سات ہزار ایکڑ زمین پر پھیلا ہوا ہے۔ اس وقت بلیک واٹر کے 2300 افراد مختلف ملکوں میں کام کر رہے ہیں جبکہ بیس ہزار تیار بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس کا علامتی نشان چیتے کا خونخوار پنجہ ہے جو اپنے علامتی نشان کے ساتھ ساتھ بلیک واٹر خفیہ مقاصد کی تکمیل کے لیے خون کی ہولی کھیلتی ہے۔

جان نیگرو پونٹے اور زلمے خلیل زاد کی سیکورٹی بھی بلیک واٹر کرتی تھی اس کے علاوہ اکثر سفارت کاروں کی سیکورٹی اس کے ذمہ رہی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس نے داؤ پر لگے کئی ایسے اہم منصوبوں کی حفاظت اور نگرانی میں بھی مدد جاری رکھی جن کے ساتھ قومی سلامتی کے ادارے سے وابستہ کئی سرکردہ اور با اثر شخصیات کے نام اور مفادات وابستہ تھے ان میں ہنری کسنجر' جیمز بیکر سوئم اور ڈک چینی کے نام قابل ذکر ہیں۔

Marfat.com

2001ء تک سرکاری معاہدے کے تحت بلیک واٹر کے پاس ایک ملین ڈالر سے بھی کم کا بزنس تھا لیکن جارج بش کے عہدہ صدارت کی پہلی مدت کی ابتداء میں ہی ڈرامائی طور پر یہ کمپنی ایک بلین ڈالر سے بھی زیادہ منافع سمیٹ چکی تھی۔ وہ امریکی استعمار جسے سرمایہ داری اور منافع خوری سے عشق ہے وہاں عوام الناس کا وسیع پیمانے پر قتل کرنے والی بین الاقوامی مشینری اب تجارتی ہاتھوں میں پہنچ چکی تھی لہٰذا جوں جوں وقت گزرتا گیا بلیک واٹر کی سنگ دلی' بے رحمی اور سفاکی کی داستانیں بکھرنے لگیں۔

بلیک واٹر کے کرائے کے فوجی کتنے بے حس اور ظالم ہیں اس بات کا اندازہ عام آدمی کبھی نہیں لگا سکتا انسانوں کی موت ان کے لیے سکون کا باعث ہے اور وہ بے قصور لوگوں کو مار کر لطف اندوز ہوتے ہیں۔ عراق میں ایسے بے شمار واقعات ہو چکے ہیں جن میں بلیک واٹر کے سیاہ ناگوں نے اپنی گاڑیوں کے پیچھے یا دائیں بائیں آنے والی گاڑیاں پر بس یونہی فائرنگ کر دی۔ ڈرائیور کو گولی لگی اور اس نے گاڑی درخت میں دے ماری۔ اندر بیٹھے دیگر افراد جان بچانے کے لیے بھاگے تو وہ بھی یکے بعد دیگرے وہ بھی بس سے ٹکراتے' فٹ پاتھوں پر گرتے مارے گئے۔

انٹرنیٹ (یوٹیوب) پر ایسی بہت سی ویڈیوز دیکھی جا سکتی ہیں یہ ان وحشی کرائے کے قاتلوں کے کارنامے ہیں جنہیں دنیا بلیک واٹر کے نام سے جانتی ہے اور جو عراق' افغانستان' پاکستان اور دیگر ممالک میں دہشت کی علامت ہیں۔ اس تنظیم کی شناخت عراق کے شہر فلوجہ میں چار امریکی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد ہوئی۔ فلوجہ اور نجف میں اس تنظیم کے افراد کے مظالم کی داستانیں اب کسی سے پوشیدہ نہیں۔

پاکستان میں کچھ عرصہ سے بلیک واٹر کی آمد کا شور وغوغا اس انداز سے برپا کیا گیا ہے جیسے یہ بلا ابھی ابھی پاکستان پر نازل ہوئی ہے تفصیلات تو بہت زیادہ ہیں لیکن یہاں ہم اختصار سے میڈیا میں آنے والے حقائق و واقعات کا تذکرہ کرنے کے بعد یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ واقعی بلیک واٹر چند ہفتے پیشتر پاکستان پر آفت کی

Marfat.com

صورت میں نازل ہوئی ہے یا ''کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے'' کے مصداق' معاملہ کچھ اور ہے۔

پاکستانی میڈیا کے مطابق اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے میں توسیع کی آڑ میں منی پینٹا گون بن رہا ہے 18 ایکڑ رقبہ محض ایک ارب روپے میں امریکی سفارت خانے نے خریدا ہے اسلام آباد میں امریکیوں نے 200 سے زائد گھر کرایہ پر حاصل کر لیے ہیں اور بقول کموڈور (ر) طارق مجید'' ایک گھر میں اگر 6 سے 7 افراد بھی رہائش پذیر ہوں تو یہ تعداد ڈیڑھ ہزار کے قریب ہو سکتی ہے اس کے علاوہ سفارت خانے میں جو میرینز ہاؤس بن رہا ہے وہ بھی نہ معلوم کتنے افراد کی گنجائش رکھتا ہے مجموعی تعداد کوئی 3 سے 4 ہزار کے قریب بنتی ہے''۔ بلیک واٹر اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے ایس ایس جی کے ریٹائرڈ لوگوں کو بھرتی کر رہی ہے۔

2004ء میں کراچی شہر میں سابقہ فوجیوں کو بھی سیکیورٹی ایجنسی میں بھرتی کے نام پر اشتہار دے کر بلایا گیا۔ اس کے علاوہ لاتعداد ریٹائرڈ پاکستانی فوجی' بیورو کریٹ' دانشور' صحافی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے افراد اس میں بھرتی کر لیے گئے ہیں۔ نیز اردو اور پنجابی زبانوں پر عبور رکھنے والے ایجنٹوں کو بھرتی کرنا شروع کر دیا ہے اس مقصد کے لیے بلیک. واٹر کی ویب سائٹ پر فارم موجود ہے۔

پُر تشدد قتل' اغواء' جنسی تشدد اور چھوٹے بچوں پر جنسی بے رحمی...... یہ سب ایسے الزامات ہیں جو ان کرائے کے فوجیوں پر بار بار لگ چکے ہیں کیونکہ یہ فوجی مادر پدر آزاد سوائے مال کے کسی ضابطہ اخلاق کے پابند نہیں ہوتے' نہ انہیں روایتی عسکری انداز میں احکامات سننے کی عادت ہوتی ہے یہ کسی انسانی و اخلاقی روایت کو خاطر میں نہیں لاتے۔ بلیک واٹر کے ان لوگوں کی اکثریت بلکہ نوے فیصد سے زیادہ یورپ' ایشیا اور افریقہ کے ریٹائرڈ فوجیوں پر مشتمل ہے اور ان میں سے ہر ایک کی تنخواہ کسی ریٹائرڈ امریکی جنرل سے بھی زیادہ ہے۔ بلیک واٹر کے ایک اہل کار پر سالانہ

Marfat.com

445000 ڈالر خرچ کیے جاتے ہیں جو کسی بھی امریکی جنرل کی 26 سال کی ملازمت کے دوران حاصل کی گئی تنخواہ سے بھی زائد ہیں۔

اس سارے پس منظر میں دنیا بھر کے اخبارات کی رپورٹیں اور تبصرے نکال کر پڑھیے تو آپ حیران رہ جائیں گے کہ میرے ملک میں کیسا منظر نامہ اگلے دنوں میں سامنے آنے والا ہے؟ ایک ارب ڈالر سے قائم شدہ دنیا کا سب سے بڑا سفارت خانہ جس میں ایک ہزار سے زیادہ میرین فوجی ہوں گے اس سارے پلان کے لیے عالمی اخباروں کی خبریں یہ ہیں کہ لا تعداد ریٹائرڈ پاکستانی فوجی' بیوروکریٹ' دانشور' صحافی اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے افراد اس معرکے کے لیے بھرتی کر لیے گئے ہیں جو خبر کا ذریعہ بھی ہوں گے اور اس پلان کو عملی جامہ پہنانے میں دست و بازو بھی۔

ایسے ماحول میں جب چاروں جانب سے مایوس یہ قوم' جو کبھی ایک سمت دیکھتی ہے اور کبھی دوسری سمت' کبھی اسے منتخب سیاست دانوں کا خیال آتا ہے اور کبھی وطن کے رکھوالوں کا۔ یوں لگتا ہے اس بار جو میدان جنگ سجنے جا رہا ہے اس میں ان بے سروسامان پاکستانیوں کو شاید خود ہی اس سیلاب کے سامنے بند باندھنا پڑے۔

اس لیے کہ جن طبقوں کی دعوت پر یہ یہاں تشریف لائے ہیں وہ تو حالت جنگ میں یہاں سے کوچ کر جائیں گے اور فلوجہ و نجف' کابل و قندھار کے طالبان و مجاہدین کی طرح لڑنا ہمارا مقدر ہو جائے گا۔ اس سے پہلے کہ شکاری اپنی مچان بنا لے اسے اس دھرتی سے در بدر کرنا ہوگا' اسے نکالنا ہوگا ورنہ پھر کسے علم اس کے نشانے کی زد پر کس کا گھر ہو' کس کا بیٹا ہو' باپ' ماں یا بہن ہو؟ ماتم کرنے سے پہلے سیلاب کو روکنا ضروری ہے۔

Marfat.com

باب6

# 2012 دنیا کی تباہی نہیں امریکی تباہی کا سال ہوگا

لشکرِ مہدی کے مقابلے میں آنے والے لشکرِ دجال کی گھن گرج اور ایٹمی طاقت سے موجودہ دور کے لوگ بھی خوفزدہ ہیں بلکہ آج سے دس سال پہلے تو خصوصاً حکمرانوں' صحافیوں اور مغربی تعلیم یافتہ دانشوروں کے الفاظ فضا میں جابجا گونج رہے تھے کہ امریکہ سے ٹکر لینا بہت مشکل ہے۔ امریکہ سے ٹکر لینے کے لیے طالبان کے پاس کیا ہے یہ کس ہتھیار سے بی باون' F16 اور ڈیزی کٹر بموں سے اپنے آپ کو بچاسکیں گے۔ یہ ملا پتھروں کے زمانے میں دھکیل دیے جائیں گے' گویا بھانت بھانت کی بولیوں سے حتیٰ کہ اہل ایمان کے دلوں میں بھی شک وشبہ پڑ گیا۔ لیکن افغانستان کے بوریا نشین کی دانشیں تک ان دانش وروں کی ہلکی سی بھنک بھی نہیں پہنچ سکتی اور ایک حکمت عملی کے تحت اور عام شہروں کے امریکی صلیبی دجالی لشکر کے بموں کا نشانہ بننے کے بعد امارتِ اسلامی افغانستان کا زمینی کنٹرول چھوڑ دیا گیا لیکن ملک چھوڑنے کا مطلب یہ نہیں تھا کہ جہاد چھوڑ دیا۔ خود امیرالمومنین ملا عمر مجاہد حفظہ اللہ فرماتے ہیں۔ ہم نے حکومت چھوڑی ہے لیکن جہاد نہیں چھوڑا۔ یہ جہاد کی برکت تھی کہ دس سال بعد اتحادیوں نے یہ تسلیم کرلیا کہ ان افغانوں اور لشکرِ مہدی کے پروانوں کو بزورِ طاقت زیرنہیں کیا جاسکتا۔

**لشکرِ مہدی کے پروانے:**

حضرت مہدی کے منتظر پروانے اپنا کام سخت لگن اور جدوجہد سے کر رہے ہیں۔ وہ ٹیکنالوجی کا مقابلہ بذریعہ ایمان بھی کر رہے ہیں' بذریعہ جان بھی۔ ایمان

Marfat.com

والے ہی ڈیزی کٹر بموں اور ان طیاروں اور ڈرون کے سامنے سینہ سپر ہیں۔ اگر ایمان نہ ہو تو ایک منٹ بھی میدانِ جنگ میں ٹھہرنا مشکل ہوتا ہے۔ پورا خراسان میدانِ جنگ بنا ہوا ہے لیکن یہ قافلہ راہِ حق نہ پیچھے ہٹے اور نہ ہی جہاد سے تائب ہوئے بالآخر اس کا صلہ یہ ملا کر 'پمپر' پہننے والے فوجیوں نے گھٹنے ٹیک دیے اور مذاکرات کا راگ الاپتے ہوئے طالبان کو ایک سیاسی حکومت تسلیم کرنے پر آمادہ ہوگئے یہ کافر دجالی لشکر کبھی ملا عمر مجاہد حفظہ اللہ اور کبھی افغانستان کے مایہ ناز کمانڈر کے نام بھی مطلوب افراد کی فہرست سے خارج کر رہے ہیں لیکن یہ صلیبی اہلِ ایمان اور مردِ قلندر ملا محمد عمر مجاہد حفظہ اللہ کو کسی فہرست میں شامل کرلیں یا نکال دیں لیکن اس لشکرِ مہدی کی فہرست میں داخل ہونے والوں کو کسی کی پرواہ نہیں یہ جانثار نہ بی باون دیکھتے ہیں۔ نہ ڈرون اپنی دنیا میں مست یہ نعرہ مستانہ لگاتے ہیں۔

جان تو دے دی اُسی کی ہے
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہو سکا

ان موت سے لڑنے والوں سے پوچھیں کہ یہ کس قدر لذیذ شہادت کو پاتے ہیں۔ گویا خراسان کے پروانوں نے اپنی جان نچھاور کر کے دشمن پر برتری کا ایک ایسا رُعب ڈالا جو کہ ایک مومن کی شان ہے۔

خونِ شہیداں رنگ لایا فتح کا پرچم لہرایا

لشکرِ دجال کے دانت کھٹے کرنے والوں اور حضرت مہدی کے لشکر کے خواہاں اہلِ ایمان کے لیے نوید ہو کہ 2012ء دنیا کی تباہی نہیں بلکہ امریکہ، نیٹو اور اس کے اتحادیوں کی تباہی کا سال ہے۔ اگر 2012ء میں دنیا تباہ ہوجاتی ہے تو مجاہدین جو کہ اپنے خون سے اس گلشن کو سیراب کرتے آرہے ہیں وہ اپنی فتح و کامرانی اور سرزمین خراسان پر اسلامی پرچم لہرانے کے خواب کب دیکھیں گے گویا اللہ رب العزت کی ذات اتنی ظالم نہیں کہ اب تو مجاہدین کی کامرانی کے دن ہیں اور دنیا تباہ ہو جائے گی۔ دنیا کی تباہی کا نعرہ لگانے والے لوگ یہ نعرہ کیوں نہیں لگاتے کہ 2012ء

Marfat.com

لشکرِ دجال کی تباہی کا سال ہوگا۔ ہم صرف اللہ کی عظمت کو لوگوں کے دلوں میں بٹھائیں نہ کہ باطل ادیان کی کہاوتوں سے ان کو ڈرائیں۔

یاد رہے کہ کچھ افراد مایا تہذیب' ہندو تہذیب اور دیگر باطل مذاہب کی دلیل اور پیشین گوئیوں کو اور اہلِ اسلام کو میں پھیلا رہے ہیں۔ ان باطل مذاہب کے کیلنڈر میں 2012ء میں دنیا کی تباہی کا ذکر ہے اور بعض لوگ (Nibru) یا (Planet-X) نامی سیارے کو بھی زمین سے ٹکرانے کا سبب گردانتے ہیں۔ یہاں یہ بات قابلِ غور ہے کہ یہ فرضی کہانیاں اور حقائق ہیں اسلام کا اس سے کوئی تعلق نہیں مجھے یاد ہے کہ غالباً 1995ء میں مشتری سیارے کی زمین سے ٹکرانے کی خبریں کئی ماہ پہلے مشہور ہوئی گویا اخبارات میں ہر روز ایک نئی کہانی گھڑی گئی بالآخر جب مطلوبہ تاریخ آ پہنچی تو اخبارات نے بڑی سرخیاں جمائی کہ یہ سیارہ زمین کے مدار سے باہر ٹکرائے بغیر نکل گیا گویا ہر چوک اور موڑ پر سنسنی خیز خبروں کا سیلاب تھا لیکن یہ وقت بھی گزر گیا اب 2012ء کی بازگشت ہے کہ دنیا آتش فشاں' زلزلوں اور سیلابوں کی لپیٹ میں آئے گی لیکن ہمارا ایمان ہے کہ اہلِ اسلام کو خوشحالی اور خلافت علی منہاج النبوۃ کی خوشی اللہ ضرور اس اُمت کو دکھائے گا اللہ ربّ العزت کے دربار میں ہماری بہنوں کے درد اور آہوں سے بھرے آنسو گرے ہیں' کتنی ماؤں کے جگر گوشے اپنے لہو سے دنیا کو دکھا گئے اور کئی سفید ریش تہجد کی نمازوں میں اپنی سفید داڑھی کو تر کر کے امت کی سرخروئی کے لیے دعا گو ہیں۔ کیا امت مسلمہ صرف غم اور پریشانی میں دن گزارتی رہے گی۔ اللہ کی ذات ہماری ان باحیا بہنوں کے آنسوؤں کی بھی لاج رکھے گا۔ ان ماؤں کے جگر گوشوں کی قربانی رنگ لائے گی۔ یہ سفید بالوں والے راتوں کو رونے والے بھی ضرور شادوفرحاں ہوں گے اس لیے کہ اُمت نے بہت غم دیکھے ہیں اور اب خوشی کا دور دورہ ہوگا اور لوگ مٹھائیاں بانٹے گے۔ (انشاء اللہ) 2012ء امریکہ نیٹو اور صلیبی اتحادیوں کی تباہی کا سال ہوگا۔ (انشاء اللہ)

Marfat.com

# دجالی تہذیب اور ہم

یہ تحریر کتاب ایک آنکھ والا دجال مؤلف ڈاکٹر گوہر مشتاق کی ہے جس میں انتہائی اہم معلومات کو قارئین کے لیے پیش کیا جا رہا ہے۔

## جلد بازی سے پروان چڑھا بچہ (THE HURRIED CHILD)

جلد بازی شیطان کی ایک صفت ہے۔ حدیث میں آتا ہے: ''اَلْعَاجِلَةُ مِنَ الشَّیْطَان '' (جلد بازی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے) دجال کی ایک اہم خصوصیت جو حدیث میں بیان کی گئی ہے وہ اُس کی تیزی ہے۔ (صحیح مسلم) غور کریں تو یہی صفت دجال کے ایجنٹوں میں بھی بدرجہ اُتم موجود ہے مثلاً ٹی وی' انٹرنیٹ' ڈِش نیٹ ورک' ویڈیو گیمز وغیرہ۔ امریکی مفکر جوزف چلٹن پیئرس (Joseph Chilton Pearce) کی تحقیق کے مطابق ٹی وی پر بچوں کے کارٹون اور پروگراموں کو ہر دس سال کے بعد مزید تیز کیا جاتا ہے تاکہ بچے اُن سے اکتاہٹ کا شکار نہ ہوں۔ اسی طرح انٹرنیٹ کے تیز سے تیز کنکشن مارکیٹ میں آ رہے ہیں۔ یہی حال کمپیوٹر گیمز کا ہے۔ زراعت کے میدان میں فصلوں کو کیمیکلز کی مدد سے جلدی تیار کیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں ہم انسانوں میں کینسر اور ہیپاٹائٹس جیسی بیماریاں دیکھ رہے ہیں۔

اسی طرح مویشیوں کو ہارمونز کے ٹیکے لگا کر جلدی جوان کیا جاتا ہے تاکہ اُن سے پیسہ کمایا جا سکے لیکن ایسے جانوروں کے گوشت' دودھ اور انڈوں سے انسانوں میں وہی زہریلے کیمیائی مادے منتقل ہو جاتے ہیں۔ امریکہ کے فاسٹ فوڈ (Fast Food) کے بزنس جن کی شاخیں مکہ مکرمہ تک میں کھل چکی ہیں' اسی جلد بازی کے کلچر کا مظہر ہیں حالانکہ فاسٹ فوڈ کی بنیاد ہی وہ شیطانی صفات یعنی Haste and Waste (جلد بازی اور فضول خرچی) پر رکھی گئی ہے۔ تاہم دجالی نظام کا اصل مقصد

Marfat.com

جلد بازی سے پروان چڑھے بچے تیار کرنا ہے۔ ایسے بچے جن سے اُن کا بچپن چھین لیا گیا ہو اور وہ بے حس اور سنگدل افراد بن کر معاشرے میں شامل ہوں۔

حضور ﷺ نے حدیث میں قیامت کی نشانیاں بیان کرتے ہوئے فرمایا:

سَيَكُوْنُ مَطَرٌ قَيْظًا وَالْوَلَدُ غَيْظًا. (حدیث)

(قیامت کے قریب) بارش کا پانی تیزابیت والا (Acid Rain) ہو جائے گا اور بچے غضبناک بن جائیں گے۔

اِس حدیث میں جن بچوں کی طرف اشارہ ہے یہ ایسے ہی بچے ہیں جن سے اُن کا بچپن چھین لیا گیا ہو اور اُنہیں ماں کی ممتا سے محروم کر دیا گیا ہو۔ نتیجتاً اُن کے لیے کسی رشتے کی اہمیت باقی نہیں رہتی۔ دجالی نظام میں خواتین کو مردوں کے شانہ بشانہ نوکریاں کرنے کی ترغیب دے کر پہلے بچوں کو ماں کے دودھ سے محروم کیا جاتا ہے اور پھر ماں کی ممتا اور پرورش سے۔ جب بچے کی عمر بمشکل تین چار برس کی ہوتی ہے تو اُسے اسکول میں داخل کر دیا جاتا ہے تاکہ وہ ماں کے پاس کم سے کم وقت گزارے۔ آج کے مضمون کا موضوع ایسے ہی جلد بازی سے پروان چڑھے بچے ہیں۔

## بچے کی ذہنی نشوونما کے مختلف مراحل:

پاکستان میں تعلیم کا رجحان بڑھ رہا ہے جو کہ اچھی بات ہے لیکن اُس کا رُخ صحیح سمت میں متعین کرنا اہم ہے ورنہ فائدے کی بجائے نقصان ہاتھ آئے گا۔ آج یہ دیکھنے میں آرہا ہے مسلمان مائیں اپنے 3 اور 4 سال کے بچوں کو اسکول میں داخل کروا دیتی ہیں جہاں پر اُن بچوں کو پھانسنے کے لیے DAY-CARE یا PRE-K یا PRE-SCHOOL جیسی اصطلاحات استعمال کی جاتی ہیں۔ اس رجحان میں بہت سے عوامل کو دخل ہے جو سب کے سب دجالی نظام کی جڑوں کو پانی بخشتے ہیں، جس کا خاصہ یہ ہے کہ بچے کو ماں کی محبت سے زیادہ سے زیادہ دور رکھا جائے۔ نہ جانے پاکستانی مائیں اپنی فطری ذمہ داریوں سے جان چھڑوانے کے لیے ایسا کرتی ہیں یا

Marfat.com

انتہائی خوش اعتقادی کے ساتھ معاشرے کے بہاؤ سے متاثر ہو کر ایسا کر گزرتی ہیں۔ کچھ ماؤں نے صبح کے وقت گھر میں تسلی سے ٹی وی یا کیبل پر اپنی پسند کے ڈرامہ سیریل دیکھنے ہوتے ہیں یا کمپیوٹر پر وقت صرف کرنا ہوتا ہے۔ ایسی تمام مصروفیات میں چھوٹے بچے خلل پیدا کرتے ہیں جس سے تنگ آ کر مائیں انہیں جلدی ہی اسکول بھیج دیتی ہیں۔

حضرت علیؑ بن ابی طالب نے 1400 سال پہلے بچوں کی تعلیم کے متعلق فرمایا تھا:

لَعِبُوْهُمْ بِسَبْعٍ وَاَدِّبُوْهُمْ بِسَبْعٍ وَاخُوْهُمْ بِسَبْعٍ.

ترجمہ: بچوں کو پہلے سات سال تک کھیل کھلاؤ، اگلے سات سال اُن کو صحیح تعلیم دو اور ان سے اگلے سات سال ان کے ساتھ دوستی کرو۔

علیؑ بن ابی طالب کے مطابق بچوں کی صحیح تعلیم سات سال کی عمر سے شروع ہونی چاہیے۔ جدید سائنسی تحقیقات بھی حضرت علیؑ کے قول کی تائید کرتی ہیں۔ جرمنی کے ماہر تعلیم ڈاکٹر روڈالف سٹائز (Dr. Rudolf Steiner) کی تحقیق کے مطابق بچے کو جلدی اسکول داخل کروانے سے اُس کے ذہن پر بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں وہ جلد بالغ ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر سٹائز جو کہ بیک وقت فلسفہ، مذہب، علمِ نفسیات، آرٹ، تاریخ، معاشیات اور سیاسیات میں ماہر تھا اُس نے 1919ء میں جرمنی میں پہلے والڈارف (Woldorf) اسکول کی بنیاد رکھی اور چند ہی سالوں میں والڈارف طریقِ تعلیم پوری مغربی دنیا میں پھیل گیا۔ اِس طرزِ تعلیم کا مقصد انسانوں کی روح کو (Educate) کرنا ہوتا ہے۔

حضرت علیؑ کے مطابق ذہنی ارتقا کے تین مراحل ہوتے ہیں۔

1. پیدائش سے سات سال تک: (Prelogical Stage)

سائنسی لحاظ سے بچوں کو جلدی اسکول داخل کرنے کے اور بھی کئی نقصانات ہیں۔ جدید نیورولاجیکل (Neurological) ریسرچ کے مطابق پہلے سات سالوں

Marfat.com

تک بچہ (Prelogical) سٹیج میں ہوتا ہے۔عمر کے اس حصے میں بچے مسلسل حرکت میں رہتے ہیں اور اپنے اردگرد کے ماحول سے حرکت کرنا سیکھتے ہیں۔اسی لیے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ پہلے سات سال بچے کے ساتھ کھیلو۔ مزید برآں لڑکوں کے ہاتھوں کی انگلیوں کی (Nerves) سات سال کی عمر تک مکمل طور پر نہیں بنی ہوتیں اور امریکی ماہر تعلیم مسز سیکسٹن (Mrs. Saxton) کے مطابق سات سال سے قبل بچے کو پنسل پکڑنے پر مجبور کرنے کے نتیجے میں لڑکوں کو بقیہ عمر میں علم پکڑنے سے ہی نفرت ہو جاتی ہے۔

## 2. سات سال سے 14 سال کی عمر تک:

بچے کی عمر کا یہ مرحلہ (Operational Logical Stage) کہلاتا ہے۔ بچے کے دودھ کے دانت گرنے کے بعد تقریباً سات سال کی عمر میں بچے اِس سٹیج میں داخل ہوتے ہیں۔

عمر کے اِس مرحلے میں بچے میں وقت کا اندازہ لگانے کی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے۔ اِسی لیے حدیث میں بچوں کو 7 سال کی عمر میں نماز پڑھنے کی ترغیب دینے کا حکم ہے کیونکہ پانچ نمازوں کے اوقات پورے دن پر پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور مختلف موسموں میں بدلتے رہتے ہیں۔ 7 سال کی عمر سے پہلے بچے کے لیے اوقات کا اندازہ کرنا ممکن نہیں ہوتا۔اب اندازہ لگالیں کہ چار سال کے بچے کے لیے کلاس میں وقت گزارنا کتنا مشکل ہوتا ہے۔ اِسی طرح سات سال کی عمر کے بعد بچوں میں ذہنی تصورات (Concepts) کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے۔اُس لیے اس عمر میں اُن کو مختلف علوم سکھانے چاہئیں۔

## 3. پندرہ سال سے اکیس سال کی عمر تک:

بچے کی عمر کا یہ حصہ (Post-Logical Stage) کہلاتا ہے بلوغت کے ساتھ ہی بچے اِس مرحلے میں داخل ہوجاتے ہیں۔ اِس عمر میں ذہنی سوچ کے نئے گوشے کھلتے ہیں چونکہ بلوغت کے دور میں جسم میں کیمیاوی مادوں (Hormones)

Marfat.com

کے اخراج کی وجہ سے نوجوان شدید جذباتی ہیجان کا شکار ہوتے ہیں اس لیے بالخصوص اِس عمر میں انہیں مخلوط تعلیم (Co-education) سے کوسوں دور رکھنا چاہیے۔ چونکہ 15 سال سے 21 سال کی عمر میں بچوں کی مزید ذہنی نشوونما کے نتیجے میں اُن میں شناخت کی تلاش (Search for Identity) اور اپنے آپ کو کسی گروپ کے ساتھ منسلک کرنے کی خواہش بڑھ جاتی ہے اس لیے اُن کو بُری صحبت سے بچانا اس مرحلے پر سب سے اہم ہوتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ اپنے بچوں کو زندگی کے اس مرحلے پر اُن سے اپنا تعلق مضبوط رکھیں۔ اسی لیے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ اِن سات سالوں میں بچوں کو اپنا دوست بناؤ تا کہ بچے اپنے ماں باپ ہی کو اپنا دوست اور ہمراز سمجھیں۔

اس کے علاوہ عمر کے اس مرحلے میں بچوں کو مختلف علوم حاصل کرنے چاہئیں (دینی اور دنیاوی) کیونکہ اسی طریقے سے وہ اپنی ذہنی صلاحیتوں کو صحیح سمت میں لگا سکتے ہیں۔

## دماغ کے دائیں اور بائیں حصوں کا ارتقاء:

اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو جوڑا جوڑا پیدا فرمایا ہے۔

سورۃ یٰسین میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

سُبۡحَانَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ.

(سورۃ یٰس: 36)

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے جملہ اقسام کے جوڑے پیدا کیے خواہ وہ زمین کی نباتات میں سے ہوں یا خود ان کی اپنی جنس (یعنی نوعِ انسان) میں سے یا اُن اشیاء میں سے جن کو یہ جانتے تک نہیں ہیں۔

یعنی دایاں اور بایاں دماغ (Left Hemisphere) اور Right Hemisphere) دایاں دماغ تقریباً چار سال کی عمر میں پرورش پانا شروع ہوتا

Marfat.com

ہے۔ اس کا تعلق تخلیقی صلاحیت (Creativity) اور قوتِ تخیل (Imagination) سے ہوتا ہے۔ اس لیے اس دور میں بچوں کو ڈرائنگ کرنے کا یا کھلونوں سے خیالی کھیل کھیلنے کا شوق ہوتا ہے اور انہیں ایسا کرنے سے منع نہیں کرنا چاہیے وگرنہ دماغ کے دائیں حصے کی نشوونما میں خلل واقع ہوتا ہے۔ دوسری طرف دماغ کے بائیں حصے (Left Hemisphere) کی نشوونما 7 سال کی عمر میں شروع ہوتی ہے اور دماغ کے اس حصے کا تعلق منطقی سوچ (Logic) سے ہوتا ہے۔ اس عمر سے پہلے بچے میں حسابی علوم یا سائنس کے تصورات سمجھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔

اللہ کی ذات کا ادراک دائیں دماغ (Right Hemisphere) سے کیا جاتا ہے کیونکہ خدا کا تصور سب سے زیادہ مشکل اور قیاسی (Abstract) تصور ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دماغ کا یہی حصہ سب سے پہلے نشوونما پانا شروع ہوتا ہے۔ بائیں دماغ سے خدا کی ذات کا تصور اس لیے نہیں کیا جاسکتا کیونکہ منطق سے خدا کو ثابت نہیں کیا جاسکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن کے مطابق: لیس کمثلہ شیء (اللہ کی مثل کوئی چیز نہیں)

حضور نے ہمیں یہ تلقین بھی فرمائی ہے کہ سب سے پہلے بچے کو جو لفظ سکھایا جائے وہ ''اللہ'' ہونا چاہیے۔

## بچپن میں رٹا لگانے کی اہمیت:

جدید مغربی نظام تعلیم جو کہ بڑی تیزی سے مسلمان ملکوں میں سرایت کر رہا ہے۔ اس میں ایک چیز جو انتہائی مکاری کے ساتھ غائب کر دی گئی ہے وہ بچپن میں رٹا لگانے کا طریقہ (Rote Memorization) ہے۔ اس لیے مغربی ممالک کے نظام تعلیم کا معیار دن بدن گرتا جا رہا ہے اور وہاں کے ماہرین تعلیم اس بارے میں فکرمند ہیں۔

جدید علم الاعصاب (Neuroscience) کی تحقیقات کے مطابق جب بھی کوئی چیز بچپن میں رٹا لگا کر یاد کی جاتی ہے تو نتیجتاً دماغ میں نئے رابطے

Marfat.com

(Neuronal Connection) بنتے ہیں جس سے حافظہ مزید تیز ہوتا ہے۔
انسانی دماغ کا یادداشت کا سنٹر سیریبیلم (Cerebellum) گیارہ سال کی عمر تک نشو ونما پاتا رہتا ہے اور اس سارے دور میں رٹا لگانے کی صلاحیت اپنے عروج پر ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اسلامی نظامِ تعلیم میں بچوں کو سب سے پہلے قرآن حفظ کروایا جاتا تھا۔ پھر دوسرے اسلامی علوم کے چیدہ چیدہ متون (Paragraphs) زبانی یاد کروائے جاتے تھے اور پھر دنیاوی علوم سکھائے جاتے تھے۔ مولونا ابوالکلام آزادؒ نے اپنی کتاب ''غبارِ خاطر'' میں اپنے والد کا طریقِ تعلیم بھی یہی بتایا ہے:

> ''والد مرحوم کا طریق تعلیم یہ تھا کہ ہر علم میں سے پہلے کوئی ایک مختصر متن حفظ کر لینا ضروری سمجھتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ شاہ ولی اللہ (رحمتہ اللہ علیہ) کے خاندان کا طریق تعلیم ایسا ہی تھا......
> اس طریقہ کے فائدہ میں کلام نہیں۔ آج تک اُن متون کا ایک ایک لفظ حافظہ میں محفوظ ہے۔''

(غبارِ خاطر۔ مطبوعہ لاہور)

آج بھی وہ بچے جو حفظِ قرآن کرتے ہیں' اگر انہیں دنیاوی علوم حاصل کرنے کا موقع ملے تو پڑھائی اُن کے لیے انتہائی آسان ہو جاتی ہے۔ میڈیکل کالج کی ضخیم کتابیں بھی یاد کرنا اُن کے لیے مسئلہ نہیں رہتا کیونکہ انہوں نے بچپن میں سب سے عظیم کتاب حفظ کر لی ہوتی ہے اور اس کے نتیجے میں اُن کے دماغ کے لا انتہاء نئے خلیے (Neutrons) متحرک ہو چکے ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں امام غزالیؒ کے بچپن کا واقعہ دلچسپی سے سے خالی نہ ہوگا۔ جب امام غزالیؒ اپنے بچپن میں کسی جگہ سے علم حاصل کر کے واپس آ رہے تھے تو اُن کے تمام احادیث اور فقہ کے کلاس کے نوٹس موجود تھے۔ ڈاکوؤں نے قافلے پر ڈاکہ ڈال کر امام غزالی سے اُن کے نوٹس بھی کوئی قیمتی چیز سمجھ کر چھین لیے۔ اِس پر امام غزالیؒ پکارے:

Marfat.com

لَا تَسْرِقُوْا عِلْمِیْ

ترجمہ: تم لوگ میرا علم مت چوری کرو۔

یہ سن کر ڈاکوؤں کا سردار ہنسا اور اُس نے امام غزالی کو کہا:

اَیُّ عِلْمٍ هٰذَا اِذَا مِثْلِیْ یَسْرِقُهٗ

ترجمہ: یہ کیسا علم ہے کہ جسے مجھ جیسا شخص تم سے چوری کر سکتا ہے۔

امام غزالیؒ نے جب یہ بات سنی تو دل میں کہا کہ یہ بات ڈاکوؤں کے سردار کے منہ سے اللہ نے نکلوائی ہے۔ اس واقعہ کے بعد امام غزالی گھر پہنچ کر اُس وقت تک گھر سے باہر نہ نکلے جب تک انہوں نے تمام حدیث اور فقہ کے نوٹس زبانی یاد نہ کر لیے۔

## بچوں کو جلد جوان کرنے میں ٹی وی اور کمپیوٹر کا کردار:

آج دجالی نظام میں بچوں کے جنسی جذبات کو اجاگر کر کے جلدی جوان کر دیا جاتا ہے اور اس سلسلے میں دجال کے ایجنٹ یعنی ٹی وی، کیبل، ڈش، کمپیوٹر سب سے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سکولوں میں کم عمر بچوں کے لیے جنسی تعلیم (Sex Education) کا پروگرام اس پر مستزاد ہے امریکہ کے یہودی مفکر نیل پوسٹ مین نے اپنی کتاب The Disappearance of Childhood میں بتایا ہے کہ ٹی وی اور کمپیوٹر کے دور سے پہلے بچوں اور بڑوں کے علم حاصل کرنے کے ذرائع میں فرق تھا۔ بچوں کے لیے اُن کی عمر کے مطابق کتابیں ہوا کرتی تھیں اور بڑوں کے لیے اُن کی ذہنی پختگی کے مطابق لیکن ٹی وی اور کمپیوٹر جس قسم کی انفارمیشن (بالخصوص جنسی علم) دیتے ہیں وہ تحریری نہیں بلکہ تصویری ہوتا ہے۔ اس لیے وہ بچے اور بڑے میں کوئی تمیز نہیں کرتا کیونکہ دونوں اُسے آسانی سے حاصل کر سکتے ہیں۔

اس کے نتیجے میں مغربی سوسائٹی میں بچپن ختم ہوتا جا رہا ہے۔ علاوہ بریں ڈاکٹر سٹائنر (Dr. Rudolf Steiner) کے قائم کیے گئے والڈارف (Woldorf) طریق تعلیم میں بھی بچوں کو ٹی وی اور کمپیوٹر سے دور رکھا جاتا ہے

Marfat.com

کیونکہ اُن کے مطابق ٹی وی اور کمپیوٹر بچوں کو جسمانی لحاظ سے سست بناتے ہیں' ان کی قوتِ تخیل کو کمزور کرتے ہیں اور استاد شاگرد کے براہ راست (Direct) تعلق میں ایسی چیزیں خلل پیدا کرتی ہیں۔ ان تمام باتوں کی روشنی میں میری ذاتی رائے یہ ہے کہ بچوں کو 5 سال کی عمر سے پہلے اسکول داخل کرنا سراسر زیادتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں بچوں کی تربیت کے معاملے میں جلد بازی سے بچائے۔ (آمین)

خدایا! آرزو میری یہی ہے
میرا ذوقِ بصیرت عام کر دے

(اقبال)

# ماں کے دودھ سے محرومی

## بے اولاد دجال کا انسانیت کے لیے مکروہ تحفہ:

موجودہ زمانے میں مسلمان ممالک پر مادیت پرستی اور جدیدیت کا سیلاب اِس زور وشور سے آیا ہے کہ اُس کے سامنے سونامی کا طوفان بھی ہیچ ہے۔ دجال کے آلہ کار UNO نے اپنے سوشل انجینئرنگ پروگرام کے ذریعے مغربی اقدار کو مسلمانوں پر اِس خوبصورتی سے نافذ کیا ہے کہ اکثر اوقات مسلمانوں نے انہیں اپنا محسن ہی سمجھا ہے۔ کسی بھی صحت مند معاشرے کی بنیاد اس کا مضبوط خاندانی نظام ہوتا ہے۔ اِس خاندانی نظام کو ماں اور اُس کی محبت نے سنبھالا دیا ہوتا ہے۔ دجال کے ایجنٹ اس بات سے اچھی طرح واقف ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دجال کا آخری وار عورتوں پر ہوگا۔ (مسند احمد)

آج دجال کے ایجنٹوں نے مسلمانوں کی غفلت سے فائدہ اٹھا کر ان کے گھروں میں ٹی وی' کیبل' انٹرنیٹ' ویڈیو گیمز' ڈِش وغیرہ کی صورت میں گھس کر مسلمان خواتین کی برین واشنگ (Brain Washing) کی اور انہیں مغربی تہذیب کا دلدادہ بنایا۔

Marfat.com

برین واشنگ کا علم ایک بہت بڑا فن ہے۔ برطانوی ماہر نفسیات اور صحافی خاتون ڈینیس وِن (Denise Winn) نے اپنی کتاب (The Manipulated Mind) میں بتایا ہے کہ ایک کامیاب برین واشنگ پروگرام میں تین چیزیں درکار ہوتی ہیں:

1. بندے کا ذہنی اور جسمانی لحاظ سے تھکا ہونا۔
2. پیغام کو مسلسل پیش کرنا (Repitition)
3. پیغام کو مختصر الفاظ یا نعرے کی صورت میں یا شعر کی صورت میں پیش کرنا (جیسا کہ آج کل ٹی وی کے اشتہارات میں کیا جاتا ہے)

آج مسلمان مائیں کام کاج سے تھک ہار کر جب بیٹھتی ہیں تو ٹی وی، کمپیوٹر، بے دین ڈائجسٹ یا میگزین وغیرہ کی صورت میں اُن کی برین واشنگ ہوتی ہے کیونکہ اوپر بیان کیے گئے تینوں عوامل وہاں موجود ہوتے ہیں۔

آج کے مضمون اِسی حوالے سے ماں کے دودھ کی اہمیت واضح کرنی ہے کیونکہ دجالی تہذیب میں پہلا وار اسی پر کیا جاتا ہے کیونکہ جب بچے کی شخصیت کی تعمیر کی پہلی اینٹ ہی غلط رکھ دی تو عمارت میں پائیداری کہاں سے آئے گی؟

## قرآن میں ماں کے دودھ پلانے کا ذکر:

سورہ لقمان میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: ''اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے معاملے میں ہدایت کی۔ اس کی ماں نے تکلیف پر تکلیف جھیل کر اس کو اپنے اندر رکھا اور دو سال میں اس کا دودھ چھڑانا ہوا۔ کہ میرے شکر گزار رہو اور اپنے والدین کے بھی۔''

(سورہ لقمان: 14)

اسی طرح کا حکم سورہ الاحقاف میں بھی ہے۔ اِسی طرح احادیث میں بھی ماں کے دودھ پلانے کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔

Marfat.com

## حضورؐ پر اپنی رضاعی ماں حلیمہ سعدیہؓ کی ذہانت کا اثر:

حضورؐ کو جن خاتون نے دودھ پلایا وہ حلیمہ سعدیہ تھیں۔ اُن کا تعلق قبیلہ بنو سعد سے تھا جو کہ عربوں میں نہایت فصیح قبیلہ سمجھا جاتا تھا۔ گویا حضورؐ نے ایک انتہائی فصیح قبیلے کی خاتون کا دودھ پیا تھا۔ اسی لیے حضورؐ نے فرمایا تھا:

اُوْتِیْتُ جَوَامِعُ الْکَلِمْ (حدیث)

ترجمہ: مجھے انتہائی فصاحت عطا کی گئی ہے۔

اسی طرح ایک دوسری حدیث میں حضورؐ نے فرمایا:

اِیَّاکُمُ الْمُرْضِعَةُ الْحَمْقَاءِ فَاِنَّهَا تُغَذِّیْ. (الحدیث)

ترجمہ: احمق دودھ پلانے والی سے بچو کیونکہ وہ بچے کو بہت کچھ منتقل کرتی ہے۔

## ماں کے دودھ کا بچے کی شخصیت بنانے میں دخل:

ماہرین نفسیات کے مطابق بچے کی 75% شخصیت پہلے 3 سالوں میں بنتی ہے۔ کیمبرج یونیورسٹی کے سائنسدان ایلن لوکاس (Alen Lucas) نے ایک ریسرچ میں بتایا کہ وہ بچے جنھوں نے بچپن میں ماں کا دودھ پیا ہوتا ہے ذہانت میں اُن بچوں سے کہیں زیادہ ذہین ہوتے ہیں جنھوں نے ڈبے کا دودھ (فارمولا دودھ) پیا ہوتا ہے۔ IQ ٹیسٹ میں ماں کا دودھ پینے والے بچوں کا سکور 8 سے 10 پوائنٹ زیادہ ہوتا ہے۔ اس کی ایک وجہ ماں کے دودھ میں (DHA) کی موجودگی ہو سکتی ہے جو کہ دماغ کے ٹشو بناتا ہے اور آنکھوں کے نظام کو تیز کرتا ہے۔ یتز یک کوچ (Yitzhak Koch) جو کہ ایک اسرائیلی سائنسدان ہے نے کہا تھا: ”ماں کا دودھ بچے کو صرف غذائیت ہی نہیں دیتا۔ دراصل اِس ذریعے سے ماں علم کو بچے تک منتقل کرتی ہے۔“ آج اسرائیل میں یہودی مائیں غالب اکثریت میں اپنے بچوں کو Breast Feeding کرتی ہیں اور اس طرح اپنی مذہبی اقدار اپنے بچوں کو منتقل کرتی ہیں۔

Marfat.com

## ماں کے دودھ کے دیگر سائنسی فوائد:

تحقیقات نے ثابت کیا ہے کہ ماں کے دودھ کے بے شمار فوائد ہیں مثلاً:

1. ڈبے کا دودھ پینے والے بچوں میں دست کی بیماری ماں کا دودھ پینے والے بچوں کے مقابلے میں دو سے چار گنا زیادہ ہوتی ہے۔
2. بوتل کا دودھ پینے والے بچوں میں گردن توڑ بخار کے امکانات چار گنا زیادہ ہوتے ہیں۔
3. بوتل کا دودھ پینے والے بچوں کو جلدی امراض (Skin Allergies) ماں کا دودھ پینے والے بچوں کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہیں۔
4. ماں کے دودھ میں جسم کی دفاعی افواج (Antibodies) ہوتی ہیں جنہیں خود سے بنانے کی نومولود میں پہلے ایک سال تک صلاحیت نہیں ہوتی۔
5. ماں کے دودھ کے ایک قطرے میں دس لاکھ سفید خلیات ہوتے ہیں جو کہ بچے کے جسم میں بیکٹیریا اور وائرس کا مقابلہ کرتے ہیں۔
6. Breast Milk میں کولیسٹرول بہت مقدار میں ہوتا ہے جبکہ پوڈر کے دودھ میں یہ بالکل نہیں ہوتا۔ یہ بچے کے ذہن اور ہارمونز کی نشوونما میں مددگار ہوتا ہے۔
7. بوتل کا دودھ پینے والے بچے (Breast Fed) بچوں کے مقابلے میں اسپتال میں چودہ گنا زیادہ داخل ہوتے ہیں۔
8. Breast Fed بچوں کے مسوڑھے اور دانت زیادہ متناسب اور مضبوط ہوتے ہیں کیونکہ ماں کا دودھ پینے میں نومولود کو اپنے جبڑوں اور مسوڑھوں کو زیادہ کام میں لانا پڑتا ہے بہ نسبت بوتل کا دودھ پینے سے جو کہ بہت آسان ہوتا ہے مگر دوررس نقصانات کا حامل ہوتا ہے۔

## ماؤں کے لیے فوائد:

Breast Feeding کے ماؤں کے لیے بھی بے شمار فوائد ہوتے ہیں مثلاً:

Marfat.com

1. بچے کے دودھ پینے کے دوران ماں کے جسم میں (Oxytocin) نامی ہارمون نکلتا ہے جو انہیں مستقبل میں رحم کی بیماریوں سے بچاتا ہے۔
2. ایسی ماؤں کو عموماً اپنا وزن کم کرنے کی فکر نہیں رہتی۔
3. ماؤں کا وقت بچتا ہے۔ انہیں کچن میں بوتلیں اور نپل دھونے یا دودھ تیار کرنے میں وقت نہیں ضائع کرنا پڑتا اور نہ ہی آدھی رات کو اٹھ کر بچے کے لیے دودھ تیار کرنا پڑتا ہے۔
4. American Cancer Society اور امریکہ کے نیشنل کینسر انسٹیٹیوٹ کی رپورٹ کے مطابق Breast Cancer اُن خواتین کو زیادہ ہوتا ہے جو بچوں کو دودھ نہیں پلاتیں۔ سائنسی ریسرچ سے یہ بھی پتہ چلا ہے کہ جو مائیں لمبے عرصہ تک (مثلاً دو سال تک) بچوں کو دودھ پلاتی ہیں انہیں کینسر ہونے کا امکان انتہائی کم ہوتا ہے۔
5. پیسے کی بچت ہوتی ہے۔ نہ صرف فارمولا دودھ مہنگا ہوتا ہے بلکہ وہ پی کر جب بچے بیمار ہوتے ہیں تو ڈاکٹروں کے کلینک کے چکروں میں بھی کافی پیسہ برباد ہوتا ہے۔
6. امریکن محقق جوزف پیئرس کی تحقیق کے مطابق Breast Feeding سے نہ صرف بچے کی ذہانت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ ماں کی ذہانت اور پختگی میں بھی اضافہ ہوتا ہے (بحوالہ کتاب The Evolution's End)

زود پشیماں انسانیت:

قرآن نے 1400 سال پہلے بچے کو "دو سال تک" ماں کا دودھ پلانے کا حکم دیا۔ آج انسانیت عرصے تک ٹھوکریں کھا کر اس نتیجہ پر پہنچی ہے۔ امریکن ڈاکٹر جیک نیومین (ایم ڈی) نے Scientific American کے دسمبر 1995ء کے شمارے میں لکھا ہے:

Marfat.com

"گو کہ صنعتی معاشروں میں بچوں کو پاؤڈر کا دودھ پلایا جاتا ہے لیکن UNICEF اور ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن دونوں یہ نصیحت کرتی ہیں کہ بچے کو "دو سال یا اس سے زیادہ مدت تک" اپنی ماں کا دودھ پلایا جائے۔ بے شک بچے کے جسم کا دفاعی نظام 5 سال کی عمر پر مضبوط نہیں ہوتا۔"

اسی طرح (American Academy of Pediatrics) سب لوگوں کو یہ تلقین کرتی ہے کہ بچے کو ایک سال تک (Breast Feeding) کی جائے اور اگر اس سے بھی زیادہ مدت تک ہو تو بہتر ہے۔

پاؤڈر کے دودھ کی محتاجی:

نیسلے (Nestle) کمپنی کے نام سے کون واقف نہیں۔ دیگر مصنوعات مثلاً چاکلیٹ وغیرہ کے علاوہ اُن کی ایک بڑی پراڈکٹ بچوں کے لیے پاؤڈر کا دودھ بھی ہے۔ یہ لوگ افریقہ کے غریب ممالک میں دودھ پلانے والی عورتوں کو پہلے مفت ڈبے کا دودھ تقسیم کرتے ہیں تا کہ وہ اپنے بچوں کو پلائیں۔ جب دو تین ہفتوں تک سادہ لوح مائیں اپنے بچوں کو ڈبے کا دودھ پلاتی رہتی ہیں تو اتنے عرصے میں ان کا اپنا دودھ خشک ہو چکا ہوتا ہے۔ پھر جب یہ مائیں (Nestle) والوں سے مزید مفت دودھ کے ڈبوں کا مطالبہ کرتی ہیں تو نیسلے والے ان کو مفت دودھ دینے سے انکار کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ انہیں اب یہ ڈبے خریدنے پڑیں گے۔ اُن عورتوں کے اندر نہ اپنا دودھ رہا ہوتا ہے کہ اپنے بچوں کو پلائیں اور نہ ہی مزید ڈبے کا دودھ خریدنے کی سکت باقی رہتی ہے۔

اسی طرح مسلمان ممالک میں کچھ ڈاکٹروں کو خشک دودھ کی کمپنیاں کمیشن دیتی ہیں اور بچے کی پیدائش پر یہ ڈاکٹر ماؤں کو دودھ کے کچھ پیک مفت دیتے ہیں اور تلقین کرتے ہیں کہ فارمولا دودھ میں غذائیت زیادہ ہوتی ہے۔ جب کچھ دن بچے کو

Marfat.com

بوتل سے دودھ دیا جائے تو چونکہ بوتل سے دودھ پینا آسان ہوتا ہے اس لیے بچے کو اس کی چاٹ لگ جاتی ہے اور وہ پھر ماں کا دودھ پینے پر راضی نہیں ہوتا۔

## بے اولاد دجال...... ماں کی محبت کا دشمن:

حضورؐ نے صحیح مسلم کی ایک حدیث میں فرمایا کہ دجال بے اولاد ہوگا۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ ماں کی محبت کا سخت دشمن ہوگا۔ دجالی تہذیب میں ماں کی اپنے بچے کے لیے محبت کی کوئی جگہ نہیں کیونکہ ماں کی صحیح تربیت سے انسان میں انسانیت آتی ہے۔ امریکہ کے انسٹیٹیوٹ آف ہیومنسٹک سائنس کے سائنسدان جیمس پریسکاٹ (James W. Prescott, PHD) نے عرصے کی سائنسی تحقیق سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ جن لوگوں نے دو سال سے یا اس سے زیادہ ماں کا دودھ نہیں پیا ہوتا اُن کی شخصیت میں ایسی کمی رہ جاتی ہے کہ وہ سوسائٹی مین مختلف جرائم کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ ڈاکٹر پریسکاٹ نے تو امریکہ کی جیل کے نظام والوں کو چیلنج کیا ہے کہ وہ کوئی ایک بھی مجرم (قاتل، نشہ کرنے والا، چور وغیرہ) اپنی جیلوں میں ایسا ڈھونڈ کر دکھا دیں جس کو اس کی ماں نے دو سال یا اس سے کم اپنا دودھ پلایا ہو مگر وہ ایسی مثال پیش نہیں کر سکیں گے۔

(بحوالہ Touch the Future Newsletter، 1997)

ماضی قریب میں دوسری وباؤں کی طرح یہ وبا بھی مسلمانوں میں بہت تیزی سے پھیلی اور ماڈرن ازم کے سیلاب کے زیر اثر (Breast Feeding) کو دقیانوسیت (Backwardness) اور اَن پڑھ ہونے کی نشانی سمجھا جانے لگا جبکہ (Bottle Feeding) کو اونچی سوسائٹی کی علامت۔ حالانکہ جدید سائنسی تحقیق اور مغربی سوسائٹی کے دانشوروں کے مطابق حقیقت وہی ہے جو قرآن نے 1400 سال پہلے بیان کر دی تھی۔ اب مغرب ہی کی تقلید میں ہمارا جدید طبقہ آہستہ آہستہ ماں کے دودھ کی اہمیت کو سمجھ کر واپس آ رہا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ ہم خدا کی دی ہوئی ہدایت کا

Marfat.com

براہِ راست فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟ مغرب اپنی تحقیق کے ذریعے بعینہٖ ان اصولوں کو اپنا رہا ہے جو اسلام کے دیئے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں باتوں کی گہرائی تک پہنچنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اقبال نے کیا خوب کہا ہے:

نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیب حاضر کی
یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

## مخلوط تعلیم کا زہر

جب مسلمانوں کا دورِ عروج تھا تو غیر مسلم طلباء ترکی، ہسپانیہ اور مصر کی اسلامی یونیورسٹیوں میں علم حاصل کرنے آتے تھے اور مسلمان تہذیب کی ہر چیز کی نقالی کرتے تھے۔ راجر بیکن (آکسفورڈ یونیورسٹی کا بانی) مسلم یونیورسٹیوں سے پڑھ کر جب برطانیہ واپس گیا تو مسلمانوں کی طرح کے گاؤن میں ملبوس رہتا تھا اور عربی کتابیں پڑھتا تھا حتیٰ کہ کئی عیسائی اُسے نفرت سے محمد بیکن کہنے لگ گئے۔ پھر مسلمانوں کا دورِ زوال شروع ہوا۔ امریکہ کے یہودی مفکر اور پروفیسر نیل پوسٹ مین کے بقول برطانیہ کا طریقِ حکومت یہ تھا کہ پہلے وہ کسی ملک میں اپنی بحری فوج بھیجتے تھے، پھر برّی فوج، پھر انتظامیہ پھر اُس ملک میں اپنا تعلیمی نظام نافذ کر کے اُس ملک کو سیاسی آزادی (لیکن ذہنی غلامی) عطا کر دیتے تھے۔ اس طریقے سے برطانیہ نے مسلمان ممالک پر قبضہ کرنے کے بعد وہاں کی یونیورسٹیوں اور اسلامی سکولوں کو ناقابلِ عمل بنایا۔ اس کے بعد سے مسلمان ممالک میں اسکولوں اور کالجوں کا ایسا جال پھیل گیا جن کی بنیاد برطانوی نظامِ تعلیم تھی۔ اِن اسکولوں اور کالجوں میں وہ تمام بیماریاں جلد یا بدیر پرورش پانے لگیں جو برطانوی اور پھر امریکی اسکولوں میں تھیں۔ انہی بیماریوں میں سے ایک بیماری مخلوط تعلیم (Co-education) کی ہے یعنی لڑکوں اور لڑکیوں کو کلاس میں ساتھ پڑھایا جانا۔ اس مضمون میں مخلوط تعلیم کے زہر آلود اثرات اور غیر مخلوط تعلیم (Single-Sex Education) کے ثمرات پر مذہب اور سائنس کی روشنی میں بحث کی جائے گی۔

Marfat.com

## اسلام مخلوط تعلیم کے خلاف ہے:

اسلام نے مسلمانوں کو ایک اعلیٰ اور جامع نظامِ معاشرت دیا ہے جس میں مخلوط محفلوں کی اجازت نہیں۔ اسلام ایک حقیقت پسند مذہب ہے جو انسانی فطرت کے عین مطابق ہے۔ اسلام یہ جانتا ہے کہ اگر سوسائٹی میں مردوں اور عورتوں کا آزادانہ اختلاط ہوگا تو اُس کے نتیجے میں وہ تمام اخلاقی برائیاں جنم لیتی ہیں جن کا خمیازہ دوسرے مذاہب والے اور مغربی ممالک والے چکھ رہے ہیں۔ سورہ النور میں مسلمان مردوں اور عورتوں کو اللہ نے حکم دیا ہے:

ترجمہ: ''مومنوں کو ہدایت کرو کہ وہ اپنی نگاہوں کو نیچا رکھیں اور اپنی عفت کی حفاظت کریں اور مومنہ عورتوں سے کہو کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی عفت کی حفاظت کریں اور اپنی زینت کی چیزوں کا اظہار نہ کریں۔''

(سورہ النور: آیت 31 ,30)

اس کے بعد سورہ النور میں عورت کے گھر کے اندر کے پردے کی تفصیل بیان ہوئی ہے۔ اِسی طرح سورہ الاحزاب میں خواتین کے باہر کے پردے کے احکامات تفصیل کے ساتھ بیان ہوئے ہیں۔ اسی طرح سورہ الاسراء میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم کر کے کہ:

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّسَآءَ سَبِيْلًا ۝

(آیت: 32)

ترجمہ: ''یعنی زنا (اور اس کے اسباب) کے قریب بھی نہ جاؤ کہ بے شک وہ فحش اور بہت ہی بُرا راستہ ہے)

نفسِ انسانی اور مخلوط محفلوں (Mix Gathering) کے سب چور دروازے بند کر دیے۔

حضرت محمد ﷺ جنہوں نے فرمایا تھا:

Marfat.com

اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا

ترجمہ: مجھے معلوم بنا کر بھیجا گیا ہے۔

وہ بے شک انسانی تاریخ کے سب سے کامیاب ٹیچر اور پروفیسر تھے۔ حضورؐ کا طالب علموں کو پڑھانے کا طریقہ مخلوط تعلیم پر مشتمل نہ تھا۔ حضورؐ نے اصحابِ صفہ (جو مرد طالبعلموں پر مشتمل تھے) کی تعلیم کے لیے علیحدہ دن مقرر کیے ہوئے تھے اور خواتین کی تعلیم کے لیے علیحدہ دن۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ امت کی ماں ہیں اُن کا طریقۂ تعلیم بھی ایسا تھا کہ وہ مردوں کو تعلیم پردے کے پیچھے سے دیتی تھیں۔ اسلام کی پوری تاریخ میں دیکھ لیں اُن کی درسگاہیں لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے علیحدہ ہوا کرتی تھیں اور یونیورسٹی لیول تک علیحدہ ہی ہوتی تھیں۔

مخلوط تعلیم تو دراصل مغربی تعلیمی نظام کا رہینِ منت ہے۔ اس کی ابتداء 1900ء کے اوائل میں ہوئی اور 1950ء کی دہائی میں تحریکِ نسواں کے علمبرداروں (Feminists) نے اس طرزِ تعلیم کو وسیع پیمانے پر عام کرنے کی کوشش کی تاکہ عورتیں نہ صرف باہر مردوں کے شانہ بشانہ ''چل سکیں'' بلکہ اسکولوں اور کالجوں میں بھی مردوں کے شانہ بشانہ ''بیٹھ سکیں'' تحریکِ نسواں کے علمبرداروں کی معنوی اولاد یعنی NGO's نے آج کل اِس بیڑے کو اٹھایا ہوا ہے۔ سمجھ نہیں آتی کہ تحریکِ نسواں میں صرف نام کا ''نسواں'' ہے وگرنہ اُن کا مقصد ہر میدان میں عورت کو بے پردہ کر کے مردوں کے شانہ بشانہ کھڑا کر کے اُس کی نسوانیت کو ختم کرنا ہوتا ہے۔ پچھلے 30 سالوں میں مغرب میں مخلوط تعلیم کی پے در پے ناکامیوں کو دیکھ کر یہاں کے اربابِ فکر ونظر نے اب غیر مخلوط تعلیم (Single-Sex Education) کی صدا بلند کی ہے اور بہت زور سے کی ہے۔

## مخلوط تعلیم کے نفسیاتی نقصانات:

لڑکوں اور لڑکیوں کا ایک کلاس میں جمع ہونا نفسیاتی اور حیاتیاتی (Biological) لحاظ سے تباہ کن ہوتا ہے۔ مشہور محدث اور عالمِ اسلام امام ابنِ حزم

Marfat.com

(متوفی 456ھ) اپنی کتاب طوق الحمامہ میں جو کہ مردوں اور عورتوں کی نفسیات پر لکھی گئی ہے بیان کرتے ہیں: ''میں واشگاف الفاظ میں آپ کو ایک بات بتا دینا چاہتا ہوں کہ اگر مرد یہ محسوس کر لے کہ وہاں پر کوئی نامحرم عورتیں موجود ہیں جو اس کی باتیں سنتی ہیں تو اُس سے غیر معمولی اور خلافِ دستور اقوال وحرکات صادر ہوتی ہیں اور وہ ایسی باتیں کرتا ہے جس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی طرح کی حرکات عورتوں سے نامحرم مردوں کی موجودگی میں صادر ہوتی ہیں۔''

(طوق الحمامہ۔ مطبوعہ مصر)

امریکی مفکر اور سوشل سائنسدان جورج گلڈر جس کی قابلیت کا اندازہ اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ سابق امریکی صدر رونلڈ ریگن کا دستِ راست تھا' اپنی کتاب "Men & Marriage" میں لکھتا ہے کہ مخلوط تعلیم میں لڑکے اور لڑکیاں جلدی بالغ ہوجاتے ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ بلوغت کے وقت لڑکوں کے جسم میں مردانہ ہارمون (Testosterone) عام حالات کے مقابلے میں دس سے بیس گنا زیادہ پیدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ شدید نفسیاتی اور جنسی ہیجان کا شکار ہوتے ہیں۔ لڑکیوں میں زنانہ ہارمونز (Progesterone) اور (Estrogens) کی وجہ سے بلوغت کے دور میں سُستی اور ڈپریشن عام ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں اُن کی اکثریت جنس مخالف کے متعلق ہی سوچتی رہتی ہے۔ پھر جورج گلڈر لکھتا ہے:

"If you do not believe this, you are a dreamer".

ترجمہ: اگر آپ لوگ اِس بات کو نہیں مانتے تو آپ خوابوں کی دنیا میں بس رہے ہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں بھی مردوں عورتوں کے احساسات یہی رہتے ہیں۔ اسکولوں اور کالجوں میں جہاں مخلوط تعلیم ہے وہاں معاشقے' پسند کی شادیاں (Love Marriages) اور گھر سے بھاگنے کے واقعات اِسی ماحول کا نتیجہ ہوتے ہیں۔

Marfat.com

## لڑکوں اورلڑکیوں کے دماغ کی ساخت میں فرق:

بچے کی پیدائش سے بھی پہلے حمل کے دوران ہارمونز (ماں کے جسم کے کیمیائی مادوں) کے اثرات کے نتیجے میں لڑکے اورلڑکی کے دماغ بالکل مختلف انداز سے بنتے ہیں اور یہ تبدیلی مستقل ہوتی ہے۔

(بحوالہ رسالہ Prenatal Diagnosis vol 21, 2001)

سائنسدانوں کے ایک گروپ نے چھوٹے بچوں کے دماغوں کے ٹشوز کا تقابل کیا تو انہوں نے لڑکوں اورلڑکیوں کے دماغوں میں واضح فرق پایا

(بحوالہ Developmental Brain Research, 2000)

اس تحقیق کی سربراہ ایک خاتون سائنسدان ڈاکٹر ماریا کورڈیرو ہے۔

اِسی طرح رٹگرز یونیورسٹی کی خاتون سائنسدان ڈاکٹر ٹریسی شورز (Dr. Tracey Shors) اور معاون سائنسدانوں نے مردانہ اور زنانہ ذہنوں پر ایک ریسرچ کی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مردانہ دماغ کی ساخت کچھ ایسی واقع ہوئی ہے کہ جب اُس پر کسی قسم کا دباؤ (Stress) ہو تو اُس کے سیکھنے کی صلاحیت بڑھتی ہے جبکہ زنانہ دماغ اِس کے بالکل الٹ واقع ہوا ہے۔ اِس سے پتہ چلتا ہے کہ لڑکوں کو پڑھائی میں غیر مخلوط اور ڈسپلن والا ماحول درکار ہوتا ہے تاکہ اُن کی صلاحیتیں نکھر سکیں جبکہ لڑکیوں کو پڑھائی کے لیے نرم ماحول کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ اس لیے بھی اہم ہے کہ لڑکیاں چاہے چھوٹی ہوں یا بڑی' اپنی استاد کے چہرے کے تاثرات اور خفگی کے آثار کو بہت آسانی کے ساتھ پڑھ لیتی یعنی (Face Reading) کر لیتی ہیں جبکہ جدید سائنسی تحقیق کے مطابق لڑکے اس صلاحیت سے اکثر عاری ہوتے ہیں اس لیے انہیں ڈانٹنا پڑتا ہے۔

## لڑکوں اورلڑکیوں کے علم سیکھنے کے انداز میں فرق:

امریکہ کی مشہور جامعہ ورجینیا ٹیک یونیورسٹی (Virginia Tech) کی

Marfat.com

خاتون سائنسدان ڈاکٹر ہیریت (Dr. Harriot Hanlon) نے ایک تحقیق میں دو ماہ سے 16 برس کی عمر کے 284 لڑکوں اور 224 لڑکیوں کے دماغوں کی کارکردگی (Brain Activity) کا مشاہدہ کیا اور اس نتیجے پر پہنچی کہ لڑکوں کے دماغ کے وہ حصے جن کا تعلق زبان دانی (Language) سے ہوتا ہے وہ لڑکوں سے 6 برس زیادہ ترقی یافتہ ہوتے ہیں اور لڑکوں کی جہتی یاداشت (Spatial Memory) لڑکیوں سے چار برس زیادہ (Advance) ہوتی ہے۔ اسی لیے لڑکے اور لڑکیاں (Language)' حساب اور جغرافیہ بالکل مختلف انداز میں سمجھتے ہیں۔ اسی طرح ہاتھوں کی باریک حرکت (Digital Coordination) یعنی پنسل پکڑنے اور اچھی لکھائی میں لڑکے لڑکیوں سے نو ماہ دیر سے مہارت حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ لڑکوں کی انگلیوں میں (Nerves) لڑکیوں کے مقابلے میں دیر سے نشوونما پاتی ہیں۔ لڑکوں اور لڑکیوں میں یہ فرق وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتے ہیں بالخصوص مخلوط تعلیم میں۔ ایسے حالات میں دونوں جنسوں کو کیسے ایک کلاس میں ساتھ بٹھا کر پڑھایا جاسکتا ہے۔

## لڑکوں اورلڑکیوں کی قوتِ سماعت میں فرق:

پچھلے 40 سالوں کی سائنسی تحقیق کے مطابق لڑکیوں کی قوتِ سماعت لڑکوں کے مقابلے میں بچپن ہی سے تقریباً چار گنا بہتر ہوتی ہے۔ (مثلاً خاتون سائنسدان جین کیسڈی اور کیرن ڈِٹی (پی ایچ ڈی) کی تحقیق جو (Journal of Music Therapy' 2001ء میں چھپی) قوتِ سماعت کا یہ فرق لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم میں دوررس اثرات کا حامل ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک مخلوط کلاس جس میں لڑکیاں آگے بیٹھی ہوئی ہوتی ہیں اور لڑکے پیچھے' اگر ٹیچر آہستہ آواز میں لیکچر دے تو آخری صفوں میں بیٹھے لڑکے اپنی شرارتوں میں مشغول ہوں گے کیونکہ انہیں ٹیچر کی آواز ہی نہیں آرہی ہوگی۔ اس کے برعکس اگر ٹیچر زوردار آواز میں لیکچر دے تاکہ سب لڑکوں تک آواز پہنچے تو آگے بیٹھی ہوئی لڑکیاں جن کی قوتِ سماعت پہلے ہی لڑکوں سے چار

Marfat.com

گناہ زیادہ ہوتی ہے انہیں ایسا محسوس ہوگا کہ ٹیچر کی آواز اُن کے کان پھاڑ رہی ہے۔ لڑکوں اور لڑکیوں کی قوتِ سماعت کے اس پیدائشی فرق کی وجہ سے دونوں کی تعلیم کا واحد حل دونوں جنسوں کی علیحدہ علیحدہ کلاسیں ہیں۔

## مخلوط تعلیم کے دور رس زہریلے نتائج:

کوایجوکیشن کے مسئلے پر امریکہ کے نہایت مؤقر جریدے (Business Week) کے 26 مئی 2003ء کے شمارے میں ایک مضمون چھپا تھا جس کا عنوان تھا: (The New Gender Gap) اس مضمون کی مصنفہ بھی ایک خاتون صحافی ہیں جن کا نام ہے مشال کونلن۔ مشال نے بتایا ہے کہ مخلوط تعلیم کی وجہ سے پچھلے 20 سالوں کے مقابلے میں تعلیم کے میدان میں مردوں کو تعلیم اور قابلیت میں دن بدن کمی واقع ہوتی جارہی ہے۔ مغربی ممالک میں لڑکوں کی بڑی تعداد سکولوں کے بعد کالجوں تک نہیں پہنچ سکتی۔ مخلوط تعلیم میں لڑکوں کو غیر فطری اور اکثر اوقات زنانہ ماحول میں تعلیم دی جاتی ہے جس کی وجہ سے کئی لڑکے اُس ماحول سے مایوس ہوکر سوسائٹی میں ناجائز طریقوں سے مثلاً جرائم کر کے اپنی مردانگی دکھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ مزید برآں 1970ء کے بعد سے جیسے جیسے امریکہ میں مخلوط تعلیم کے اسکولوں میں اضافہ ہوا ہے اسی طرح نوجوان کی خودکشی کرنے کی شرح میں بھی 3 گنا اضافہ ہوا ہے۔

Co-education میں جب ٹیچر یہ دیکھتے ہیں کہ لڑکے لڑکیوں کے مقابلے میں ایک جگہ ٹک کر بیٹھ کر پڑھائی نہیں کر سکتے تو انہیں توجہ مرتکز نہ کر سکنے کی بیماری (Attention Deficit Syndrome) کا مریض قرار دے کر انہیں (Ritalin) دوائی دینا شروع کر دیتے ہیں جبکہ ایسی صورت میں پاکستان کے کو ایجوکیشن سکولوں میں ایسے لڑکوں کی جانوروں کی طرح پٹائی کی جاتی ہے۔ امریکہ جو اس وقت مخلوط تعلیم کا امام ہے (اور پاکستان کا حاکم طبقہ جس کی ہر ادا کا غلام) وہاں پوری دنیا کی 80% رائٹیلین (Ritalin) بچوں کو "ADS" کا مریض قرار دے کر استعمال کروائی جاتی ہے حالانکہ یہ بیماری حقیقت میں بچوں میں نہیں بلکہ تعلیمی نظام میں ہے۔

Marfat.com

## غیر مخلوط تعلیم کی کامیابی کا عملی ثبوت:

جن لوگوں نے زمانے کی ٹھوکریں کھانے کے بعد اب اسلام کے غیر مخلوط نظامِ تعلیم (Signle-Sex Educational System) کو آزمایا ہے انہوں نے اِس کے ثمرات کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ امریکہ کی ریاست واشنگٹن کے شہر سیاٹل (Seattle) کے ایک اسکول کے پرنسپل بینجمن رائٹ نے اپنے اسکول کو جو پہلے Co-Education پر مبنی تھا تبدیل کر کے غیر مخلوط کلاسز اسکول بنا دیا یعنی لڑکوں اور لڑکیوں کی کلاسیں علیحدہ علیحدہ کر دیں۔ مسٹر رائٹ نے بتایا کہ پہلے مخلوط تعلیم کے ماحول میں ہم اساتذہ کا زیادہ وقت لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان ہونے والے چھیڑ چھاڑ کے مسائل سلجھانے میں لگتا تھا' اب غیر مخلوط ماحول میں ہم فی الحقیقت بچوں کو علم سکھا رہے ہیں۔ 2002ء میں ریاست واشنگٹن میں ہونے والے امتحانات میں ہمارے سکول کے لڑکے جو پہلے مخلوط تعلیم کی وجہ سے 10 فی صد نمبر لیتے تھے اب اُن کے سکور 73 فی صد تک پہنچ گئے ہیں اور یہ حیران کن کامیابی ہے۔

جمیکا' امریکہ کے قریب واقع ایک ملک ہے وہاں پر غیر مخلوط تعلیم عام ہے۔ وہاں پر ایک سروے کے مطابق کالجوں میں لڑکیاں حساب اور سائنس میں اُن لڑکیوں سے زیادہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتی ہیں جو لڑکیاں جمیکا کے Co-education کالجوں میں زیرِ تعلیم ہیں۔ اسی طرح کی تحقیق لاری اور براؤن نے 284 طالبعلموں پر برطانیہ میں کی جو کہ (British Journal of Education Psychology) کے 1992ء کے شمارے میں چھپی۔

جولائی 2003ء میں آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں تعلیم کے ماہرین کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی تھی جس میں سنگل سیکس سکولوں کی اہمیت کے حق میں دلائل پیش کیے گئے تھے۔ اِس کانفرنس میں ڈاکٹر بروس کوک' جو کہ گولڈ کوسٹ کے ساؤتھ پورٹ کے سکول کے پرنسپل بھی ہیں' نے مجمع کو اپنا تجربہ اور مشاہدہ بتایا کہ غیر مخلوط اسکولوں

Marfat.com

سے پڑھے ہوئے لڑکے مستقبل میں زیادہ اچھے شوہر ثابت ہوتے ہیں کیونکہ اسکول اور کالج میں لڑکیوں کی ساتھ موجودگی نہ ہونے کی وجہ سے انہیں اپنے اوپر مردانگی کا مصنوعی خول نہیں چڑھانا پڑتا۔

اسی طرح مشہور مغربی مؤرخ سٹیون ملیز (Steven Millies) نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ وہ ایک شرمیلی طبیعت کا انسان تھا اور چونکہ وہ غیر مخلوط اسکول میں گیا اِسی لیے اُس کی صلاحیتیں نکھر سکیں اور بالآخر اُس نے تاریخ میں پی ایچ ڈی حاصل کی۔

کینیڈا کے صوبے مانٹریال کے سب سے بڑے اخبار (The Montreal Gazette) میں اکتوبر 1999ء میں ایک رپورٹ شائع ہوئی تھی جس کا عنوان تھا: "Let's separate boys, girls in classes" اس رپورٹ میں صوبہ کیوبیک کی تعلیمی کونسل کی تحقیق اور حکومت کو سفارش کا ذکر تھا کہ مخلوط تعلیم ختم کی جائے اور دوبارہ اسکولوں کو ویسا ہی بنایا جائے جیسے وہ 1940ء کی دہائی تک تھے جب اسکولوں میں لڑکوں لڑکیوں کے داخلے کے دروازے بھی علیحدہ تھے۔ اس تعلیمی کونسل کی سربراہ ایک خاتون سیلین پیئر (Celine Pierre) نامی ہے اور اس کے الفاظ ہیں:

> ''اِس بات کا ثبوت وافر مقدار میں موجود ہے کہ لڑکے اور لڑکیاں
> بالکل مختلف انداز میں علم حاصل کرتے ہیں۔''

سیلین نے مزید کہا کہ تعلیم غیر مخلوط (Separate) ہونی چاہیے وگرنہ لڑکے اور لڑکیاں دونوں پڑھائی میں کمزور ہوتے چلے جائیں گے اور اِس کا خمیازہ مستقبل میں کیوبیک کے معاشرے کو بھگتنا پڑے گا۔

قصہ مختصر یہ کہ مخلوط تعلیم فطرت کے بھی خلاف ہے اور اسلام کے بھی خلاف' اقبالؒ کا اشارہ شاید مخلوط تعلیم ہی کی طرف تھا جب انہوں نے کہا تھا۔

Marfat.com

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن
کہتے ہیں اُسی علم کو اربابِ ہنر موت

# شیطانی روشنی بمقابلہ رحمانی روشنی

ہر انسانی بچہ ''فطرت'' پر پیدا ہوتا ہے اور وہ مسلمان ہوتا ہے۔ صحیح مسلم کی حدیث میں حضورؐ نے فرمایا:

''ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اُس کے ماں باپ اُسے یہودی، عیسائی یا مجوسی بنا لیتے ہیں۔''

(صحیح مسلم)

''فطرۃ'' عربی کا لفظ ہے۔ امام راغب اصفہانی رحمتہ اللہ علیہ ''مفردات القرآن'' میں اس لفظ کی تشریح میں لکھتے ہیں:

''فطرۃ سے اُس معرفتِ الٰہی کی طرف اشارہ ہے جو تخلیقی طور پر انسان کے اندر ودیعت کی گئی ہے لہٰذا فطرۃ اللہ سے مراد معرفتِ الٰہی کی استعداد ہے جو انسان کی جبلت میں پائی جاتی ہے۔''

چنانچہ اِس کی تشریح میں امام راغب اصفہانی قرآن کی آیت پیش کرتے ہیں:

فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۝

(سورہ الروم: آیت 30)

ترجمہ: اور خدا کی فطرت کو جس پر لوگوں کو پیدا کیا اختیار کیے رہو۔

اسی طرح سورۃ یسین میں بستی کے قصے میں جس شخص کو اس کی قوم نے شہید کر دیا تھا اُس شخص نے اپنی قوم سے کہا تھا:

وَمَالِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

(سورۃ یٰسین: 22)

Marfat.com

ترجمہ: آخر کیوں نہ میں اُس ہستی کی بندگی کروں جس نے مجھے فطرتِ سلیم پر پیدا کیا اور جس کی طرف تم سب کو پلٹ کر جانا ہے۔

انگریزی زبان میں لفظ ''فطرۃ'' کا متبادل لفظ (Primordial Nature) ہے۔ عیسائیت کے عقیدے کے مطابق ہر انسان گناہ (Original Sin) کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے برخلاف اسلام کے مطابق ہر بچہ فطرتِ سلیم کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ پھر ماحول کے بُرے اثرات اُس پر پہلے اپنا رنگ اور پھر زنگ چڑھا دیتے ہیں۔

مسلمان فلسفی ابنِ طفیل (المتوفی 1185ء) نے کئی صدیاں پہلے ایک ناول لکھا تھا جس کا عنوان تھا ''حیی بن یقظان'' اُس ناول میں ابنِ طفیل نے ایک بچے کے متعلق بتایا جس کو سمندر کی لہروں نے ایک جزیرے پر پہنچا دیا تھا جبکہ اُس کے ماں باپ طوفان میں ڈوب گئے تھے۔ اُس بچے کو ایک ہرنی نے دودھ پلایا اور اُس نے دنیا سے کٹ کر پرورش پائی۔ جب وہ بچہ جوان ہوا تو اُس نے اپنی ''فطرۃ'' کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے اللہ کی مخلوقات کا مطالعہ کیا اور بالآخر وہ اس نتیجہ پر پہنچا کہ اِس کائنات کا خدا ایک ہے جو اس کا خالق و مالک ہے۔ یہ دلچسپ بات ہے کہ انگریز مفکر De-Foe نے اپنے ناول "Robinson Cruso" کا تمام تر پلاٹ ابنِ طفیل کے ناول سے اخذ کیا تھا اور اس بات کا اعتراف مؤرخ فلپ حتی نے ''تاریخِ عرب'' میں کیا ہے۔

آج بھی آسٹریلیا کے وحشی قبائل (Aboriginals) جو دنیا سے کٹے ہوئے ہیں اُن کی ''فطرۃ'' محفوظ ہے اور اُن میں فطرت والی صفات یعنی ڈاڑھی رکھنا، ناخن ترشوانا، وغیرہ موجود ہیں۔

شیطان کو انسان کی فطرتِ سلیم ایک آنکھ نہیں بھاتی۔ جب شیطان کو جنت سے نکلنے کا حکمِ خداوندی ہوا تو اُس نے اللہ تعالیٰ سے برملا کہا:

Marfat.com

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ

(سورۃ النساء: 119)

ترجمہ: اور میں اُنہیں حکم دوں گا اور وہ میرے حکم سے خدائی ساخت (فطرت) میں ردّوبدل کریں گے۔

یہی وجہ ہے کہ دجالی نظام کا نشانہ انسانی فطرت ہوتی ہے جس کو وہ تباہ کر کے رکھ دیتا ہے۔ یہ نظام بچے سے اس کا بچپن چھین کر اُس کو بہت جلد بالغ کر دیتا ہے۔ عورت کو اُن خدمات سے منحرف کر کے جو فطرت نے اُس کے سپرد کی ہیں' اُسے تمدن کے اُن شعبوں میں گھسیٹ لاتا ہے جن کے لیے مرد کو پیدا کیا گیا ہے۔ مرد سے اُس کی قوامیت اور حاکمیت کی صفات چھین کر اُس کو بے غیرت اور روپے کا غلام بنا دیتا ہے۔ غرض کہ آج کل گھر کا ماحول چاہے اسلامی ہو لیکن ٹی وی' کیبل' ڈش اور انٹرنیٹ نے دجال کے ایجنٹوں کے طور پر گھر گھر میں گھس کر انسانوں کی فطرتِ سلیم کو تباہ کر دیا ہے۔

## انسان میں روشنی کی فطری طلب:

انسان جسے خاک سے پیدا کیا گیا ہے اُس کے اندر اللہ نے روشنی کے لیے فطری کشش رکھ دی ہے۔ اسی لیے انسان اندھیروں سے گھبراتا ہے۔ امریکی سائنسدان جان این آٹ (John N. Ott) نے اپنی کتاب (Health and Light) میں سائنسی تجربات سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ روشنی انسان کے وجود کے لیے لازمی شے ہے اور روشنی کی حیثیت انسان کے لیے خوراک کی طرح ہے۔ جان آٹ کے مطابق جس طرح بُری خوراک ہمیں بیمار کر دیتی ہے اُسی طرح غلط قسم کی روشنی بھی ہماری صحت پر بُرے اثرات مرتب کرتی ہے۔ یہ عام مشاہدے کی بات ہے کہ شام کو غروبِ آفتاب کا وقت انسان کے لیے اداسی اور نفسیاتی بے چینی کا وقت ہوتا ہے اسی لیے ڈپریشن کے مریضوں کو شام کے وقت روشنی میں رہنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ قرآن نے غروبِ آفتاب کے وقت کی اداسی کا علاج اللہ کی تسبیح و ذکر بتایا ہے:

Marfat.com

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ

(سورۃ ق: 39)

ترجمہ: اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کرتے رہو طلوعِ آفتاب اور غروبِ آفتاب سے پہلے۔

اللہ نے انسان میں روشنی کی محبت اس لیے رکھی ہے کہ مٹی سے بنے ہوئے انسان کا دل اللہ سے محبت کرے کیونکہ قرآن کے مطابق:

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْض ○

(سورۃ النور: 35)

ترجمہ: اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔

انسان کے خمیر میں روشنی کی محبت رکھنے کا مقصد یہ بھی ہے کہ وہ رحمانی روشنی (Divine Light) یعنی وحی الٰہی سے استفادہ کر کے راہِ راست پر آئے۔

شیطان کو انسان کی اِس کمزوری کا علم تھا۔ اس لیے بیسویں صدی میں اُس نے انسان پر شیطانی روشنی کا وار کیا جو ایسا کارگر ثابت ہوا کہ اُس نے ہر گھر میں فتنہ پھیلا دیا۔ حضورؐ نے فرمایا تھا۔

"فتنہ دجال اتنا سخت ہوگا کہ تاریخِ انسانی میں اس سے بڑا فتنہ نہ کبھی ہوا نہ آئندہ ہوگا۔"

(طبرانی۔ ابن ماجہ)

دجال کے ایجنٹوں نے جھوٹی روشنی کا سہارا لے کر انسانوں کی فطرتِ سلیم پر وار کیا۔ یہ انسان کی روشنی (Light) سے محبت کا نتیجہ ہے کہ لوگ ٹی وی، کیبل، ڈش یا کمپیوٹر کے سامنے بالکل ہپناٹائز ہوجاتے ہیں، بالخصوص بچے تو پلک بھی مشکل سے جھپکتے ہیں۔ اِس حالت کو ماہرین نفسیات (Passive Receptive Mode) کہتے ہیں جس میں انسان کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت بالکل ماؤف ہوجاتی ہے اور اُسے جو کچھ گندگی پیش کی جائے اس کا ذہن اُس بلاچوں و چرا قبول کر لیتا ہے۔ اسی

Marfat.com

چیز کو (Introduction) کہا جاتا ہے۔ اسی لیے آج ٹی وی اور انٹرنیٹ کو پروپیگنڈے کے آلے کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔

## شیطانی روشنی مستعار ہوتی ہے:

شیطان کو آگ سے تخلیق کیا گیا ہے۔ آگ کی روشنی اپنی نہیں ہوتی ہے۔ آگ کو جلنے اور روشنی پیدا کرنے کے لیے کسی ماٰخذ (Source) کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے برعکس رحمان کی روشنی (وحی اور ہدایت) کو کسی ماخذ (Source) کی حاجت نہیں ہوتی کیونکہ یہ Direct اللہ کی طرف سے ہوتی ہے۔ رحمانی روشنی اپنی ذات میں اصل ہوتی ہے۔ اُس میں کوئی فریب یا دجل نہیں ہوتا۔ اسی روشنی کے متعلق ارشادِ ربانی تعالیٰ ہے:

قَدْ جَآءَ كُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتَابٌ مُّبِيْنٌ ۝

(سورہ المائدۃ: 15)

ترجمہ: اللہ کی طرف سے تمہارے پاس (حق کی) روشنی آچکی اور ایک ایسی کتاب آچکی جو روشن کتاب ہے۔

اِس مادی ترقی کے دور میں شیطان نے انسان کو اپنی دجالی روشنی یعنی ٹی وی اور کمپیوٹر سے گمراہ کرنا شروع کردیا۔ اگر غور کریں تو ٹی وی اور کمپیوٹر سے روشنی کی جو شعاعیں نکلتی ہیں وہ آگ کی طرح کسی دوسرے ماٰخذ (Source) پر انحصار کررہی ہوتی ہیں۔ یعنی بجلی پر۔ گو کہ بظاہر انسان کو ایسا نظر نہیں آتا۔ اسی چیز کو ''دجل'' (دھوکہ) کہتے ہیں۔ انسان اس شیطانی روشنی کی طرف Attract ہوکر اپنی فطرۃ کو تباہ کر بیٹھتا ہے اور رحمانی روشنی یعنی قرآن اور حدیث کی روشنی سے محروم رہ جاتا ہے۔

## تصویر کا اصل رُخ:

امریکی محقق جان این آٹ نے اپنی کتاب "Health and Light" (مطبوعہ نیویارک 1977ء) میں ایسے سائنسی تجربات بیان کیے ہیں جو اُس کی

Marfat.com

ریسرچ ٹیم نے پودے کے بیجوں (Bean Plant Seeds) اور چوہوں پر ٹی وی کی شعاعوں کے اثرات کے متعلق کیے تھے۔ اس کی تحقیقات کے مطابق جن پودوں کے بیجوں کو ٹی وی کے سامنے رکھا گیا تھا اُن کی نشوونما اور پتوں کے سائز انتہائی غیر متوازن ہوگئے بہ نسبت اُن بیجوں کے جن کو ٹی وی کی شعاعوں سے دور رکھا گیا۔ اِسی طرح چوہوں کے پنجرے کے پاس ٹی وی سیٹ رکھ کر چوہوں کی نشوونما (Growth) پر ٹی وی کی شعاعوں کے مضر اثرات کو جانچا گیا تو یہ مشاہدہ کیا گیا کہ چوہے پہلے بہت متحرک ہوگئے اور پھر آہستہ آہستہ سست پڑتے گئے اور پھر وہ تمام چوہے دس سے بارہ دنوں بعد مر گئے۔

جب جان آٹ کی لیبارٹری نے اُن مرے ہوئے چوہوں کے دماغوں کو خوردبین میں جانچا تو اُن کے دماغوں کے ٹشوز کو Damage پایا۔

24 اپریل 1970ء میں امریکی صحافی بین فنک (Ben Funk) کا مضمون بعنوان "The Battle Against TV Radiation" ایسوسی ایٹڈ پریس میں چھپا تھا۔ اُس مضمون میں فاضل صحافی نے ٹی وی سے نکلنے والی خطرناک شعاعوں کے نقصانات پر قلم اٹھایا تھا۔ اُس نے سائنسدان ڈاکٹر یومانز (Dr. H.D. Youmans) ٹیوب سے نکلنے والی شعاعیں بہت شدید اور زیادہ انرجی کرتی ہیں اور آنکھوں اور Bone Marrow میں داخل ہوجاتی ہیں۔'' ہم یہ جانتے ہیں کہ خطرناک شعاعوں کے Bone Marrow پر اثرات کے نتیجے میں انسانوں کو خون کے کینسر جیسی بیماریاں ہوتی ہیں۔ غور کیجیے تو یہی نقصانات آج کمپیوٹر اور ویڈیو گیمز سے نکلنے والی شعاعوں سے مرتب ہوتے ہیں۔

اسی طرح سائنسی تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ حاملہ عورتیں جو کمپیوٹر پر زیادہ دیر تک بیٹھتی ہیں ان کا اسقاطِ حمل (Miscarriage) ہوجاتا ہے۔

Marfat.com

## والٹ ڈزنی کے کارٹونوں کا اصل پیغام:

دجالی روشنی کے زہریلے اثرات میں سے ایک یہ ہے کہ وہ بچوں کے جنسی جذبات کو اجاگر کر کے اُن کو جلد جوان کر دیتی ہے اور اس طریقے سے دجال کے ایک آنکھ والے ایجنٹ یعنی ٹی وی، کمپیوٹر، انٹرنیٹ، کیبل، ڈش وغیرہ بچوں کی فطرتِ سلیم کو مسخ کر دیتے ہیں۔

آج دنیا میں والٹ ڈزنی (Walt Disney) کے نام سے کون واقف نہیں۔ اُسے شیطان کے ایجنٹوں نے ''بچوں سے محبت کرنے والا'' (Lover of Children) کے نام سے بھی مشہور کیا ہوا ہے لیکن بہت کم لوگ اس بات سے واقف ہیں کہ Touchstone Productions نامی مشہور فلمی کمپنی جو کہ عریاں فلمیں (Pornographic Movies) بناتی ہے اُس کا مالک بھی والٹ ڈزنی ہی ہے۔ اس پس منظر میں یہ کوئی اچنبھے کی بات نہیں کہ والٹ ڈزنی کی ''بچوں سے محبت'' کے اندر دراصل جنسی بے راہ روی اور والدین سے بغاوت کا درس پوشیدہ ہوتا ہے۔ اگر ہم غور کریں تو والٹ ڈزنی کمپنی کی شہرۂ آفاق کارٹون فلمیں جن کے نام سے پاکستان کے اکثر بچے واقف ہیں مثلاً Lion King 2' Little Mermaid' Aladin اور Tarzan وغیرہ تو اُن کا ایک ہی درس ہے کہ اگر لڑکی معاشرے کی روایات سے بغاوت کر کے اور والدین کی پسند کے خلاف لَو میرج رچا لے تو یہ کوئی بُری بات نہیں۔ مزید یہ کہ اگر لڑکی کا باپ اُس باغیانہ شادی پر ناراض ہو گیا تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ بالآخر وہ لڑکی اور لڑکے کو معاف کر دے گا اور معاشرہ بھی انہیں قبول کر لے گا۔ ڈزنی کے کارٹونوں کے معیار بھی بے پناہ پیسہ خرچنے کی وجہ سے اِتنا بلند ہوتا ہے کہ یہ کارٹون دیکھنے کے بعد بچوں کو ٹی وی کے عام دام کارٹون (جن میں عشق اور بے حیائی کا درس نہیں ہوتا) پسند ہی نہیں آتے اور بچے والٹ ڈزنی کی شیطانی روشنی پر اصرار کرتے ہیں۔

Marfat.com

لوئس ممفرڈ (Lewis Mumford) امریکہ کا ایک عظیم مفکر گزرا ہے۔
اُس نے اپنی کتاب "The Pentagon of Power" میں 1960ء میں یہ پیشین گوئی کی تھی کہ جب کمپیوٹر ایجاد ہو جائے گا تو لوگ خدا کو زمین پر لے آئیں گے (اُس وقت کمپیوٹر کی ایجاد انتہائی ابتدائی مراحل میں تھی) لوئس ممفرڈ نے یہ بات تنبیہہ کے طور پر کہی تھی یعنی جب گھر گھر کمپیوٹر اور انٹرنیٹ عام ہوا تو لوگ خدا سے غافل ہو گئے اور ایک آنکھ والے دجال یعنی کمپیوٹر اور ٹی وی کو اپنا خدا بنا لیا۔ حضورؐ نے چودہ سو سال پہلے فرمایا تھا: ''دجال لوگوں سے کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں' حالانکہ وہ کانا ہوگا اور (ظاہر ہے کہ) تمہارا رب کانا نہیں۔''

(ابن ماجہ۔ احمد۔ حاکم)

لوگوں نے دجال کے ایجنٹوں کی شیطانی روشنی کو وحی الٰہی کی رحمانی روشنی سمجھا۔ اللہ نے قرآن میں حکم فرمایا کہ طلوعِ شمس اور غربِ شمس سے قبل اللہ کا ذکر و تسبیح کرو اور نماز قائم کرو لیکن آج جو لوگ ٹی وی یا کمپیوٹر کی شیطانی روشنی کے سامنے بیٹھے ہوں انہیں اِس چیز کی خبر ہی نہیں ہوتی کہ یہ مغرب کا وقت ہے یا فجر کا۔

اب تو حال یہ ہوگیا ہے کہ ہوائی جہازوں' ٹرینوں حتیٰ کہ گاڑیوں میں ٹی وی لگ گئے ہیں اور لوگ سفر میں بجائے اللہ کا ذکر کرنے کے ٹی وی دیکھنے میں مشغول ہوتے ہیں اور حادثے کی صورت میں اِسی حالت میں جان دے دیتے ہیں۔ اب وہ آیت کہ

اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْن

ترجمہ: یعنی میری نماز' میری قربانی' میرا مرنا اور میرا جینا اللہ کے لیے ہے)

کی بجائے لوگوں کا مرنا اور جینا شیطانی روشنی کے لیے ہوگیا ہے۔

انگلینڈ کے ایک یہودی عالمِ کاہن سے' جو اپنی یہودی کیمونٹی کو ٹی وی دیکھنے سے منع کرتا تھا' جب اخباری نمائندوں نے پوچھا کہ وہ ایسا کیوں کرتا ہے تو اُس نے

Marfat.com

وہ جواب دیا۔ اُس یہودی عالم نے کہا: ''ہم گھر کی نالی کی گندگی کو اپنے لوگوں کے ذہنوں کے اندر داخل ہونے نہیں دے سکتے۔''

پچھلی صدی میں جب تک شیطانی روشنی منظرِ عام پر نہیں آئی تھی تو اُس وقت انگریزی کی مثل مشہور تھی:

"Those who pay together, stay together".

ترجمہ: جو عبادت ساتھ کرتے ہیں اُن میں اتفاق رہتا ہے۔

یہ اُس وقت کی بات ہے جب خدا کی عبادت کو اہمیت حاصل تھی۔ اب جب سے لوگوں نے دجال کے ایجنٹوں کو خدا بنایا ہے تو یہ نعرہ بلند ہوا ہے:

"TV brings the family together".

ترجمہ: ٹی وی فیملی کے افراد کو قریب لاتا ہے۔

اس نعرے کو بیسویں صدی کا سب سے بڑا جھوٹ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ امریکی ماہر نفسیات ڈاکٹر جیمس گاربارینو نے بگڑے ہوئے بچوں پر طویل تحقیق کے بعد اپنی کتاب "Lost Boys" میں لکھا ہے کہ کچھ لوگوں میں یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ ٹی وی فیملی کو یکجا کرتا ہے حالانکہ تجربے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ بات صریحاً غلط ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ''فطرتِ سلیم'' یا بالفاظِ سادہ تر ''فطرتِ ابراہیمی'' کی حفاظت اور پرورش ایک مشکل کام ہے لیکن اس کی افزائش وحی الٰہی اور سنت رسولؐ کی رحمانی روشنی سے ہی کی جاسکتی ہے۔ بقول اقبال:

براہیمی نظر پیدا بڑی مشکل سے ہوتی ہے
ہوس چھپ چھپ کے سینوں میں بنالیتی ہے تصویریں

## ویلنٹائن ڈے

### بت پرست رُومیوں کا تہوار:

قوموں کی غلامی میں سب سے خطرناک قسم ذہنی غلامی ہے۔ اِسی کے متعلق اقبالؒ نے فرمایا تھا:

Marfat.com

تھا جو نا خوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

آج مسلمانوں میں جو غیر اسلامی رسومات پھیل رہی ہیں اُن میں سب سے قوی محرک مغرب کی ذہنی غلامی ہے جو مسلمانوں کے دل و دماغ پر مسلط ہے۔ البرٹ میمی (Albert Memmi) نے جو تونس کا ایک یہودی مصنف ہے اپنی کتاب "The Colonizer & The Colonized" (غالب قوم اور مغلوب قوم) مطبوعہ امریکہ 1991ء) میں انتہائی گہرائی میں اُن نفسیاتی عوامل کا ذکر کیا ہے جو ایک مغلوب قوم میں احساسِ کمتری کی وجہ سے اثر انداز ہوتے ہیں۔ وہ مغلوب قوم کے باشندوں کے بارے میں لکھتا ہے کہ چونکہ وہ غالب قوم سے ذہنی طور پر مرعوب ہوتے ہیں اور اُس پر رشک بھی کرتے ہیں اِس لیے اُنہیں اپنے آقاؤں کی نقل کرنے میں ذہنی تسکین ہوتی ہے کیونکہ اُنہیں اپنے آقاؤں میں قوت اور اقتدار نظر آ رہا ہوتا ہے۔ آج پاکستان کے مسلمان نوجوانوں میں جو غیر اسلامی (بلکہ بت پرستانہ) رسومات پائی جاتی ہیں اُن میں سے ایک رسم 14 فروری کو ویلنٹائن ڈے (Valentine Day) منانا ہے۔ یہ بیماری پاکستان میں پچھلے پانچ سالوں میں طاعون اور ہیضے کی وبا کی سی تیزی سے پھیلی ہے۔ ٹی وی ڈراموں، میوزک شوز، کیبل، ڈش، انٹرنیٹ گپ شپ (Chatting) اور سیل فونوں کی بدولت ویلنٹائن ڈے کی بیماری نے پاکستان کے بڑے شہروں سے نکل کر قصبوں اور دیہاتوں تک کے نوجوان لڑکوں لڑکیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

ویلنٹائن ڈے کی تاریخ:

عیسائیوں کے اکثر تہواروں کی طرح ویلنٹائن ڈے کی جڑیں بھی بُت پرست رُومیوں تک پہنچتی ہیں۔ قدیم روما میں نوجوان لڑکوں لڑکیوں کا ایک تہوار منایا جاتا تھا۔ اِس تہوار میں کنواری لڑکیاں محبت کے خطوط لکھ کر ایک بہت بڑے گلدان میں ڈال

Marfat.com

دیتی تھی۔ اُس کے بعد محبت کی اِس لاٹری میں سے رُوم کے نوجوان لڑکے اُن لڑکیوں کا انتخاب کرتے جن کے نام کا خط لاٹری میں اُن کے ہاتھ آیا ہوتا۔ پھر وہ نوجوان لڑکے لڑکیاں کورٹ شپ (Courtship) کرتے یعنی شادی سے پہلے آپس میں ہم آہنگی (Understanding) پیدا کرنے کے لیے ملاقاتیں کرتے۔ Webster's Family Encyclopedia (مطبوعہ امریکہ 1987ء) کے مطابق عیسائیت کے مذہبی رہنماؤں نے اِس مشہور بت پرست رسم کو ختم کرنے کی بجائے اِسے سینٹ ویلنٹائن ڈے کے تہوار میں بدل دیا۔ علاوہ ازیں انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار کے مطابق سینٹ ویلنٹائن (جس کی وفات 269 عیسوی میں ہوئی) کی زندگی کا اِس تہوار یا جو کچھ اِس تہوار میں کیا جاتا ہے اُس سے کوئی تعلق نہیں۔

## اسلام میں شادی سے پہلے کے تعلقات کی اجازت نہیں:

اسلام میں کورٹ شپ کی اجازت نہیں۔ اسلام میں جہاں آزاد شہوت رانی حرام ہے وہاں چوری چھپے آشنائیاں بھی حرام ہیں۔ (حوالے کے لیے دیکھیں سورۃ النساء: آیت 25)

اسلامی تعلیمات کے مطابق لڑکی لڑکے کا جب تک نکاح اور رخصتی نہ ہوجائے وہ ایک دوسرے کے لیے نامحرم ہی رہتے ہیں۔ صرف منگنی انہیں محرم نہیں بناسکتی۔ یہ جو ٹی۔ وی ڈراموں میں دکھایا جاتا ہے کہ منگنی کے بعد لڑکے لڑکی ٹیلی فون پر رابطے کرتے ہیں' تنہائیوں میں ملتے اور عشقیہ گفتگو کرتے ہیں' پارکوں اور دریاؤں کے کنارے' کھلی فضا میں پکنک مناتے ہیں یا کاروں میں تنہا سیر و تفریح کرتے ہیں' ویلنٹائن ڈے پر محبت بھرے کارڈز کا تبادلہ کرنا یا چاکلیٹیں وغیرہ دینا یہ سب اسلامی شریعت کی رُو سے حرامِ مطلق ہے اور غیر مسلم قوموں کی نقالی ہے۔ حضورؐ نے فرمایا:

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ

ترجمہ: جو کسی قوم کی نقالی کرتا ہے وہ اُسی میں سے ہوتا ہے۔ (ابوداؤد)

Marfat.com

دوسری حدیث میں حضورؐ نے اسلامی کلچر کی سب سے بڑی خصوصیت ''شرم و حیا'' بتائی ہے۔

اِنَّ لِکُلِّ دِیْنٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَیَاءُ.

(موطا امام مالک)

ترجمہ: ہر دین کا ایک اخلاق ہوتا ہے اور اسلام کا اخلاق حیاء ہے۔

لفظ ''حیاء'' کا مادہٗ اصل عربی زبان میں ''حیات'' ہے جس کا مطلب ''زندگی'' ہے یعنی امتِ مسلمہ کی زندگی ''شرم و حیا'' سے ہے اور بے حیائی میں مسلمان قوم کی موت ہے۔ ایک اور حدیث میں رسول اللہؐ نے تنبیہہ فرمائی:

اِذَا لَمْ تَسْتَحِیْ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ.

(بخاری)

ترجمہ: اگر تم حیا نہ کرو تو جو چاہو کرو۔

اسلام فطرتِ انسانی کے عین مطابق مذہب ہے۔ اسلام غیرمحرم مردوں عورتوں کے شادی سے باہر کے تعلقات کی اجازت نہیں دیتا کیونکہ کورٹ شپ یا لڑکی لڑکے کی شادی سے پہلے کی دوستی میں وہ دونوں ایک دوسرے کو اپنی زندگیوں کے صرف روشن پہلو ہی دکھاتے ہیں۔ ایسے آزادانہ ماحول میں سب سے زیادہ گھاٹا عورت کو ہوتا ہے کیونکہ بقول ڈاکٹر بلال فلپس (Bilal Philips) (کینیڈا کے نو مسلم عالمِ اسلام):

> ''عورتیں معاشرے کا جسمانی لحاظ سے کمزور حصہ ہوتی ہیں اور مرد مضبوط۔ جب بھی مضبوط اور کمزور کا آزادانہ میل جول ہوگا تو مضبوط کمزور کا استحصال کرے گا۔''

## جدید ٹیکنالوجی سے بے حیائی میں اضافہ:

آج ٹی۔ وی ڈراموں' میوزک شوز' لچر افسانوں اور فلموں کے ذریعے

Marfat.com

نوجوانوں کے جنسی جذبات کو نہ صرف مشتعل کیا جاتا ہے بلکہ انہیں معاشقوں کے جدید ترین طریقے بھی سکھائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد نوجوان لڑکے لڑکیاں ای میل، انٹرنیٹ چیٹنگ اور سیل فون (جس کے اندر اب بے حیائی کو مزید بڑھانے کے لیے کیمرے کی سہولت مہیا کر دی گئی ہے) کے ذریعے معاشقے کرتے ہیں اور ویلنٹائن ڈے کے دن اُن کا بھرپور استعمال کرتے ہیں۔ اِسی طرح اُس دن پاکستان کے بڑے شہروں میں میوزیکل کنسرٹس منعقد کیے جاتے ہیں جو بے حیائی کا مرقع ہوتے ہیں اور اُس میں شمولیت اختیار کرنے والے لڑکوں لڑکیوں کو تلقین کی جاتی ہے کہ وہ سب سرخ قیصوں (Red Shirts) میں ملبوس ہو کر آئیں اور ایک دوسرے کے جذبات کو بھڑکائیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ عیسائی آرٹ میں سرخ رنگ کو شیطان کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے۔ خیر شیطان انسان کو اِسی بے حیائی کا درس تو دیتا ہے جس کے مظاہرے کے لیے نوجوان سرخ لباس پہن کر میوزیکل شوز میں شامل ہوتے ہیں۔

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُ كُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُ كُمْ بِالْفَحْشَاءِ○

(سورہ البقرہ: 268)

ترجمہ: شیطان تمہیں مفلسی سے ڈراتا ہے اور بے حیائی کے کاموں کی ترغیب دیتا ہے۔

## مسلمانوں کے دو ہی تہوار ہیں:

مسلمانوں کے دو تہوار ہیں جو رسولؐ اللہ کی سنت سے ثابت ہیں یعنی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔ انہی دو تہواروں پر ہمیں فخر ہونا چاہیے۔ زندہ قومیں دوسری اقوام سے تہوار مستعار نہیں لیا کرتیں۔ یہود کے بارے میں مشہور ہے وہ امریکہ میں رہتے ہوئے اپنے مذہب کی تعلیمات پر سختی سے کاربند ہیں۔ یہودی نوجوان لڑکوں لڑکیوں کو کبھی ویلنٹائن ڈے مناتے نہیں دیکھا گیا۔ تین سال پہلے یہ خبر امریکی رسالے USA Today (Feb, 14, 2003) میں چھپی تھی جس کا عنوان تھا:

"Anti-Valintine's Day activists erupt in India"

Marfat.com

یعنی "ویلنٹائن ڈے کے مخالفین انڈیا میں ظاہر ہو گئے۔" اِس مضمون میں بتایا گیا تھا کہ ویلنٹائن ڈے کے مخالفین نے بمبئی اور دیگر شہروں میں "انڈین کلچر کو بچاؤ" کے نعروں کے ساتھ کارڈ بیچنے والی دکانوں پر چھاپے مار کر ویلنٹائن ڈے کے کارڈز کو آگ لگا دی کیونکہ اُن کے مطابق یہ تہوار نوجوانوں میں جنسی آوارگی (Promiscuity) پیدا کرتا ہے۔ وہاں کی شیو سینا پارٹی کے لیڈر بال کالیسکر نے کہا: "ویلنٹائن ڈے انڈین سوسائٹی کے اخلاق اور کلچر کے خلاف ہے۔" شیو سینا کے دوسرے سیاسی لیڈر اِشور سنہہ چوہدری نے رائٹرز نیوز (Reuters) کو بغیر کسی معذرت خواہانہ انداز اختیار کیے پوری اعتمادی کے ساتھ انٹرویو میں کہا:

> "ویلنٹائن ڈے ایک فیشن بن گیا ہے۔ یہ ہمارے نوجوانوں کے کردار کو خراب (Spoil) کر رہا ہے۔"

ذرا غور کریں یہ پاکستان کا کوئی مولوی یا عالمِ اسلام نہیں بول رہا کہ ہم اُس پر "تنگ نظری" کا ٹھپہ لگا سکیں، یہ الفاظ ایک خوددار ملک کے ایک سیاست دان کے ہیں۔

## مغرب کا جنسی انقلاب اور اسلام:

مغرب میں جدید جنسی انقلاب (Sexual Revolution) کا آغاز 1960ء کی دہائی میں نوجوانوں کی تحریک حریت (Tenage Liberation Movement) کے ساتھ ہوا لیکن اُس کی جڑیں یونانی اور رومی تہذیب کی جنسی آوارگی سے جا کر ملتی ہیں۔ کیتھولک چرچ کی جنسیت کے معاملے میں سختی دراصل بت پرست رومیوں کی انتہائی شہوت رانی کے خلاف ردِعمل تھا جس کی وجہ سے وہ دوسری انتہاء کو چلے گئے جس طرح پینڈولم (Pendulum) ایک انتہاء سے دوسری انتہاء کو جاتا ہے گو کہ کئی معاملات میں عیسائیت کو سمجھوتا کرنا پڑا مثلاً انہوں نے مشرکین کی ویلنٹائن ڈے کی رسم کو برقرار رکھا البتہ اُسے اپنے ایک ولی سینٹ ویلنٹائن کے ساتھ منسوب کر کے مذہبی رنگ دے دیا۔

Marfat.com

عیسائیت کے بانی سینٹ پال (St. Paul) کو خود محبت میں ناکامی ہوئی تھی۔ نوجوانی کے دور میں جب سینٹ پال یہودی تھا اُسے یہودیوں کے ایک بہت بڑے مذہبی عالمِ دین کی بیٹی سے جو انتہائی خوبصورت تھی، عشق ہوگیا تھا لیکن اُس کی شادی ایک رومن حکمران سے کر دی گئی تو سینٹ پال نے غصے میں آ کر عیسائیت اختیار کر لی۔

(بحوالہ Jesus the Prophet of Islam مصنف: محمد عطا الرحیم اور احمد تھامسن)

غالباً اسی وجہ سے سینٹ پال نے نہ صرف کہ خود شادی نہ کی بلکہ اُس نے دوسروں کو بھی جائز ازدواجی تعلقات سے کنارہ کشی کا درس دینا شروع کر دیا۔ عیسائیوں کے دوسرے بڑے پادری سینٹ آگسٹائن (متوفی 430ء عیسوی) نے اپنی روحانی خودنوشت سوانح عمری ''the Confessions'' میں اِس بات کا اقرار کیا ہے کہ نوجوانی کے دور میں وہ طوائفوں کے پاس باقاعدگی کے ساتھ جایا کرتا تھا اور ساتھ ساتھ خدا سے دعا کیا کرتا تھا:

"Oh God! Grant me faith but not yet"

ترجمہ: اے اللہ! مجھے ایمان عطا فرما لیکن ابھی نہیں۔

پھر سینٹ آگسٹائن نے مذہبیت اختیار کی تو اُس نے جائز ازدواجی تعلقات سے بھی اجتناب کا درس دینا شروع کر دیا۔ اسی طرح سینٹ جیروم (St. Jerome) نے بڑے شدومد سے کہا کہ عیسائی عقیدے کے مطابق جو شخص اپنی بیوی سے بہت محبت کرتا ہے وہ شخص بھی بدکار ہے اور اِس نظریے کی کچھ عرصہ پہلے 1980ء میں آنجہانی پوپ جان پال دوم نے بھی تائید کی ہے۔ یہ عیسائیت کی اُنہی غیر فطری سختیوں کا نتیجہ تھا کہ بیسوی صدی میں مغرب میں جنسی انقلاب رونما ہوا اور آج میڈیا پوری دنیا میں اُسے پھیلا رہا ہے۔ اِس لحاظ سے اگر ہم ویلنٹائن ڈے کو اِس جنسی انقلاب کا جنم دن (Birthday) قرار دیں تو بے جا نہ ہوگا۔

Marfat.com

اسلام ایک فطری مذہب ہے اور مسلمان قوم کو اللہ تعالیٰ نے ''امتِ وسط'' بنایا ہے۔ سینٹ جیروم کے بیوی سے محبت کے نظریے کے برخلاف رسولِ کریمؐ نے فرمایا:

تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ

(سنن ابوداؤد۔ نسائی)

ترجمہ: تم بہت محبت کرنے والی اور بچے جننے والی عورتوں سے شادی کرو۔

اسلام رہبانیت کے خلاف ہے۔ (بخاری۔ الطبری) اسلام شادی کے خلاف نہیں بلکہ وہ واحد مذہب ہے جو شادیاں جلدی کر دینے کا حکم دیتا ہے۔ (سورہ النور۔ آیت 32) البتہ اسلام غیر فطری تعلقات کے خلاف ہے۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ شادیوں میں بے جا اسراف اور اخراجات کی وجہ سے پاکستان میں شادیوں میں انتہائی تاخیر کی جاتی ہے جس کی وجہ سے معاشرے میں بہت سی اخلاقی برائیاں جنم لیتی ہیں۔ رسولِ کریمؐ نے فرمایا ہے: ''نوجوانو! تم میں سے جو شخص شادی کر سکتا ہو اُسے کر لینی چاہیے کیونکہ یہ نگاہ کو بدنظری سے بچانے اور آدمی کی عفت قائم رکھنے کا بڑا ذریعہ ہے۔'' (بخاری و مسلم)

قرآن میں سورہ الروم میں (آیت نمبر 28) میاں بیوی کے درمیان محبت اور رحمت کا ذکر ہے اور اِس رشتے کو اللہ کی نشانی قرار دیا گیا ہے۔ قرآنی سورتوں کے ناموں میں بھی اللہ کی حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں۔ قرآن میں سورۂ الروم میں میاں بیوی کے رشتے کا ذکر ہے کیونکہ جنسی بے راہ روی کے کلچر کو پہلی مرتبہ رومیوں نے انتہا کو پہنچایا اور اب صدیوں بعد دوبارہ اِس کلچر کو اوجِ کمال تک پہنچانے والے وہ ہیں جو خود کو رومیوں کا جانشین کہتے ہیں۔ یہ ایسا کلچر ہے جو میاں بیوی کے جائز رشتے کا مخالف ہے اور ہم جنس پرستی کا درس دیتا ہے۔ نوجوانوں لڑکوں لڑکیوں کو شادی کے مقدس رشتے میں بندھنے کی بجائے ویلنٹائن ڈے جیسے تہواروں میں اخلاق باختگی کا درس دیتا

Marfat.com

ہے۔ ایسا کلچر جو ضبطِ ولادت کا درس دیتا ہے کیونکہ بچوں کی پیدائش سے میاں بیوی کا تعلق مضبوط ہو جاتا ہے۔ ایسا کلچر جس میں طوائف کی عزت ماں سے زیادہ کی جاتی ہے کیونکہ طوائف گھر سے باہر نکل کر پیسہ کماتی ہے جبکہ ماں گھر میں رہ کر بچوں کی تربیت کرتی ہے۔

## کثرت حق کا معیار نہیں ہوتی:

ہمیں اپنے اردگرد میڈیا کی ''برکات'' کی وجہ سے برائی کی کثرت سے کبھی دھوکہ نہیں کھانا چاہیے کیونکہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

قُلْ لَا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ.

(سورہ المائدہ: آیت 100)

ترجمہ: اے پیغمبرؐ ان سے کہہ دو کہ پاک اور ناپاک بہرحال یکساں نہیں ہیں خواہ ناپاک کی بہتات تمہیں کتنا ہی فریفتہ کرنے والی ہو۔

وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ○

(سورہ المائد: 49)

ترجمہ: اور یہ حقیقت ہے کہ اِن لوگوں میں سے اکثر فاسق ہیں۔

حضرت عیسیٰؑ کا قول ہے: ''نیکی کی راہ تنگ ہے اور اُس پر چلنے والے تھوڑے۔'' حق اور باطل کی پہچان کثرت نہیں بلکہ قرآن و سنت رسولؐ ہے جو چیز اِس معیار پر پوری اُترے گی وہی حق ہے۔

باطل دوئی پسند ہے حق لاشریک ہے
شرکت میانۂ حق و باطل نہ کر قبول

(اقبال)

Marfat.com

## ہم لشکر مہدی کے سپاہی کیسے بنے گے؟

خراسان کے پہاڑی دروں اور گھاٹیوں سے نکلنے والے لشکر جب اپنے ہاتھ میں کالے جھنڈوں سے بیت المقدس روانہ ہوں گے تو یہ بڑا دقت آمیز منظر ہوگا لیکن یہ کب ہوگا اس کا علم اللہ کو ہے ہم ان پیشین گوئیوں کی روشنی میں اس میدان کو ہموار کریں جس سے لشکرِ مہدی کے دستوں میں اضافہ ہو جائے۔ بس اس پوری کتاب کا لب لباب یہی ہے۔

ہر وہ شخص جو اس کتاب کا مطالعہ کرے تو ان باتوں کی دعوت زیادہ سے زیادہ دے اور اس پر عمل کریں۔

1. اطاعتِ امیر جو کہ دین میں ایک اساس ہے۔ دین کے کسی شعبے میں بھی کوئی ذمہ دار ہو تو اُس کی اطاعت واجب ہے جو لوگ امیر کی اطاعت نہیں کرتے وہ منافق کی صورت اختیار کر لیتے ہیں اور آخرکار امیر اور ذمہ دار کے خلاف پروپیگنڈا شروع کر دیتے ہیں جس سے دین کے شعبے میں توڑ پھوڑ اور فساد پیدا ہوتا ہے اس لیے لشکرِ مہدی میں شامل ہونے والوں کی اولین خصوصیت ہی یہی ہوگی۔ آج ہم اگر اطاعت کا جذبہ استعمال کریں گے تو مستقبل میں ہم اس پر عمل پیرا ہو سکتے ہیں۔ ظہورِ مہدی کے وقت دو لشکر ہوں گے لشکرِ مہدی اور لشکرِ دجال ان دونوں کا مقابلہ ہوگا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں دجال اپنے انجام کو پہنچ جائے گا۔ اللہ ہم سب کو فتنہ دجال سے بچائے اور ہمیشہ حق والوں کی اطاعت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین
2. اپنے دل کو اخلاص کی نعمت سے بھر لے اور دین کے ہر کام کو خلوصِ نیت سے کرے جس طرح آج مجاہدین اخلاص کی نعمت کی وجہ سے ہی دنیائے کفر و دجالی لشکر سے نبرد آزما ہیں۔
3. دعوتِ جہاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا جان کے ذریعے بھی اور مال کے ذریعے بھی۔

Marfat.com

4. دجالی تہذیب کے داؤ پیچ سے بچ کر رہنا چاہیے۔ اپنی زندگی کے چوبیں گھنٹوں اور سال کے 12 مہینے اسلام کی اصل تعلیمات کے مطابق گزارنی چاہیے۔

5. اپنی بیٹیوں اور بیٹوں کو مخلوط تعلیم سے بچا کر رکھیں کیونکہ آج کل کے ماحول میں جس دجالی معاشرے کی بنیاد رکھی جا رہی ہے۔ یہ ہمارے گھروں کے لیے سمِ قاتل بنتا جا رہا ہے۔

6. صبح و شام کے اذکارِ مسنونہ کا اہتمام ضروری ہے اور خاص کر مجاہدین سے وابسطہ افراد کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

ان سب پر عمل پیرا ہونے کے بعد ہم لشکرِ مہدی کے سپاہی بننے کی خصوصیات کے حامل ہو سکتے ہیں۔ اللہ ہم سب کو اس پاک لشکر میں شامل کر دے۔
(آمین)

Marfat.com

# کتابیات


☆ قرآن کریم

☆ تفسیر قرطبی...... محمد ابن احمد ابی بکر ابن فرح قرطبیؒ ابوعبداللہ

☆ سنن ابوداؤد...... سلیمان ابن الاشعث ابوداؤد السجستانی الازدیؒ

☆ سنن ابن ماجہ...... محمد بن یزید ابوعبداللہ القزوینیؒ

☆ سنن الترمذی...... محمد بن عیسیٰ الترمذی السلمیؒ

☆ صحیح البخاری...... محمد ابن اسماعیل ابوعبداللہ البخاری الجعفیؒ

☆ صحیح مسلم...... مسلم ابن الحجاج ابوالحسین القشیری النیسا پوریؒ

☆ کتاب الفتن...... نعیم ابن حماد المروزی ابوعبداللہؒ

☆ کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال...... علی بن حسام الدین المتقی الہندی

☆ دجال...... اسرار عالم دہلوی

☆ فری میسنز اور دجال...... کامران رعد

☆ فتنہ دجال...... حافظ محمد ظفر اقبال

☆ عقیدہ ظہور مہدی احادیث کی روشنی میں...... مفتی نظام الدین شامزیؒ

☆ علامات قیامت کا بیان...... محمد اقبال کیلانی

☆ علامات قیامت اور نزول...... حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ

☆ دنیا جنگوں کے دہانے پر...... محمد عبدالمجید صدیقی

☆ دجال ایک فتنہ...... انجم سلطان شہباز


Marfat.com

- ☆ دجال کون...... مفتی ابولبابہ شاہ منصور
- ☆ دجال کا لشکر بلیک واٹر...... مولانا عمر عاصم
- ☆ تیسری جنگ عظیم اور دجال...... مولانا عاصم عمر
- ☆ برمودا تکون اور دجال...... مولانا عاصم عمر
- ☆ دجال اور قیامت کی نشانیاں...... مدثر حسین سیان
- ☆ پیشن گوئیاں...... ولی کامل نعمت اللہ شاہؒ
- ☆ ہر مجدون.. ...خورشید عالم
- ☆ القاعدہ...... مقبول ارشد
- ☆ طالبان...... احمد رشید
- ☆ طالبان اسامہ اور ملا عمر...... انور حسین ہاشمی
- ☆ حزب اللہ کون...... علی صادق
- ☆ شہید اُسامہ ......عمر عزام خراسانی
- ☆ ایک آنکھ والا دجال...... ڈاکٹر گوہر مشتاق

Marfat.com


MEHDI`S ARMY &
HARMAGEDON
علیہ الرضوان
لشکرِ مہدی اور
آخری جنگِ عظیم
2012
امریکہ کی تباہی کا سال ہوگا؟
حافظ طاہر منصور

Marfat.com